ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ
بے شک یہ بڑی کامیابی ہے
طلسماتِ سلیمانی
عامل کامل قرآنی
مُرتبہ:
سائیں لعل دین قیصر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

بے شک یہ بڑی کامیابی ہے

طِلسماتِ سُلیمانی

نایاب کتابوں اور قدیم قلمی نسخوں سے پُراسرار مخفی عملیات و تعویذات کا مخزنِ عظیم دکھی انسانیت کی حاجت روائی و مشکل کشائی کے لیے آزمودہ اور پُرتاثیر ہے۔

فیضانِ نظر: حضرت زین العابدینؒ رشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مُرتبہ: سائیں لعل دین قیصر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ترتیب و تشکیلِ نو: محمد عبداللہ چشتی صابری لطیفی

مُشتاق بُک کارنر

الکریم مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور

ابتدائیہ

دورِ حاضر میں کون ایسا ہوگا جسے زندگی کے سفر کے دوران کسی نہ کسی مشکل سے واسطہ نہ پڑتا ہو، کسی پریشانی کا سامنا نہ ہوتا ہو۔ یہی مشکلات اور پریشانیاں انسان کی خوشیوں کو گہنا دیتی ہیں۔ سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتیں متاثر ہو جاتی ہیں اور بعض اوقات انسان اپنے آپ کو بہت مجبور اور بے بس پاتا ہے۔ اللہ رب العزت نے جتنے بھی علوم زمین پر اتارے ہیں ہر ایک میں اسرار و رموز رکھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہی اپنے بعض بندوں پر اس قدر فضل و کرم کیا ہے کہ ان پر علوم کے خزانے کھول دیے اور جس قدر چاہا مخفی اسرار ان پر عیاں کیے اور ان کو اس بات کی توفیق عطا فرمائی کہ وہ دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے لوگوں کو رہنمائی فراہم کرتے ہوئے سیدھی راہ دکھائیں تاکہ پریشان حال لوگ اپنی مشکلات اور مصیبتوں کے ازالے کے لیے بھٹکتے نہ پھریں۔

پریشانیوں اور مشکلات کے اس دور میں اللہ تعالیٰ کے مقدس کلام پاک سے استفادہ کر کے ہی نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ زیرِ نظر کتاب اسی ضمن میں ترتیب دی گئی ہے۔ اس میں غربت و افلاس سے نجات کے مجرب عملیات ہیں، بیماریوں سے شفا کے لیے، امتحانات اور مقدمات میں کامیابی حاصل کرنے، ادائیگی قرض، جادو ٹونے کے خاتمے، چشمِ خلائق میں معزز و محبوب ہونے، دشمن پر غلبہ حاصل کرنے، گھریلو ناچاقی کو دُور کرنے اور بچیوں کے رشتوں کے بارے میں پریشان حال لوگوں کے لیے نہایت مجرب و آزمودہ وظائف، عملیات و تعویذات

موجود ہیں۔ غرضیکہ ہر ایک مقصد میں یقینی کامیابی کے لیے کتاب ھذا بہترین وسیلہ ہے۔ کتاب ھذا اللہ رب العزت کے اسمائے حسنیٰ کے ان خواص و اثرات سے بھی مزین ہے۔ جو مشکلات اور پریشانیوں سے نجات دیتے ہیں۔

زیر نظر کتاب "طلسمات سلیمانی" میں طلسمی فالنامہ کے علاوہ اُن پر اثر طلسماتی عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے جو حاجت مند کی حاجت جلد پوری کرنے میں اپنا فوری طلسماتی اثر دکھاتے ہیں اور دل کی مراد پوری ہو جاتی ہے۔ یہ طلسمات صدیوں سے مؤثر و مجرب ہیں۔ کتاب ہذا میں قدیم یوگیوں کے منتر بھی ہیں، خفیہ باتوں کو جاننے کے طریقے بھی ہیں۔ مشکل کشائی و حاجت روائی کیلئے اس کتاب کا ہر عمل آزمودہ ہے۔ قدیم قلمی نسخوں سے استفادہ کرتے ہوئے کتاب ھذا کو مزین و مرتب کر کے ایک بہترین شکل میں مخلوق خدا کی بھلائی کے نقطۂ نظر سے پیش کیا گیا ہے۔ اس سے قبل اس طرح کے انمول و نایاب قدیمی پُر اثر عملیات و تعویذات دورِ جدید کی کسی کتاب میں موجود نہ ہیں۔ بلاشبہ کتاب ہذا عملیات کے شائقین اور پریشان لوگوں کے لیے ایک مفید و رہنما کتاب ہے۔

فہرست

وظائف پڑھنے سے پہلے کچھ ہدایات

○ ہر عمل کے پڑھنے کے واسطے یہ ضروری ہے کہ جامہ پاک ہو اور طاہر ہونا ضروری ہے۔

○ نماز کی پابندی ضروری ہے۔ اگر پابند نہ ہو تو کم سے کم چالیس دن تک متواتر نماز کی پابندی کرنا ضروری ہے۔ پھر کسی عمل کو کرنا چاہیے فوراً پورا ہوتا ہے۔

○ عمل شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت کسی سے تذکرہ نہ کرنا چاہیے۔

○ کسی جگہ پر تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پڑھنا چاہیے اور اُس جگہ کسی کو نہ آنا چاہیے۔ علیحدہ حصہ مکان میں تجویز کرے۔

○ جو اوقات مقرر کرے اُسی پر اسکو پڑھنا چاہیے۔

○ جھوٹ بولنے سے اجتناب کرنا چاہیے اور رزق حلال کھانا چاہیے۔

○ جب کوئی عمل اس کتاب کا شروع کرے اول الحمد شریف ایک مرتبہ اور ہر چہار قل ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر تمام جسم پر پھیرے۔

○ نیک کار کے واسطے عروج ماہ اور دیگر امور کے واسطے نزول ماہ میں شروع کرنا چاہیے۔

○ یکم سے ۱۴ر تاریخ تک عروج ماہ اور اس کے بعد نزول ماہ کہلاتا ہے۔

○ کسی قسم کا پرہیز ان عملیات میں ترک حیوانات وغیرہ کا نہیں ہے اور نہ کوئی خوف خطر ہے جس عمل کو چاہے شوق سے کرے عام اجازت ہے۔

استخارہ کا طریقہ

جب کوئی ضرورت مثل سفر یا حضر میں پیش آوے تو اول استخارہ کرنا ضروری ہے اُس پر عمل کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اول دو رکعت نماز نفل حضرت محبوب پاک غوث صمدانی رحمۃ اللہ علیہ کو اس کا ثواب پہنچے۔ نیت باندھے۔ اول رکعت میں سورۃ فاتحہ شریف شروع کرے اور مطلب دل میں خیال رکھے اور جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے بس اسی کو پڑھے جاوے حتیٰ کہ اگر کام ہونے والا ہوگا تو قدم اکھڑ جاویں گے اور سیدھی طرف سے الٹی طرف گھوم جاوے گا بس اسی رُخ سے قبلہ رُخ کھڑے ہو کر پوری الحمد شریف جو بقیہ رہ گئی ہے اسی کو پوری کر کے سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر رکوع سجود کر کے دوسری رکعت الحمد شریف اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر سلام پھیر دے اور بعد سلام گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت کی ارواح مطہرہ کو بخش دے اور اگر کام نہ ہونے والا ہوگا۔ بائیں طرف گھوم کر دائیں طرف سے سیدھا آ کر پوری رکعت کرے بعد سلام دس مرتبہ درود شریف پڑھ لے گویا کام نہ ہوگا ہرگز اسکی کوشش نہ کرے۔ اگر کرے گا کامیابی نہ ہوگی۔ آگے خدا کو اختیار ہے۔ عاجزی کرے اور قبول ہو جاوے۔

دوسرا آسان طریقہ ہر کام کے معلوم کرنے کا

اول ماہ کے بدھ۔ جمعرات۔ جمعہ کو غسل کر کے جامہ پاک پہن کر علیحدہ جگہ یا مسجد میں دو رکعت نماز نفل استخارہ پڑھے۔ اول رکعت میں سورہ الم نشرح سات بار

دوسری میں سورہ انا انزلنا سات بار بعد سلام سجدہ میں ایک سو ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اَسْتَخِیْرُ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پھر دو پرچہ کاغذ پر ایک پر افعل دوسرے پر لاتفعل لکھ کر پہلے سے رکھے اور اُس پر دم کر دے جو سجدہ میں پڑھا ہے۔ بعدہٗ پاک مٹی لے کر گولی بنا کر درمیان میں ہر دو گولی کے ایک ایک پرچہ رکھ کر اُن گولیوں کو ایک گھڑا لوٹا یا کوئی گہری چیز جس میں ایک بالشت سے اوپر پانی ہو گولیاں ڈال دے اور پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَا عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ سو مرتبہ پڑھے۔ گولی چرخ کھائے گی اور کاغذ اوپر آ جاوے گا۔ اگر کام ہونے والا ہوگا۔ افعل یعنی کرو اگر نہ ہونے والا ہوگا لاتفعل مت کرو معلوم ہو جاوے گا۔

کشائش رزق کے لیے

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

بعد نماز مغرب پانچ سو مرتبہ یک چلہ پڑھے قرض ادا ہوگا۔

دُعا کشائش رزق

اَغْنِنِیْ وَامْدُدُوْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ یَا اَلْفَ وَاللّٰہُ الصَّمَدُ ط

طلب حصول کیلئے

بعد نماز مغرب (۱۴۰) بار مع تین تین بار درود شریف اوّل و آخر یہ پڑھا کرے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ یَا رَزَّاقُ

فراخی رزق کے لیے

بعد نماز فجر او بعد نماز عشاء ایک ہزار ایکسو ایک مرتبہ یا باسطُ مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ کشائش رزق ہو۔

مجرب عمل

یا باسطُ بعد ہر نماز فریضہ (۲،) بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد قرض سے سبکدوشی ہو۔

فراخی رزق

یَا بَاسِطُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ

(۱۴۰) مرتبہ بعد نماز فجر یا بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء پڑھے کبھی ناغہ نہ کرے اگر ناغہ ہو جاوے قضا پڑھ کر پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ افلاس سے نجات پاوے گا۔

افلاس دُور ہو

برائے حاجات و مشکلات دور کرنے افلاس کے اس آیت شریف کو بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ بار انشاء اللہ سب کام آسان ہوں گے۔ آیت یہ ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

فراخی رزق کا مجرب عمل

یہ نقش (۲،) بروز جمعہ صرف ہفتہ میں ایک مرتبہ بوقت صبح بعد نماز تہجد لکھنا شروع کرے اور دریا میں صبح کو چھوڑ آیا کرے۔ جس روز خرچ نہ ہوگا اللہ تعالیٰ غیب سے سامان پہنچائے گا پھر پڑھنے کی ضرورت نہیں صرف ایک مرتبہ روزانہ نقش بعد اسی عمل کے بھر لیا کرے اور رکھتا جاوے اور ساتویں دن دریا میں چھوڑ دیا کرے انشاء اللہ کبھی مفلس نہ ہوگا۔

اوّل ایک ہفتہ تک روزانہ (۲،) نقش پُر کرکے رکھتا جاوے۔ ساتویں دن دریا میں چھوڑ آیا کرے۔

نوچندی جمعرات ثابت کے مہینہ سے عروج ماہ میں یہ عمل شروع کرنا چاہیے نقش یہ ہے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲		۳۰

اجابت دُعا کے سریع الاثر مجربات

یَا اَللّٰهُ

اسم ذات شریف کو بارہ بجے شب کے بعد سے تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنے سے

چالیس روز کے بعد کشف قلوب ہونے لگتا ہے مابعد اس کا ورد سخت نہایت مفید ہے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۔

اس کو اپنے نام کے عدد کے اعداد کے موافق روزانہ اتنی قدر پڑھنا قلب کو صاف اور جلا دینے میں نہایت مؤثر ہے۔ بعد فجر پڑھا کرے۔

سخت پریشانی کیلئے

کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور رہائی کی صورت نہ ہو تو ایک کاغذ پر لکھ کر ماء جاری میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہفتہ نہ گزرنے پائے گا کام پورا ہو گا۔ نہایت مجرب عمل ہے عاجز کا بارہا کا آزمودہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِیْلِ ۔ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔

اور اگر کوئی حاجت رکھتا ہو تو اس طرح لکھ کر ماء جاری میں ڈالے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مِنْ عَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلٰى رَبِّ الْجَلِیْلِ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔

اور ڈالتے وقت کہے۔

اَللّٰهُمَّ بِحَمْدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَمُحَبَّةِ الْمُرْضِیْنَ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ ۔ اور اپنی حاجت کا نام لے کامیاب ہو گا۔

سورۂ یٰسین کا ورد

سورۂ یٰسین شریف کو چاشت کے وقت پڑھے اور حاجت جو ہو خدا سے بیان کرے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت روا ہو گی۔

دلی مقاصد کا پورا ہونا

سورۃ فاتحہ شریف (۴۱ مرتبہ) درود شریف (۷ بار) اول و آخر (۷ بار) بعد نماز سنت فجر پڑھ کر دعا مانگے جو دعا مانگے گا انشاءاللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہو گا۔

درود شریف (۱۱ بار) اول و آخر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (۷۸۶) بار بعد نماز عشاء قبل وتر پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہو گا۔

بعد نماز ہمیشہ جس مراد کے واسطے پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ پوری ہو۔ جب تک پڑھ نہ لیوے بات نہ کرے۔ آیت شریف یہ ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ؕ ۱۰۰ مرتبہ

رنج و غم اور مصیبت کا دفع ہونا

بہت سی صورتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جس سے صدمہ پہنچتا ہے اُس کے دفع کرنے کے واسطے یہ عمل نہایت سریع الاثر ہے۔ ایک ہفتہ تک روزانہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھنا چاہیے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سب رنج دور ہو جائے گا۔ آیت اگلے صفحہ پر۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا ○

ترقی کا بینظیر عمل

اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر قبل نماز عصر باوضو گیارہ تسبیح روزانہ پڑھتا رہے تو انشاء اللہ سالانہ ترقی ہوگی اور اگر بے روزگار ہے روزگار ملے گا۔ آیت شریف یہ ہے۔

یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

دُعا کا قبول ہونا

اول یہ آیت ۳ مرتبہ پڑھے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

اُس کے بعد سورۂ رحمٰن شروع کرے جب اس آیت پر پہنچے

کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۚ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۚ

جب یَبْقٰی پر پہنچے ٹھہر جائے اور جو حاجت ہو اس کو مانگے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اُسی وقت دعا قبول فرماوے گا

ہمزاد کا تابع کرنا

اکثر لوگوں کو شوق ہوتا ہے کہ ہمزاد اگر ہمارے تابع ہو جائے تو ہم تمام دنیا کے کام گھر بیٹھے بیٹھے آسانی سے کرا لیا کریں صرف حکم کی دیر ہے کہ فوراً کام ہوگا۔ ہمزاد

کو تابع کرنا کوئی مشکل نہیں ہے بعد تابع ہونے کے اس قدر پریشانی بڑھ جاتی ہے کہ خود وہ مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ نیند حرام ہو جاتی ہے اور تابع کرنے والا چار چھ روز کے بعد یہ چاہتا ہے کہ خدا کرے مجھے اس بلا سے نجات مل جاوے اگر اب بھی آپ کے دل میں شوق ہے کہ ہمزاد میرا مطیع ہو جائے تو اس عمل کو کر لیجیے ایک خاص جگہ پر بیٹھ کر اول اپنا حصار آیت الکرسی شریف سے کیجیے پھر لوبان اور عطر اور مشک وغیرہ کی خوشبو اپنے پاس رکھیے اور ایک چراغ جلا کر پس پشت اپنے رکھ کر نظر اپنی سایہ چراغ پر رکھیے اور بعد نماز عشاء روزانہ خلوت میں ایک مقررہ جگہ پر (۳۶۰) مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک اس آیت کو پڑھی۔

یَا ھَمْزَادُ وَالْمُسَخَّرَاتُ بِحَقِّ یَا لَطِیْفُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَبِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔

چالیسویں دن ہمزاد بشکل انسان ظاہر ہوگا حاضر ہو کر پوچھے گا کہ کیا کام ہے۔ عامل جواب دے کہ جس وقت طلب کروں فوراً حاضر ہو اور جس چیز کی مجھ کو ضرورت ہو لاکر دو اور جو میں دریافت کروں سچ سچ بیان کرو اور جو حکم کروں اسکی تعمیل فوراً بجالاؤ وہ اقرار کرے گا۔ اور ہر حکم کی تعمیل بجالائے گا۔ یا ہمزاد کی آیت کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے اور احرام باندھ کر عمل شروع کرنا چاہیے اور روزانہ غسل کر کے خوشبو لگا کر پڑھتا رہے۔

بر سر روزگار ہونا

لڑکی کو بَر نہ ملنے کا وظیفہ

اگر آپ کو ملازمت کی تلاش ہے تو سورۂ یٰسین شریف کو اس طریقہ پر روزانہ

پڑھنا شروع کرے تھوڑا عرصہ بھی نہ گزرے گا کہ انشاء اللہ ملازم ہوگا۔

سورۃ یٰسین شریف کو پڑھنا شروع کرے اور جب (مبین) پر پہنچے تو سات مرتبہ مبین کی تکرار کرے اور پھر اول سے شروع کرے اور دوسری مبین پر پہنچ کر پھر دوسری مبین کو سات مرتبہ پڑھے اور پھر اوّل سے شروع کرے اور پھر اسی طرح تیسری مبین پر پہنچ کر سات مرتبہ تکرار کرے اور پھر اول سے پڑھنا شروع کرے۔ الغرض ساتوں مبین اسی طرح تکرار کے ساتھ پوری ہو جائیں۔ بعد اس کے پھر ایک مرتبہ اول تا آخر سورۃ پڑھ جاوے پھر دعا مانگے۔ روزانہ کسی وقت معمول کرے ایک گھنٹہ میں یہ عمل پورا ہو جاتا ہے۔ نہایت زود اثر عمل ہے۔

اگر کسی لڑکی کو بَر نہ ملتا ہو تو اسی ترکیب سے عمل پڑھنا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چند روز میں اس کو بَر مل جائے گا اور نہایت اچھے طریقہ سے شادی لڑکی کی ہو جائے گی۔

تسخیر خلائق، عزت، منزلت

پارہ قال الم[16] اقل لک ۱ع رسنگ مرمر یا چینی یا بلور کے برتن میں مشک کافور اور گلاب سے (طٰہٰ سے لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی) تک لکھ کر روغن بکائن سے دھو کر اس میں تھوڑا سا عنبر اور کافور اضافہ کر کے خوشبو بنالیں۔ وقت ضرورت پیشانی اور ابرو پر مل کر جس کے سامنے جائے گا نہایت عزت اس کی اہل مجلس کریں گے اور باوقار سمجھا جائے گا۔ اگر اس قدر موقع نہ ملے تو سب سے بہتر اور آسان تدبیر یہ ہے۔ اس آیت شریف کو جب اہل مجلس یا کسی بڑی جگہ پر پہنچے آہستہ سے اس کو پڑھ لے۔ ہر شخص عزت کی نظر سے دیکھے گا اور اپنے برابر بٹھالے گا۔

آیت اگلے صفحہ پر۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۙ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ؕ

عمل برائے محبت

ہُدہُد کے خون پر آیت الکرسی شریف ایک سو بار پڑھ کر پھر سورۂ یوسف پوری ایک مرتبہ پڑھ کر اُس خون کو جلا کر آنکھ میں مثل سرمہ کے لگائے جس شخص کی طرف از راہِ محبت دیکھے گا وہ محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔

یہ تمام عملیات جائز محبت میں کارآمد ہوں گے ورنہ بجائے کامیابی کے نقصان ہوگا۔

برائے محبت

سورۃ اخلاص ایک سو ایک بار وقت گرہن آفتاب یا مہتاب ماء جاری میں کھڑا ہو کر قبلہ رُخ ہو کر پڑھے (پانی ناف سے نیچے تک ہونا چاہیے) صرف ایک یوم کا عمل ہے۔ [illegible] ۃ اخلاص کسی وقت مقررہ پر سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ وقت ضرور [illegible] پر پڑھ کر پھونک کر جس کو دے گا وہی محبت میں دیوانہ ہو جائیگا۔

برائے حُب

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ الخ

ایک سو ایک مرتبہ بروز جمعہ ثابت یا ذوجہتین کے ماہ میں درمیان سُنت اور فرض کے پڑھ کر پھر اپنے اوپر اس کو پھونک لے۔ ایسا مسلسل سات جمعہ تک برابر کرتا رہے۔

سات ہفتہ کے بعد پھر جس کو اپنی جائز محبت پیدا کرنا ہو اس کو کسی شے پر دم کر کے کھلا دے۔ مثلاً الائچی وغیرہ پر۔ از حد محبت پیدا ہو جائے گی۔ نہایت مجرب عمل ہے۔ داکیس بار پڑھ کر الائچی وغیرہ پر دم کرنا چاہیے۔

برائے حُب

اگر میاں بیوی میں تفریق ہو اور ایک دوسرے کی نہ بنتی ہو تو سورۃ یوسف شریف پوری صرف تین مرتبہ بروز پنجشنبہ علی الصبح پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے کھلا دیجیے صرف ایک ہی روز میں محبت زوجین کے درمیان ایسی پیدا ہو جائے گی کہ آپس میں دونوں مثل شیر و شکر کی طرح رہیں گے۔

برائے محبت

قند سیاہ یا قند سفید یا پان وغیرہ پر اس آیت شریفہ کو دم کر کے یا کھانے پر دم کر کے اس کو کھلایا جاوے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فوراً محبوب ہو جائے گا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

تسخیرِ خلائق کے لیے

آیت الکرسی آیت الکرسی شریف ثابت کے مہینہ میں نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور روزانہ اکتالیس بار بعد نماز مغرب چالیس دن تک پڑھتا رہے۔ بعد ختم نفل ادا کرے۔ مطلب یہ ہے کہ فرض نماز اور دو سنت پڑھ کر اس کو شروع کرنا چاہیے۔ چالیس یوم پورا ہو جانے کے بعد روزانہ سات مرتبہ بعد سنت نماز مغرب بلاناغہ برابر پڑھتا جاوے۔ تھوڑے روز بھی نہ گزریں گے کہ

دنیا مسخر ہو جائے گی۔ تجربہ شدہ نہایت آسان عمل ہے۔

برائے تسخیرِ خلائق

یَا وَدُوْدُ ایک ہزار بار پڑھ کر معہ اوّل و آخر درود شریف ہفت ہفت بار پڑھ کر جس شے پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے مطیع و فرمانبردار ہو جائے۔

تنبیہ

فی زمانہ اکثر حضرات ناجائز محبت کے واسطے عملیات کو زیادہ استعمال میں لاتے ہیں اور اس کے واسطے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ جس قدر یہ وبا عام ہو گئی ہے شاید اس سے بڑھ کر اور کوئی گناہ کبیرہ ہو۔ لہٰذا یہ بتلا دینا ضروری ہے کہ جس قدر حُب کے عملیات درج کیے گئے ہیں وہ محض آسانیِ عوام کی خاطر جو جائز محبت کے متلاشی ہیں اور انہیں حضرات کو اس کے کرنے کی عام اجازت ہے۔ اگر کسی ناجائز محل میں اس کا استعمال کیا جائے گا تو بجائے کامیابی کے سخت نقصان ہوگا۔

ادائیگی قرض کے عملیات

① یَا بَاسِطُ بعد ہر نماز کے بہتّر مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیے انشاءاللہ تعالیٰ قرض سے بہت جلد سبکدوشی حاصل ہوگی۔

② بعد نماز ظہر یا فجر سورۃ فاتحہ شریف ایک سو چالیس بار پڑھے معہ بسم اللہ شریف کے بعدہ دعا مانگے۔ ایسا ہفتہ میں ایک مرتبہ کرنے سے جلد سے جلد سبکدوش قرضہ سے ہو جاتا ہے۔

③ اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ

الْعَزِيْزُ۔

اول وآخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر چھ پانچ سو بار اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دعا مانگے کہ اے اللہ قرضہ سے جلد سبکدوش فرما۔ اور میرے رزق میں وسعت دے جمعہ کے بعد اس کو پڑھنا چاہیئے اور تین جمعہ تک متواتر پڑھے۔ باری تعالیٰ قرضہ سے جلد سبکدوش فرماتا ہے۔

(۴) پارہ تلک الرسل ۱۲ ع۔

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

تک ہر نماز کے بعد اس کو پانچ پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ ادائیگی قرض بہت جلد ہوگی اگر اسی آیت شریفہ کو لکھ کر جس جگہ خرید و فروخت ہوتی ہو لٹکا دے خوب فروختگی مال کی ہوگی۔

(۵) بعد نماز فجر یا بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء روزانہ ایک سو چالیس مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے سبکدوشی حاصل ہونے کے علاوہ کبھی مفلس نہ ہوگا۔ آیت پاک یہ ہے۔

يَا بَاسِطُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔

مایوسی اولاد

جس کو اولاد سے مایوسی ہو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ اس کو پڑھا کرے۔ اللہ پاک صاحب اولاد کرے گا اور فرزند نیک صالح پیدا ہوگا۔ آیت شریف یہ ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

شادی کرنا

اگر کسی جگہ آپ منسوب ہیں اور والدین ان کی شادی نہیں کرنا چاہتے یا لڑکی کی رضامندی نہیں ہے یا دیگر عزیز و اقارب کی رضامندی نہیں ہے تو ہر نماز کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے کہ فلاں بن فلاں کی لڑکی سے میری شادی کرادے۔ دو ہفتہ تک پڑھنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے نکاح میں وہ لڑکی آئے گی۔ آیت شریف یہ ہے۔

قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

گمشدہ چیز کا فوراً مل جانا

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔

پڑھنے سے فوراً مل جائے گی۔ اور کوئی آدمی یا لڑکا یا غلام یا لڑکی فرار ہوگئی ہو تو یہ پڑھے سورۃ والضحیٰ سات مرتبہ پڑھ کر مشرق مغرب جنوب شمال دم کرے اور یہ کہے کہ فلاں بن فلاں بحکم عزوجل فوراً واپس آئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ نہ گذرے گا کہ فوراً واپس آئے گا۔

تپ ولرزہ

پہلے دن یا محیط لکھ کر کلائی پر باندھیں۔ دوسرے دن یا محیطط لکھ کر اسی تعویذ کو بازو پر تیسرے دن محیططا لکھ کر گلے میں چوتھے دن کنوئیں میں یا ماء جاری میں ڈالدیں۔

برائے تجاری آسیب جوڑی جنون

مذکورہ بالا امراض کے واسطے نہایت سریع الاثر تعویذ ہے۔ اس تعویذ کو ہر دو بازو پر لکھ کر دو تعویذ باندھ دیں اور نصف سیر کا ملیدہ بنا کر حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی فاتحہ دے کر غرباء کو تقسیم کرایا جائے۔ تعویذ اندھے کنوئیں میں ڈال دیں۔

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
یا اللہ	یا حفیظ	یا ناصر	یا اللہ
یا اللہ	یا رحمٰن	یا رحیم	یا اللہ

بچہ کا خواب میں ڈرنا

یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ۵

مطلوب مطیع

اس تعویذ کو لکھ کر درخت لیموں پر ہوا میں لٹکا دے جب تک ہوا میں ہلتا رہے گا، مطلوب مطیع ہو گا۔ آزمودہ ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

ع	د	ح	ح ۱
لہ	لہ	ا	ح
ا	دد	اللہ	۱۰

فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

محبوب بے قرار

اس نقش کو لکھ کر درخت کے گلہڑ میں باندھے۔ جب ہوا سے ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔ تجربہ میں رہا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱	[illegible]	ط	۹
ع٥	۲	ح	د
۸	ط	۳	٦
۳	د	۴ع	۴

دود	سعب	فلاں بن فلاں
موینتو	سینچر	علی الحب فلاں بن فلاں

برائے حُب

اس نقش کو جنگل میں جا کر پہلے دھونی لبان کی دے اور پڑھے۔ اس نقش کو درخت پھل دار میں لٹکائے اور پھر واپس ہو کر کسی سے کلام نہ کرے اور نہ پیچھے

لوٹ کر دیکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب محبت میں بے قرار ہوگا۔ کئی بار آزمایا ہوا ہے۔

نقش پچھلے صفحہ پر۔

محبوب آپ کے قدموں میں

بروز جمعرات نوچندی کو ۲۱ یوم تک بلاناغہ اس نقش کو پھل دار درخت بلند مقام پر لٹکا دے۔ بوقت شام لوبان وغیرہ کی دھونی دے کر نقش مذکور کو کم دے نقش کو کسی پاک جگہ نہ رکھے ورنہ تعویذ کا عمل جاتا رہے گا۔ نقش کو کسی چمڑے یا پیتل یا چاندی میں بنوا کر گلے میں باندھے۔

ودود	سخرنی	قلب	ودود
ودود	سخرنی	قلب	ودود
۴	۶	۸	۲
س	ط	ج	ی

برائے محبت

بروز جمعرات نوچندی کو ۱۴ یوم تک بلاناغہ اس نقش کو پھل دار درخت کے بلند مقام پر لٹکایا جاوے اور کچا دھاگا کنواری لڑکی کا کاتا ہوا لے جائے اس میں نقش مذکور باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں مطلوب توقف بے آرام ہو کر عاجزی کرے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

١١٦٩٢	الله الصمد	١١٦٩٦	١١٦٩٩
ودود	عدد مطلوب	عدد طالب	الله الصمد
	١١٦٩٤	١١٦٩١	١١٦٩٣
١١٦٩٥	سخرنی ودود	٠١١٦٩٧	١١٦٩٨

برائے حُب

اس نقش کو ساعت مشتری بروز جمعرات لکھ کر یعنی ۴۵ ع دائرے کے باہر اور ۱۴ ص دائرہ کے اندر معہ چہار کس نام کے کسی تنہا درخت میں جو براستہ ہو لٹکا دیوے

الحب فلاں بن فلاں
علی الحب فلاں بن فلاں

(بحوالہ گنجینہ وظائف عملیات)

متفرق مقاصد کے لیے

محبت کے واسطے اس نقش کو فتیلہ بنا کر کوزے میں رکھ کر روغن کنجد میں ڈال کر جلائے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف ہو۔ اور عداوت کے واسطے روغن

تلخ میں جلائے اور چراغ کا منہ دشمن کے گھر کی طرف ہو۔ اور آسیب کے لیے بھی روغن تلخ میں جلائے اور آسیب زدہ کی نظر چراغ کی طرف ہو۔

و لا ک ح د

ھ ل ــــــــــــــــ و ہ

س م ح ط ح

محبوب تابع

اس نقش کو لکھ کر واسطے محبت کے شربت میں گھول کر پلائے۔ محبوب تابع اور فرمانبردار رہے گا نقش معظم ومکرم یہ ہے۔

۹۹	۱۲	۱۵	۲
۱۴	۳	۸	۱۳
۴	۱۷	۱۰	۷
۱۱	۶	۵	۱۶

برائے محبت

اس نقش کو سورج نکلنے کے بعد ۱۵ منٹ کے مشک و زعفران سے معہ نام طالب و مطلوب کے دن عروج ماہ میں پاک جگہ پر بیٹھ کر لکھے اور بازو پر باندھے اثر عظیم رکھتا ہے۔ اور منہ میں میٹھی چیز ضرور رکھ لیں۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

قَضٰی	ثُمَّ	طِیْنٍ	مِنْ	خَلَقَکُمْ	اَلَّذِیْ	ھُوَ
اَجَلًا	قَضٰی	ثُمَّ	طِیْنٍ	مِنْ	خَلَقَکُمْ	اَلَّذِیْ
وَاَجَلٌ	اَجَلًا	قَضٰی	ثُمَّ	طِیْنٍ	مِنْ	خَلَقَکُمْ
مُسَمًّی	وَاَجَلٌ	اَجَلًا	قَضٰی	ثُمَّ	طِیْنٍ	مِنْ
عِنْدَہٗ	مُسَمًّی	وَاَجَلٌ	اَجَلًا	قَضٰی	ثُمَّ	طِیْنٍ
ثُمَّ	عِنْدَہٗ	مُسَمًّی	وَاَجَلٌ	اَجَلًا	قَضٰی	ثُمَّ
اَنْتُمْ	ثُمَّ	عِنْدَہٗ	مُسَمًّی	وَاَجَلٌ	اَجَلًا	قَضٰی
تَمْتَرُوْنَ	اَنْتُمْ	ثُمَّ	عِنْدَہٗ	مُسَمًّی	وَاَجَلٌ	اَجَلًا

مطلوب بے قرار

محبت کے واسطے اس نقش کو لکھ کر ہوا میں لٹکائے۔ جب ہوا میں رہے گا مطلوب بے قرار ہو گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶	الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں	۶	۱	۸
۳	۵	۷		۷	۵	۳
۴	۹	۲		۲	۹	۴

مطیع و فرمانبردار

یہ دونوں نقش لکھ کر شربت میں گھول کر معشوق کو پلائے مطیع و فرمانبردار بن جائیگا تجربہ شرط ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

۹۸۵	۹۸۰	۹۸۷
۹۸۶	۹۸۴	۹۸۲
۹۸۱	۹۸۸	۹۸۳

۲۱۹۲	۲۱۲۷	۲۱۹۴
۲۱۹۳	۲۱۹۱	۲۱۸۹
۲۱۸۸	۲۱۹۵	۲۱۹۰

(ماخوذ گنجینہ وظائف عملیات)

برائے محبّت

محبّت کے واسطے تین رات تک ایک ایک فتیلہ سُرخ کپڑے میں لپیٹ کر جلائے اور چراغ کا منہ خانۂ محبوب کی طرف ہو۔

ی ۹۹۱ ااا ططط اا در ھ ھ
الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

ی اا۰ اا اا ط ٦ اا ۹ ط م ح ح ااا ھ لا ی

ع اا ااا ط لا اا اا ھ ع ااا ھ لا ی
الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

برائے محبّت

محبت کے واسطے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلقت کا دل اس پر فریفتہ ہو جائیگا۔

یحبونہم ۷۸٦

۳۷۲	۳۷٦	۳۷۹	۳٦۵
۳۷۸	۳٦٦	۳۷۱	۳۷۷
۳٦۷	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۰
۳۷۵	۳٦۹	۳٦۸	۳۸۰

اشد حبا لله

[illegible]

برائے محبت

اگر عورت خاوند میں مخالفت ہو تو نقش یا ودود لکھ کر اپنے پاس رکھے دونوں میں محبت کمال درجے کی ہوگی۔ بہت ہی مجرب ہے۔

یاقیوم ۷۸٦ یاحی

۸	۴	۷	۱
٦	۲	۷	۵
۳	۹	۷	٦
۳	۵	۲	۵

نقش محبت

یہ نقش محبت کے واسطے بکری کے شانہ پر مع نام اپنے اور اپنی والدہ کے او مطلوب اور اسکی ماں کے لکھ کر چولہا یا تنور میں دفن کر دے۔ دونوں میں از حد اور کمال دلبستگی ہو۔ آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

محبت کے لیے لاجواب

محبّت کے لیے لاجواب ہے شنبہ کے دن ایک روئی جو کی اپنے ہاتھ سے

باطہارت تمام پکا کر آٹھ ٹکڑے برابر کرے۔ اور یہ آٹھوں نقش آٹھوں ٹکڑوں پر لکھ کر اگر مرد کے واسطے تو سگ کو اور اگر عورت کے واسطے تو مادہ سگ کو کھلائے اور کھلاتے وقت یہ کہہ دے کہ اگر ہمارے درمیان محبت نہ ہوگی تو تجھے قتل کر دوں گا۔

ع — دلو — کرزم — علم — طے — طح — نام طالب — نام مطلوب

برائے محبّت

بروز اتوار یا جمعہ یا پیر کو یہ نقش لکھ کر مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر سات روز تک جلائے مطلوب دیوانہ، شدائی اور فریفتہ ہوگا۔

ے	لالا	لا	۱۱	لا	۱۱	د
لا	۷	۲۱	۶	۴	۴	۴
۴	۱لا	۱۷	ع ۸	۱۱	لا	۶۶

برائے حُب

اس نقش کو لکھ کر شوہر کے بازو پر باندھے۔ الفت پیدا ہو جائے گی۔ یہ نقش بہت آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳	۷	۶
۸	ع	۱
۴		۸

حُب کیلئے آزمودہ

اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر اور نیچے اس کا نام طالب اور اسکی ماں کا نام اور مطلوب اور اسکی ماں کا نام لکھے اور طالب اپنے گلے میں ڈالے۔ مطیع ہوگا۔ کئی بار کا آزمودہ ہے۔

حُب کیلئے مجرب

واسطے محبت اور مطیع کرنے کے ویر وار کو اس نقش کو پارچہ پر لکھ کر جلائے۔ پانچ ویر وار یہ عمل کرتا رہے۔ مطلوب حاضر ہوگا۔

ع ع ۲۲۲ ملا لا

فلاں بن فلاں

نسخہ محبت

اس نقش کو عورت بائیں پاؤں پر باندھے تو شوہر مطیع اور فرمانبردار رہے۔

فلاں بن فلاں درمحبت فلاں گرفتار گردد ۱۱ ۸۸ ۱۱۱ ۶۶۵ ۱۱ ۹۹ ۱۱ ۱۹

اکسیر اعظم

اس نقش کو لکھ کر ہوا کے رُخ پر لٹکا دے۔ جب یہ ہلے گا معشوق بے قرار ہو کر چلا آئے گا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۷	۵	۳
۳	۹	عـــ۵

مطلوب حاضر

جمعہ یا پیر کو یہ نقش مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر اگر سات روز تک جلاؤ تو مطلوب فریفتہ وشیدا ہو جائے۔

۱۵	۱۱	ھ	۱۱	۸	لا۸	ص
۴۴	۴	۴	ر	۲۱	۷	۸
ھھ	۸	۱۱	ع	۷۱	۱۸	۴

مطلوب تابع

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا ہو تو یہ تعویذ مطلوب کو دکھا ت ادنیبا بنا کر روغن میں جلائے۔ مطلوب بہت جلد تابع ہوگا۔

ط ۱۱ ۱۵۲ ۱۴ ۱۴ ط ۱۱ ۱۸ ۵ ۱۱

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

حُب کے لیے مجرب

مطلوب کے کپڑے پر یہ تعویذ لکھ کر پنجشنبہ کو جلائے۔ پانچ پنجشنبہ کو جلایا کرے مطلوب حاضر ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۳ ۳ ۹۹ ح ح ح ع ع ع ۴ ۲۲ طو فلاں بن فلاں

بخار کا تعویذ

جس شخص کو روزانہ بخار آتا ہو اس تعویذ کو بنا کر گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ بخار فوراً جائے گا۔ موم جامہ کرکے یا پاک کپڑے میں باندھ کر ڈالے۔ اور بعد بخار چلے جانے کے بہت احتیاط کے ساتھ اس تعویذ کو رکھے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۴۶	۱
۴۵	۲	۷	۱۲
۳	۴۸	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۷

صفراوی بخار کا تعویذ

جس کو بکبیرہ آتا ہو اس تعویذ کو بنا کر گلے میں پہلے دن ڈالے پھر دوسرے دن کھول کر داہنے بازو پر تیسرے دن چپ پنجۂ دست پر چوتھے روز کھول کر قند سیاہ میں لپیٹ کر چاہ میں جس میں پانی نہ ہو ڈال آوے اور یہ آیات شفاء روزانہ لکھ کر ایک تشتری پر اور دھو کر پی لیا کریں۔

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

برائے تپ ولرزہ

تین پیپل کے پتوں پر لکھ کر روزانہ ایک پتہ چاٹا کریں تین دن میں لرزہ جاتا رہے گا۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ٧٨٦ حٰمٓ عٓسٓقٓ

بھوت پریت یا جن کا دفعیہ

اول بازو پر یہ آیت لکھ کر باندھے (پارہ سبحان الذی ع ٥)

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ سے نُفُوْرًا ○

تک لکھ کر باندھ لے اور چار کیلیں جن کو گل میخ کھبیں کہتے ہیں لے کر ہر ایک پر

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا۔ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ط

پچیس پچیس بار پڑھ کر پھونک کر ہر چہار طرف مکان کے کونوں پر گاڑ دے جب تک کیلیں گڑی رہیں گی مکان محفوظ رہے گا۔

فرزند نیک

اگر حاملہ عورت سورۂ یوسف کو پوری لکھوا کر بچہ پیدا ہونے تک تعویذ بنا کر باندھے اللہ تعالیٰ فرزند صالح پیدا کرے گا۔

بہکانا یا خود فریفتہ ہو جانا

اگر کوئی شخص کسی عورت یا بچہ وغیرہ کو بہکا کرلے جانا چاہتا ہو یا خود کسی عورت پر نظر پڑ کر قلب میں ایک قسم کی بے چینی اور اضطراب ناجائز پیدا ہو گیا ہو تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لینا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خیال بدل جائے گا اور بے چینی رفع ہو گی اور اگر بھاگنے والے پر پھونک دیا جاوے گا تو بھاگنے سے محفوظ رہے گا۔ آیت پاک یہ ہے۔

وَيُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے مَا يَشَآءُ تک اور يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے اِلٰى دِيَارِنَكَ۔

بچہ کا بلا تکلیف پیدا ہونا

بچہ پیدا ہوتے وقت سخت تکلیف عورت کو ہوتی ہے اس لیے پانی نیم گرم پر یا قند سیاہ پر سورۃ والشمس ۳ بار پڑھ کر پھونک دے اور یہ آیت

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اَهْيًا اَشْرَاهِيًا

ایک کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں باندھ کر اس کے بائیں ران میں باندھ دیں اور پانی نیم گرم یا قند سیاہ کھلائیں نہایت آسانی کے ساتھ بچہ بفضلہ تعالیٰ پیدا ہوتا ہے۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد تعویذ فوراً کھول ڈالنا چاہیے۔ اس کا سب سے زیادہ خیال رہے۔

اسقاط حمل کا نہایت مؤثر تعویذ

جن عورتوں کے بچہ اسقاط ہمیشہ ہو جاتے ہوں یا درمیان حمل میں کوئی خرابی پیدا ہو جاتی ہو تو ایک کسم یا نیل کا رنگا ہوا دھاگہ عورت کے قد کے برابر لے کر اس میں نو گرہ لگائی جاویں ہر گرہ پر قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پھونکیں۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

اور اسکی زیر کمر باندھ دیں۔ بعد بچہ پیدا ہونے کے دھاگہ کمر سے نکال لیں۔

مایوسی اولاد

جس شخص کو اولاد سے مایوسی ہو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ

اس آیت پاک کو پڑھ لیا کرے۔ اللہ پاک جلد صاحب اولاد کرے گا۔ یہ دعا حضرت زکریا علیہ السلام کی ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

سحر و جادو

جس شخص پر کسی نے جادو کیا ہو تو ان آیات کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے اور روزانہ ایک تشتری پر لکھ کر صبح و شام مسحور کو پلایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحت ہو گی۔ آیت یہ ہے۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

ظالم حاکم کا معزول کرا دینا

اندھیری رات میں جبکہ بادل گرجتا ہو اور بجلی چمکتی ہو کسی بڑی رکابی پر اسی تاریکی کی حالت میں پوری سورۃ رعد (پارہ وما ابری نفسی) میں ہے لکھ کر اور اس ظالم حاکم کے دروازہ پر اسی وقت تاریکی کی شب میں آب باران سے دھو کر دروازہ پر اس کے چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ کے اندر اندر معزول ہو جائے گا۔ نقصان حدِ شرعی سے زیادہ نہ پہنچائے ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

برائے زبان بندی

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

درآخراسم مطلوب نوشتہ نقش راتہ ساختہ برجائے بلند درمکان نہادہ میخ آہنی برنام اوسخت کند تغیر خیالات مطلوب وزباں بندی خواہد شد۔

برائے دفع آسیب بسیار مجرب است

اگرکسے آسیب زیادہ ترشدید وظالم باشد ایں فتیلہ نوشتہ درآن پنبہ نوپیچیدہ درقرع اَب نارسیدہ روبروئے آسیب زدہ تاسہ شب روشن کند خواہ سہ فتیلہ در سہ شب خواہ یک فتیلہ درسہ شب العمل آرد انشاءاللہ دفع خواہد شد صدہا مرتبہ در تجربہ آمدہ۔

بے خطاتیر بہدف است العجل۔ الوحا بحق اشراہیا اشراہیا اجب یا جبرئیل اجب فتیلہ مذکور باموکل این است یا دردائیل اجب یا احمائیل اجب یا میکائیل بحق یا بدوح

	بحق یا بدوح	اجب یا جبرئیل	بحق یا بدوح	
بحق یا بدوح	٣	١٦	١	بحق یا بدوح
اجب یا دردائیل	٨	١٠	١٣	اجب یا میکائیل
بحق یا بدوح	٩	٤	٧	بحق یا بدوح
	بحق یا بدوح	اجب احمائیل	بحق یا بدوح	

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

بحق العجل۔ العجل۔ العجل۔ الساعت الساعت الساعت

الوحا الوحا الوحا

ھدایت:۔ یہ ہردو فتیلہ ایک کاغذ پر لکھے جاویں گے۔ اس طرح گویا یہ ایک فتیلہ ہوگا۔

بھاگے ہوئے یا گمشدہ شخص کا واپس آنا

بریک پارچہ قرطاس "شیخ فرید شکر گنج" نوشتہ زیر سنگ محفوظ بدار دوقت واپسی ہم وزن آں سنگ شیرینی آوردہ فاتحہ حضرت بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ دہند۔

برائے فتح یابی مقدّمات وتسخیر حکام

بروز یک شنبہ بعد طلوع آفتاب درعروج ماہ بنویسد۔ وقت رفتن دردستا بندہ انشاءاللہ کامیاب شد۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
فَسَہِّلۡ یَا اِلٰہِیۡ کُلَّ صُعۡبٍ بِحُرۡمَتِ سَیِّدِ الۡاَبۡرَارِ سَہِّلۡ اَشۡہَدُ اَنۡ لَّاۤ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَـہٗ وَاَشۡہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُـہٗ اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ۔

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٠٢	٩	٤

٧٨٦

ع ٢٥	٢٠	٢٧
٢٦	٢٤	٢٣
٢٢	٢٨	٢٩

ھوالنبی الکریم ھوالاول والاخر۔ یا پروردگار حضرت سید الابرار مراد (فلاں) برآر۔

برائے دفع تپ بسیار مجرب است

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
وَاَكِيْدُ كَيْدًا

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

یک عدد در برگ پیپل نوشتہ قدرے شہدلت کردہ دو عدد فلفل سیاہ پاشیدہ بخوراند انشاء اللہ صحت خواہد شد

اسم اعظم شریف

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

اس آیت پاک میں اسم اعظم مخفی ہے جو شخص سو بار اس آیت کو پڑھ کر پھر دعا مانگے گا انشاء اللہ ضرور مقبول ہوگی۔

تفریق اور عداوت

اگر دو شخصوں میں حدود شرعیہ کے اندر رہ کر کسی مصلحت سے آپس میں تفریق کرنے کی ضرورت ہے تو اس آیت پاک کو بھوج پتر پر لکھے۔

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

پھر اس کے نیچے یہ نقش لکھے اور پھر اس نقش کے نیچے یہ لکھے کہ فلاں

فلاں کے درمیان میں تفریق ہووے۔ لفظ فلاں کی جگہ نام لکھنا چاہیے پھر اس تعویذ کو پرانی دو قبروں کے درمیان میں دفن کردے۔ تفریق ہو جاوے گی۔

داڑھ کا درد فوراً چلا جانا

اگر کسی شخص کے داڑھ میں شدید درد ہو بس اس کو چاہیے کہ اس داڑھ پر انگلی رکھ کر اس آیت شریف کو تین بار پڑھ کر اس مقام پر پھونکے۔ وہ جھاڑ یہ ہے۔

الٓمّٓصٓ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ بِكٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا اُسْكُنْ بِالَّذِيْ اِنْ يَّشَآءُ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ اُسْكُنْ بِالَّذِيْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

آسیب فوراً دفع ہو

جس کسی کو آسیب کا خلل ہو پس چاہیے کہ ذیل کے فتیلہ کو تیار کر کے جلائیں انشاء اللہ آسیب فوراً دفع ہوگا۔

٧٨٦

الله دار	الله دار	الله دار
الله دار	الله دار	الله دار
الله دار	الله دار	الله دار

تبدیلی روزگار

اگر کسی کو اپنا تبادلہ کرانا منظور ہو تو ذیل کی آیت شریف کو ایک ہزار بار ہر روز گیارہ یوم تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً تبادلہ کی صورت پیدا ہو جاوے گی۔

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ

حضرت کی زیارت سے مشرف ہونا

اول روزہ تو چندی جمعرات کا رکھے پھر اسی روز سوتے وقت یہ آیت پاک (۳۶۵) بار بعد نماز عشاء پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ اگر قلب صاف ہے تو پہلی شب میں مشرف بزیارت ہوگا۔ آیت پاک یہ ہے۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ سے عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک۔

صبح اور شام راحت سے گذر جانا

اگر کوئی شخص شب کو سوتے وقت اور صبح کو سو کر اٹھتے وقت ذیل کے الفاظ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام دن اور تمام رات آرام سے گذرے اور کوئی تکلیف اسکو نہ پہنچے۔

اَللّٰهُمَّ حَرِّقْ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِكَ وَارْزُقْنِیْ اٰذْدِیَارَ

حُبُّكَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی شَیْءٌ فِیْ قَلْبِیْ غَیْرُكَ۔

زبان بندی مخلوق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ برجانش عصائے موسیٰ برجگرش مہر سلیمان بن داؤد علیہ السلام بر دہنش برحمتك یا ارحم الراحمین۔

سات بار پڑھ کر دونوں کندھوں پر صبح و شام دم کر لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی مخلوق اس پڑھنے والے کی برائی نہ کر سکے گی اور کوئی گزند نہ پہنچا سکے گا۔

بیوی کا محبت سے پیش آنا

اگر کوئی شخص سورۂ یوسف کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے گا تو اسکی زوجہ حد سے زیادہ اُس کو چاہنے لگے گی۔

کامیابی مقدمات

اگر آپ کا مقدمہ سچا ہے یا آپ کو کسی نے مقدمہ میں پھنسا دیا ہے یا کوئی مقدمہ ناحق آپ پر چلانا چاہتا ہے تو اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر سات بار اس آیت شریف کو پڑھے۔

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِهٖ۔

انشاء اللہ تعالیٰ آپ کامیاب ہوں گے۔

حال دریافت کرنا

یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ سے اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ تک

ایک نابالغ لڑکی کے بدن کے کپڑے پر شب دوشنبہ کو جبکہ چھ گھنٹہ رات گذر جائے۔ ان آیات کو لکھ کر سوتے ہوئے عورت کے سینہ پر رکھ دے تو جو کچھ اس نے کیا ہوگا یا جو علم اس کو ہوگا سب بتلائے گی از روئے شریعت جائز طریقہ کے واسطے کرنا چاہیے بصورت دیگر حرام ہے۔ لیکن اول ان آیات کو سوا لاکھ ایک چلہ میں پورا کرے جب عامل ہو جائے پھر یہ عمل ہوگا۔

پیغام نکاح کا منظور ہو جانا

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ سے وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ تک

اس آیت پاک کو بازو پر باندھ کر جانا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیغام نکاح کا اگر دیا جائے گا تو اس کے عزیز و اقرباء سب منظور کریں گے۔

ھدایت :۔ ذوجہدین کے مہینہ میں کرنا چاہیے اور کسی بزرگ سے اسکو لکھا کر پھر بازو پر باندھنا چاہیے۔

لوگوں کا مطیع و مسخر کرنا

الٓرٰ سے اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ تک پارہ گیارہواں چھٹا رکوع

اگر آپ چاہتے ہیں کہ لوگ میرے فرمانبردار اور مطیع ہو جائیں تو شعبان المعظم کے مہینہ میں ایام بیض کے روزے رکھے آخری روزہ جو کی روٹی سرکہ اور ساگ اور نمک سے افطار کر کے مغرب کے نماز پڑھ کر پھر عشاء تک ذکر اللہ اور درود شریف میں مشغول رہے پھر ان آیات کو آب آس اور زعفران سے ایک کاغذ پر لکھ کر سر کے پیچھے اپنے رکھ کر سو رہے بعد نماز فجر اس پرچہ کو جس جگہ اپنے ساتھ لے کر جائے گا۔ بڑی قدر و منزلت ہوگی اور جو کچھ کہے گا سب لوگ اس کو قبول

کریں گے۔

خیال رہے کہ بعد نماز عشاء جب تک نیند نہ آئے برابر ذکر اللہ میں مشغول رہنا چاہیے۔

بسم اللہ شریف
اسم اعظم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بسم اللہ شریف میں اسم اعظم مخفی ہے اور جملہ اسرار اس میں پنہاں ہیں۔ اس بسم اللہ شریف کو صدق دل سے پڑھنے والا کسی بات کا دنیا میں محتاج نہیں رہتا۔ البتہ پڑھنے کے طریقے جدا ہیں۔ ہر مرض کی دوا اور اسی میں شفاء بھی ہے اور اس قدر اوصاف ہیں کہ اُس کے بیان کرنے سے قلم قاصر ہے۔ فی زمانہ عظمت کلام پاک ہر مسلمان کے دل میں ضرور ہے۔ لیکن اس پر عمل نہیں کرتے۔ عمل کریں تو جملہ کام ہمارے خود بخود حل ہو جایا کریں۔ نہ ہم کو وظیفہ پڑھنے کی ضرورت اور نہ سفلی عمل کے کرنے کی حاجت بعد تلاوت کلام پاک جو دعا آپ مانگیں گے انشاء اللہ قبول ہوگی۔ الغرض بسم اللہ شریف کی بہت فضیلت آئی ہے۔ اب ہم نہایت آسان چند عمل اس کے درج کرتے ہیں۔

حاجت روائی

جو شخص روزانہ کسی ایک وقت (۷۸۶) مرتبہ ایک ہفتہ تک روزانہ پڑھے جو حاجت رکھتا ہو مانگے۔ قبول ہوگی۔

شیطان سے محفوظ

اگر سوتے وقت اکیس بار پڑھ کر سو رہے۔ شیطان سے محفوظ رہے گا۔

شر سے محفوظ

اگر کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ پڑھے تو اس کے دل میں ہیبت اور خوف پیدا ہو اور اُس کے شر سے محفوظ رہے۔

امیر کبیر ہو جائے

اگر چندے وقت طلوع آفتاب (۳۰۰) مرتبہ بسم اللہ شریف اور تین سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ تھوڑے ہی روز میں انشاء اللہ ایک سال بھی نہ گذرے گا کہ امیر کبیر ہو جائے گا۔

غیبی اشارے

اگر چالیس روز تک روزانہ علی الصبح بعد فجر ڈھائی ہزار مرتبہ پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ عجیب وغریب اسرار منکشف فرمائیں اور یہ بات پیدا ہو جائے گی کہ جو بات عالم میں ہونے والی ہوگی خواب میں اُس کا علم ہو جایا کرے گا۔

دلوں میں ہیبت

اگر (۶۲۵) مرتبہ پوری بسم اللہ لکھ کر ایک تعویذ بنا کر ٹوپی میں محفوظ طریقہ سے رکھے۔ لوگوں کے دلوں میں ہیبت پیدا ہو گی اور کوئی شخص اس کو نقصان نہ پہنچا سکے گا

اس کا تجربہ کیا گیا بالکل صحیح نکلا۔ الغرض جن اُمور اور حاجت کے واسطے حسب ترکیب پڑھا جاوے گا۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہو گی۔

نااتفاقی دور کرنا

اگر آپ کی بیوی آپ کے حکم کی تعمیل نہیں کرتی یا آپ کا لڑکا یا لڑکی والدین کا مخالف ہے۔ پس صبح و شام اس آیت پاک کو اکتالیس بار پڑھ کر دُعا مانگ لینا چاہیے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

ایک ہفتہ بھی نہ گذرے گا کہ زوجین میں کمال محبت پیدا ہو جائے گی۔

حُب کا آسان عمل

کسی محبوب کو اپنی جائز محبت میں گرویدہ بنانا ہو تو اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اور سورۃ فاتحہ سات بار پڑھ کر پھر ذیل کے شعر کو سو مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے محبوب کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ بھی نہ گذرے گا کہ محبت ہو جاوے گی۔

شعر

بدل دے اور دل اس دل کے بدلے
الٰہی تُو تو رب العالمین ہے

دافع نظر بد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۝

اوپر آیت شریف نیچے اس کے تعویذ ہوگا۔

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیا جاوے گا۔

اس کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

تحفہ محمّدی

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے تمام جنات کے نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالنُّظَّارِ وَالسَّائِحِيْنَ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ۔ اَمَّا بَعْدُ!

فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْخَلْقِ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلَعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ دَاعِيَ حَقٍّ مُبْطِلًا بِنَا كِتَابُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ۔ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّدَّعِ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ حٰمٓ لَا تُنْظَرُوْنَ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ قُهِرَتْ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۝

(اللآلی المصنوعہ فی احادیث الموضوعۃ : امام سیوطیؒ)

؎ (جنات، جادو، آسیب کا مکمل علاج)

برائے حفاظت از جادو، آسیب وغیرہ

تعویذ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

روایت ہے کہ حضرت امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر کوئی اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے گا تو وہ جادو، بلا آفات اور ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ عزت و آبرو پائے گا۔ فتوحات غیبی اور فیوضات لاریبی پائے گا۔

ھ ھ ھ ھ ھ

//

۶۶۶۶۶۶۶ و ھ ص ام

مال کی زیادتی کے لیے

اس کو لکھ کر گولک یا جیب میں رکھے کبھی گولک خالی نہ ہوگی اور مؤکل کے نام کو پشت پر لکھے۔ نام مؤکل کا یہ ہے "یا درد ائیل"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۳۰۰۲۶	۳۰۰۲۹	۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۳۰۰۳۱	۳۰۰۲۰	۳۰۰۲۵	۳۰۰۳۰
۳۰۰۲۱	۳۰۰۳۴	۳۰۰۲۷	۳۰۰۲۴
۳۰۰۲۸	۳۰۰۲۳	۳۰۰۲۲	۳۰۰۳۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الٰہی بحق ھو الغفور الودود
ذو العرش المجید فعال لما یرید
بجہت خرچ روزمرہ از خزانہ
غیب رساں

مال میں برکت کا مجرب عمل

تین نقش لکھے۔ ایک گلے میں ڈالے دوسرا جہاں روپے پیسے رکھتا ہو تیسرا دوکان یا مکان میں آویزاں کرے۔ مال میں برکت ہو نقش یہ ہے۔

دشمن کی زبان بندی

اس نقش کو لکھ کر جہاں پانی بہتا ہو یعنی دریا کے کنارے دفن کر دے تو دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔ مجرب ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

دولاء اوالا عـه
۹۹۹۱ عه عه الاوالہ ۹

برائے دشمنی

اگر دو شخصوں میں عداوت ڈالنا چاہتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر اس جگہ دفن کیا

جائے جہاں دونوں شخص ایک جگہ جمع ہوں اور جن دونوں میں دشمنی ڈالنا چاہے ان دونوں کا نام معہ والدہ کے لکھنا چاہیے

۱۱۹۹ ۱۱۲۹۹۷ ۱۱۲۱۱ ھ۲

۷۳۷	وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ	۴۲۲
	فلان بن فلان — فلان بن فلان	

ھ۱۱۵۸ = ۷۶۰۱۵

اکسیرِ حُب

مندرجہ ذیل نقش گھول کر اس میں کلی کرے۔ بعدہ دودھ میں ڈال دے اور سات روز تک محبوب کو پلائے انشاءاللہ رجوع کامل ہوگا۔ آزمودہ عمل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۸	۲	۱
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

برائے حاجت

جو شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو روزانہ سات سو ستاسی (۷۸۷) مرتبہ بائیس روز تک بعد نماز فجر، بعد نماز عشاء اور بعد نماز تہجد پڑھے گا انشاءاللہ اس کی تمام مشکلات حل ہوں گی۔ مگر اس کے لیے رزق حلال کے ساتھ تمام اوامر و نواہی کی پابندی ضروری ہے، نیز دوران چلہ ترک جلالی بھی لازمی ہے۔ نقش اگلے صفحہ پر

۷۸۶

۱۲۸۲۸	۱۲۸۳۱	۱۲۸۳۴	۱۲۸۲۱
۱۲۸۳۳	۱۲۸۲۲	۱۲۸۲۷	۱۲۸۳۲
۱۲۸۲۳	۱۲۸۳۶	۱۲۸۲۹	۱۲۸۲۶
۱۲۸۳۰	۱۲۸۲۵	۱۲۸۲۴	۱۲۸۳۵

جادو سے حفاظت

جادو کے اثرات سے حفاظت کے لیے اس نقش کو باوضو لکھ کر فریم میں لگا کر گھر میں آویزاں کریں انشاءاللہ تعالیٰ آسیبی اثرات اور جادو کے اثرات سے پوری طرح حفاظت رہے گی (یہ نقش سورۂ علق کا ہے) نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۳۵	۵۶۳۸	۵۶۴۱	۵۶۲۷
۵۶۴۰	۵۶۲۸	۵۶۳۴	۵۶۳۹
۵۶۲۹	۵۶۴۳	۵۶۳۶	۵۶۳۳
۵۶۳۷	۵۶۳۲	۵۶۳۰	۵۶۴۲

لڑکی کی شادی کے لیے

اس لڑکی کے واسطے جو اس کا کوئی رشتہ نہیں لیتا اور اس کی شادی نہیں ہوتی ہے چاہیے کہ اس نقش کو کنگوئی کے اوپر لکھ کر اس کو وہ شانہ دے تاکہ وہ ہر روز اس سے کنگھی کیا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کلام باری تعالیٰ کی برکت سے اس کا بخت کھل جائے گا اور بہت ہی اس کے لیے مرد پیدا ہوگا۔ یہ نقش بہت ہی مجرب ہے۔ نقش

مالی فائدے

اس نقش کو خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھنے سے بہت سے مالی فائدے حاصل ہوں گے۔

۳۴۵۶	۳۱۶۵	۲۳۱۶	۲۵۵۲	۲۶۴۳
۱۹۴۴	۴۵۳۶	۴۱۳۰	۶۸۵۸	۲۶۴۸
۲۳۶۶	۲۳۷۶	جلہ یوروشو	۲۵۳۴	۵۴۵۵
۳۵۸۵	۲۳۹۶	۴۹۶۸	۵۲۱۰	۱۵۱۲
۴۲۲۵	۹۶۹۸	۲۷۵۲	۲۴۳۴	۱۸۶۴

اکسیر ردسحر

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ

۷۸۶

۶۶۸۴	۶۶۸۷	۶۶۹۱	۶۶۷۷
۶۶۹۵	۶۶۶۸	۶۶۸۳	۶۶۸۸
۶۶۷۹	۶۶۶۲	۶۶۸۵	۶۶۸۲
۶۶۸۶	۶۶۸۶	۶۶۸۵	۶۶۹۲

ان دونوں نقشوں کو چینی کی رکابی پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر دھو کر صبح و شام مسحور کو پلائے۔

دوسرا نقش۔

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ

۷۸۶

۵ ۸۳۴۰	۱۰ ۸۳۳۵	۱۵ ۸۳۵۰	۴ ۸۳۳۹
۱۱ ۸۳۴۶	۸ ۸۳۴۳	۱ ۸۳۳۶	۱۴ ۸۳۴۹
۲ ۸۳۲۷	۱۳ ۸۳۴۸	۱۲ ۸۳۴۷	۷ ۸۳۴۲
۱۶ ۸۳۵۱	۳ ۸۳۳۸	۶ ۸۳۴۱	۹ ۸۳۴۴

ردسحر

حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ سحر کو رفع کرنے کے لیے یہ نقش دیا کرتے تھے اور اللہ کے فضل و کرم سے مریض صرف ایک ہی نقش سے شفایاب ہو جاتا تھا نقش باوضو لکھیں۔

۷۸۶

۲۵۱	۲۵۵	۲۵۸	۲۴۴
۲۵۷	۲۴۵	۲۵۰	۲۵۶
۲۴۶	۲۶۰	۲۵۳	۲۴۹
۲۵۴	۲۴۸	۲۴۷	۲۵۹

کاروبار کی حفاظت کے لیے

اس نقش کو اپنے پاس رکھے انشاءاللہ کاروبار میں ترقی اور محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۳ ۵۱۶	۳ ۵۱۹	۳ ۵۲۲	۳ ۵۰۹
۳ ۵۲۱	۳ ۵۱۰	۳ ۵۱۵	۳ ۵۲۰
۳ ۵۱۱	۳ ۵۲۴	۳ ۵۱۷	۳ ۵۱۴
۳ ۵۱۸	۳ ۵۱۳	۳ ۵۱۲	۳ ۵۲۳

دفع جن کا مجرب عمل

دفع جن کے لیے یہ نقش بھی حد سے زیادہ مجرب ہے۔ یہ نقش کالے دھتورے کے عرق سے باوضو لکھیں اور خالص ارنڈ کے تیل میں فتیلہ جلا دیں۔ فتیلہ جلانے سے پہلے جن جنی کو ایصال ثواب کرنے کے لیے نابالغ بچوں کو کچھ شیرینی اسی وقت تقسیم کریں۔ یہ فتیلہ اگر چاند کی نئی جمعرات کو لکھ کر رکھ لیں تو زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتا ہے۔

فتیلے والا نقش یہ ہے۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ یہ بوقت ضرورت لکھیں۔

عمل برائے حب

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ تک اور کلمہ شریف اور یا ودود چار سو مرتبہ اول آخر درود شریف، صبح کے وقت غسل کرے اور مطلوب کا تصور

کر کے پڑھے۔

فقر و فاقہ دور کرنے کے لیے

فقر و فاقہ کے ہاتھوں تنگ اشخاص ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر باوضو حالت میں لکھیں اور اسے خوشبو لگا کر اس پر ذیل کا درود پاک ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں۔ اور موم جامہ کر کے سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھیں۔ انتہائی زود اثر اور نافع ہے۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۰۶	۷۹۲	۸۰۰	۸۰۳
۷۹۹	۸۰۴	۸۰۵	۷۹۳
۸۰۱	۷۹۸	۷۹۴	۸۰۸
۷۹۵	۸۰۷	۸۰۲	۷۹۷

اولادِ نرینہ کے لیے

حضرت شیخ المشائخ بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کوئی عورت یہ چاہیے کہ مجھے حمل رہے اور بچہ پیدا ہو تو اس کو چاہیے کہ چھ پیسے کی شیرینی منگا کر نذر کرے پھر یہ تعویذ سات کاغذوں پر لکھے اور سات دن تک حیض اگر نہا لینے کے بعد ہر روز ایک تعویذ پانی میں گھول کر پیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہووے اگر نہیں ہووے تو قیامت کے دن دامن گیر ہووے۔ نقش اگلے صفحہ پر۔

س	س	س	س	س	س	س
جمع	جمع	جمع	جمع	جمع	جمع	جمع

حمل قائم رہے گا

حمل کے واسطے یہ بھی مجرب ہے اس تعویذ کو لکھ کر عورت کے داہنے بازو پر باندھے اعتبار نہ ہو تو پہلے اس کو اس طرح آزمالے کہ یہ تعویذ مرغی کے بازو میں باندھ دیوے وہ انڈے دینے لگے گی۔

ماحوم	ادع	اسد اھوا	۲ سعہ ھوجحفر

حمل قرار پائے گا

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس دُعا کو زعفران سے کاغذ پر لکھے حیض سے فارغ ہونے کے بعد عورت کی کمر میں باندھے موم جامہ کر کے تاکہ گندگی سے اثر نہ جاوے۔ حاملہ ہووے۔ جو درخت پھل نہ لاوے اس پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ پھل لگے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

بانجھ پن دور ہو

استقرار حمل کے لیے نہایت مجرب ہے ہزار دل مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ اس نقش کو اس

جمعرات کے دن جو کہ شروع چاند کے مہینہ میں آتی ہے جس کو نوچندی جمعرات کہتے ہیں کاغذ پر لکھے اور عورت کے گلے میں باندھے اور جو جمعرات مہینے کے بیچ میں آوے اس کی رات کو چومک آٹے کا بناوے اس میں گھی اور بتی روئی کی ڈال کر جلاتے وقت عورت اپنے دل میں کہے کہ جب بچہ پیدا ہوگا تو اس کے ہاتھ سے مسجد میں چراغ روشن کرایا جائے گا۔ بفضلہ تعالیٰ بیٹا پیدا ہوگا

۷۸۶ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ حمل علی علی علی لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ موسیٰ موسیٰ موسیٰ سلبواھب بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وحدہٗ (بحوالہ انکشاف غیبی)

محبت کے لیے

محبت کے لیے مع چاروں ناموں کے کسی درخت کے پتے پر یہ نقش لکھ کر آگ کے نیچے دفن کریں بے حد مجرب ہے۔

طحح صلحح علحح وعحح وطحح

اجب یا تنکفیل بحق یا قیوم یا حی الا ھوا لحی القیوم

ام الصبیان سے حفاظت

اگر لڑکا پیدا ہونے سے پہلے یہ نقش لکھ کر مکان کی دیوار میں چسپاں کریں تو چلہ بھر تک آسیب نظر ام الصبیان وغیرہ سے لڑکا محفوظ رہے گا۔ یہ نقش الم تر اکیف کا ہے۔

۷۸۶

۱۶۷۹	۱۶۸۳	۱۶۸۶	۱۶۷۲
۱۶۸۵	۱۶۷۳	۱۶۷۸	۱۶۸۴
۱۶۷۴	۱۶۸۸	۱۶۸۱	۱۶۷۷
۱۶۸۲	۱۶۷۶	۱۶۷۵	۱۶۸۷

گھر میں پتھر آنا

اگر کسی مکان میں آسیب پتھر یا اینٹیں پھینکتا ہو تو یہ فلیتہ کعبہ کے رُخ پر دیوار پر چسپاں کر دیں۔ پتھر نہ آئیں گے۔

نقش سنکھا باز نہ یند   ۷۸۶   وشکل ھذا یا کیکج یا ام پت

۴	۶	۸	مله
۶	۱۲	۲	۶
۶	۱۲	۲	۶
۶	۸۱	۳	۶

عجح   عجح

نقش بے نظیر

اس نقش کی بہت خاصیتیں ہیں۔ اس مختصر میں گنجائش نہیں لیکن جس کے پاس یہ نقش ہوگا وہ نظر بد اور آسیب سے محفوظ رہے گا اور اگر چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر لڑکوں کے گلے میں ڈالے تو عمر دراز کو پہنچیں اور اگر بانجھ عورت کے پاس ہوگا تو فرزند نرینہ پیدا ہوگا اور لڑکا ام الصبیان سے بچا رہے گا۔ نقش مندرجہ ذیل ہے۔

حسن   الله   حسین

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

محمد

۸	۱	۶
۳	۸	۷
۴	۶	۲

فاطمہ

ناد	علیاً	مظهر	العجائب	تجده	عونا	لك	فی النوائب	کل
علیاً	مظهر	العجائب	تجده	عونا	لك	فی النوائب	کل	هو
مظهر	العجائب	تجده	عونا	لك	فی النوائب	کل	هو	وغم
العجائب	تجده	عونا	لك	فی النوائب	کل	هو	وغم	سنجیلی
تجده	عونا	لك	فی النوائب	کل	هو	وغم	سنجیلی	بنبوتك
عونا	لك	فی النوائب	کل	هو	وغم	سنجیلی	بنبوتك	یامحمد
لك	فی النوائب	کل	هو	وغم	سنجیلی	بنبوتك	یامحمد	بولاتیك
کل	هو	وغم	سنجیلی	بنبوتك	یامحمد	بولاتیك	یا علی	یا علی

عمل برائے جدائی

اگر دو کے درمیان جدائی منظور ہو تو اس نقش کو منگل کے دن نزول ماہ کی ساعت زحل میں لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے۔ نقش یہ ہے۔

یا قاهر	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لا یطاق
الشدید	انت الذی	لا یطاق	انتقامه
انت الذی	لا یطاق	انتقامه	یا قاهر

زبردست عمل یہ عمل عورتوں کی استحاضہ کی بیماری کا ہے اور اس کی تین قسمیں ہیں۔ بعض عورتیں فاحشہ ہوتی ہیں جیسے رنڈی کنجری کہ کوئی ان پر دشمنی سے جادو کر کے خون حیض جاری کر دیوے جس کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں اور بعض کو خلل آسیب ناپاک سے ہوتا ہے اور بعض کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس کا بند نہیں ہوتا

اکثر عورتیں اس میں مرجاتی ہیں۔ یہ نقش صبح و شام پانی میں دھو کر کوئی دوسری عورت پلاوے اور ایک موم جامہ کرکے سرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھی کہ ناف پر قائم رہے۔ بدھ کے دن عطارد کی ساعت میں سانس روک کر چاہے پینے کو چاہے باندھنے کو لکھے۔ اگر جادو آسیب کا خلل ہووے اور علاج بھی کرے فلیتہ میں روشن دے دوسرے دھونی کا نقش جلا کر تمام بدن میں دھونی دے فلیتہ ہاتھ میں روشن کرے۔ تعویذ پینے کا یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

یہ تعویذ کمر میں باندھے۔

یا اسرافیل   یا عطرائیل

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۳۹۷
۳۹۸	۳۰۳	۳۰۲

فقابض تنفع یاقابض

یا عطفائیل   یاجبرائیل

بحق یا قابض خون آمدن ابن فلاں بند شود مِنْ تَیْضِکَ یَا قَابِضُ بستم بستم لیکن سانس بند کرکے لکھے یعنی لکھتے وقت کسی سے بات نہ کرے   (انکشاف غیبی)

سورۂ مزمل کا نقش

سورہ مزمل کا نقش بھی آسیب زدہ کے لیے بیحد مفید ثابت ہوتا ہے۔ باوضو لکھیں اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۳۱۷۸۰۸	۳۱۷۸۱۱	۳۱۷۸۱۴	۳۱۷۸۰۱
۳۱۷۸۱۳	۳۱۷۸۰۲	۳۱۷۸۰۷	۳۱۷۸۱۲
۳۱۷۸۰۳	۳۱۷۸۱۶	۳۱۷۸۰۹	۳۱۷۸۰۶
۳۱۷۸۱۰	۳۱۷۸۰۵	۳۱۷۸۰۴	۳۱۷۸۱۵

آسیب کو دفع کرنے کے لیے

مندرجہ ذیل نقش باوضو تیار کریں۔ ایک نقش آسیب زدہ کے گلے میں موم جامہ کرکے ڈال دیں اور ایک نقش زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر کسی بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں اور اس بوتل کا پانی گیارہ دن تک مریض کو پلاتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

عزت احترام کے لیے

اس نقش کو لکھ کر بازو کے اوپر تعویذ میں ڈال کر باندھے تمام خلق جہاں اس پر مہربان ہوگی اور اس کی بزرگی دل سے مانے گی۔ اس نقش کی برکت سے۔

۲۲ع۶۸ ۸	۲۲ع۷۱ ۲	۲۲ع۷۴ ۱۳	۲۲ع۶۱
۲۲ع۷۳ ۱۳	۲۲ع۶۲ ۲	۲۲ع۶۷ ۷	۲۲ع۷۲ ۱۲
۲۲ع۶۳ ۳	۲۲ع۷۶ ۱۶	۲۲ع۶۹ ۹	۲۲ع۶۶ ۶
۲۲ع۷۰ ۱۰	۲۲ع۶۵ ۵	۲۲ع۶۴ ۴	۲۲ع۷۵ ۱۵

دردِ سر کے واسطے

یہ نقش دردِ سر کے لیے نہایت اچھا ہے۔

عگگ
وا
ع ۷ ۳ محمد ع ۷ ۳

صرع کا عارضہ

اگر کسی کو صرع کا عارضہ لاحق ہوگیا ہو اور شدید دورے پڑتے ہوں تو زعفران اور عرق کے گلاب سے باوضو حالت میں یہ نقش مبارک لکھے۔

۷۸۶

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ — مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

		الله		
	علی	الا	علی	
علی	۴	۹	۲	علی
الله	۳	۵	۷	رسول
علی	۸	۱	۲	علی
	علی	علی	علی	

اس طلسم کو کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر اور کھانے میں ملا کر مطلوب کو کھلائیں اور بطور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مطیع و

مسخر ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

واااا ۱۱۱۵ ۱۰۹۱۵۱۶۱۵ ۱۱۰ ۱۱۶ وم ۱۹۱۶ ۱۱ وھ ۹

راح ۱۱ ودم ۱۱ ۱۱لا ۱۱۶۹۱۹ ۹۱۱

فلیتہ بیتابی محبوب کے لیے

اس طلسم کو مطلوب کے کپڑے پر لکھ کر اور فلیتہ بنا کر چراغ میں جلائیں مطلوب بے قرار ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

ل ۹۰ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱۶۱۳ ۹-۱م ھ ع ع

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

طلسم حاضری محبوب کے لیے

اس طلسم کو دوشنبہ کے دن اوّل ساعت میں لکھ کر آگ میں ڈالیں مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

ی ۱۱ ۱۲۱۲ ۱۱۱ ۶۶۲ ۱۱ ھ سلمہ ھے

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

فلیتہ فریفتگی محبوب کے لیے

اس اسم کو لکھ کر کاغذ پر فلیتہ بنائیں اور کورے چراغ میں روشن کریں۔ چراغ

کا رُخ خانہ مطلوب کی طرف ہو، مطلوب بے قرار ہو گا۔ اسم یہ ہے۔

۱۸ ۷ ۲ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱ ھ ۂ ط ط ء م

طلسم خاص

دوستی بڑھانے اور کسی کو فریفتہ کرنے کے لیے اور اپنے پاس بُلانے کے لیے اس طلسم کو کاغذ پر لکھیں اور بکری کے دل میں رکھیں مطلوب عاشق ہو کر حاضر ہو گا۔

۹۱۱ ۱۸۸ ۸۱۸۲ ۱۱ ۱۱۱

اوسما یلدط

عواط ہ لہ ایلادجمع

بہ لو ۱۱۱ ھعر اور حراس

ھصرء وما السعرحسوا ھبطن

فلان بن فلاں وکان علی فلاں بن فلاں حرك اك اوك

حرك اك اوك کوناعمن لوا ھا

یہ الفاظ نقش کے نیچے لکھے۔

نرینہ اولاد کے لیے مجرب

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوں اور وہ چاہتے ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں نرینہ اولاد سے نوازیں تو درج ذیل آیت کو باوضو عرق گلاب زعفران سے دو عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں لٹکائیں اور دوسرا عورت کو پانی میں حل کر کے پلا دیں۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ○ (النساء آیت ۱)

دیگر اسی طرح حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ڈھائی ماہ حمل پر گزریں تو خاوند یا کوئی دوسری عورت حاملہ کی ناف کے گرد انگشتِ شہادت سے دائرہ بنائے اور اسم پاک "یَا مَتِیْنُ" کہے۔ اسی طرح ستر بار دائرہ بنائے اور اسم پاک کہے۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھ لیں۔ یہ عمل سات دن یا گیارہ دن کیا جائے، انشاء اللہ بیٹا ہی پیدا ہو گا۔

برائے اولاد نرینہ

اس آیت مبارکہ کو اتوار یا جمعہ کے روز باوضو لکھ کر حاملہ عورت کے گلے

میں پہنا دیں کہ تعویذ ناف کے قریب رہے انشاء اللہ بیٹا پیدا ہو گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسۡمُهٗ يَحۡيٰى لَمۡ نَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ قَبۡلُ سَمِيًّا ۝

(مریم آیت ۷)

حصولِ اولاد نرینہ و مانع اسقاط

ایک چینی کی پیالی میں

"یَا رَحۡمٰنُ ۷۸۶"

لکھ کر حاملہ کو ابتدائے حمل سے وضع حمل تک گلاب و زعفران سے لکھ کر اور دھو کر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ اسقاط نہ ہو گا اور بیٹا ہی پیدا ہو گا۔ ایک نقش کاغذ پر

"یَا رَحۡمٰنُ"

لکھ کر حاملہ کے گلے میں لٹکائیں۔

اولاد نرینہ کے لیے

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا نہ ہوتا ہو کر مر جاتا ہو تو وہ پورے ایام حمل میں روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر نہار منہ عورت کو کھلائے انشاء اللہ لڑکا صاحب عمر پیدا ہو گا۔ آیت شریف یہ ہے۔

يُذَبِّحُ اَبۡنَآءَهُمۡ وَيَسۡتَحۡىٖ نِسَآءَهُمۡ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ۝

وَنُرِيۡدُ اَنۡ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَنَجۡعَلَهُمۡ اَئِمَّةً وَّنَجۡعَلَهُمُ الۡوٰرِثِيۡنَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ۔

(قصص۔ آیت ۵ تا ۶)

حصول وارث کے لیے

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اس کا دل چاہتا ہو یا کوئی دولت مند ہو مگر وارث نہ ہو اس کے لیے اس آیت کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ایک سو سترہ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ ایک سال کے عرصہ میں اولاد پیدا ہو گی۔ آیت یہ ہے۔

وَهُوَ الَّذِىۡ يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا وَيَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الۡوَلِىُّ الۡحَمِيۡدُ ۝

(شوریٰ۔ آیت ۲۸)

حصولِ اولاد کے لیے

اگر عورت بانجھ ہو اور طلب اولاد کی رکھتی ہو تو حیض سے پاک ہونے کے بعد اکیس دن تک روزانہ سیب پر یا ابلے ہوئے چھلکا اترے انڈے پر لکھ کر نہار منہ عورت کھائے۔ انشاء اللہ صاحب اولاد ہو گی۔ آیت یہ ہے۔

لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ الذُّكُوۡرَ ۝ اَوۡ يُزَوِّجُهُمۡ

ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ج (شوری۔آیت ۴۹،۵۰)

اولادِ نرینہ کے لیے

نرینہ حمل کے لیے گوشت کا ایک ٹکڑا لے کر پکایا جائے پھر اس میں سے ایک حصہ الگ کر کے اس پر ان آیتوں کو گیارہ بار پڑھ کر عورت کو کھلایا جائے تو اللہ کے فضل سے بیٹے کی امید پیدا ہو جاتی ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ط قَالُوْا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝ قَالُوْا كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝

(ذاریات ۲۶ تا ۳۰)

تعویذات سے بیماریوں کا علاج

آدھے سر کا درد دور ہو

اس نقش کو لکھ کر گھول کر مریض کو پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ آدھا سیسی یعنی درد شقیقہ جاتا رہے گا۔

یَا اَللّٰہُ

بچہ نہ ڈرے

جو بچہ رات کو خواب میں ڈر کر رونے لگ جائے تو یہ نقش اس کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ پھر نہ ڈرے گا۔

۷۸۶

۲۹	۳۲	۳۵	۲۲
۳۴	۲۳	۲۸	۳۳
۲۴	۳۷	۳۰	۲۷
۳۱	۳۶	۳۲	۲۶

گلے کا درد دور ہو

نقش ہذا کو گلے میں باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ گلے کا درد دور ہو

جائے گا۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

یرقان سے شفا ہو

اس نقش کو لکھ کر اور گھول کر اس پانی سے مریض کا مُنہ دُھلاوے تو مریض جلد صحت یاب ہو جائے گا۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

بچہ دانت آسانی سے نکالے

جو بچہ دانت نکلنے کی وجہ سے بیمار اور روتا رہے اُس کیلئے یہ نقش "یا متین" لکھے اور شہد سے مٹا کر اُس کے مسوڑھوں پر ملے انشاءاللہ دانت نکلنے میں آسانی ہو گی۔

۷۸۶

ن	ی	ت	م
۴۲	۴۱	۴۹	۱۱
۴۳	۴۲	۸	۴
۵	۴	۴۴	۴۷

بچہ رونے سے باز رہے

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے تو وہ رونے سے باز رہے گا۔ اور ضد نہ کرے گا۔ آزمودہ ہے۔

۶	۱۲۲	۱۳	۱۴۰
۱۳۹	۱۳	۱۴۲	۲
۱	۱۴۰	۷	۱۱۳
۴۹	۹	۱۳۴	۳۰

درد شقیقہ دُور ہو

یہ نقش بروز اتوار لکھے اور کیل پر باندھ دے تو انشاءاللہ سر کا درد دُور ہو جائے گا۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

۴۰	۵	۳۷	۲
۴۶	۲۷	۳۲	[illegible]
۵۳	۳۴	۲۵	۵۷
۸۶	۲۴	۵۸	۷۸

کان کے درد کو آرام ہو

اس نقش کو انار کے پانی سے لکھ کر درد والے کان پر باندھیں تو انشاءاللہ

مرض جاتا رہے گا۔

۸۷	۳۴	۲	۸۰
۴۷	۴۳	۳۸	۵۲
۳۵	۵۳	۴۵	۵۴
۸	۲۷	۵	۲۵

تجاری (تپّہ) تاپ ہٹ جائے

اس نقش کو اشٹ گندھ سے ۲ کے عدد سے شروع کر کے بھوج پتر یا پیپل کے پتے پر لکھ کر مریض کے بازو پر باندھے۔ تو تپہ تاپ سے نجات ہو۔

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

بخار جاتا رہے

یہ پندرہ کا تعویذ دو عدد پان پر چونے سے ۱ کے عدد سے شروع کر کے ۹ تک لکھے اور بخار والے آدمی کو ایک کھلاوے اور ایک اس کے گلے میں باندھے۔ بخار جاتا رہے گا۔ لیکن پندرہ کا نقش پہلے سدھ کر لینا چاہیے۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

دشمن کو تکلیف پہنچے

اس تعویذ کو اتوار کے دن لکھ کر چلتے کولہو میں ڈال دیں تو دشمن ضرور تکلیف پڑے گا۔

۸۶	۶۲	۶
۶۶	۵۶	۳۷
۶۲	۱	۳۰

لڑکا پیدا ہوگا

جس عورت کے لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اُس کے گلے میں یہ نقش لکھ کر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

۸۱	۰۶	۷	۱
۶۳	۰	بھا	۰۵
۰۵	۷	۳	۲
۳	۱۰۱	۶	۳

بانجھ پن دُور ہو

یہ تعویذ بانجھ استری کو گھول کر پلادے تو انشاءاللہ تعالیٰ ضرور با اولاد ہو جائے گا۔ بارہا آزمودہ ہے۔

۷	۲	۲۷	۲۰
۲۳	۴	۳	۶
۱	۸	۲۱	۴۸
۲۵	۲۱	۵	۴

نظرِ بد سے محفوظ رہے

اگر اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے تو نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

۳۳	۳۳	۳۳	۳۳
۳۳	۳۳	۳۳	۳۳
۳۳	۳۳	۳۳	۳۳
۳۱	۳۳	۳۳	۳۳

سُوکھیا مسان دُور ہو

جس عورت کے بچے سوکھ کر مر جاتے ہوں۔ اُسے گھول کر پلادے۔ لیکن عورت مذکور کو لازم ہے کہ اپنی صحت کا پورا خیال رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سوکھا

دور ہو جائے گا۔ عورت کھانے پینے کا پرہیز رکھے۔

۴۷	۴۷	۷	۴۷
۵۹	۵۸	۵۱	۵۸
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۹	۳۹	۳۹	۳۹

پرچھائیں کا اثر جاتا رہے

اس نقش کو لکھ کر گھول کر پلا دینے سے پرچھائیں کا اثر جاتا رہے گا۔

ے	ے	۳
ے	ے	۳
ے	ے	۳

بچہ آسانی سے پیدا ہو

یہ نقش سرخ صندل سے کانسے کی تھالی پر لکھ کر بچہ پیدا ہونے کے وقت عورت کو پلادے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہو اور لڑکا پیدا ہوگا۔

۱۸	۲۵	۲	۷
۱	۳	۲۲	۳۱
۲	۲۶	۵۲	۱
۴	۱۷	۳	۳۲

دافع بخار ہر قسم

یہ نقش ہر قسم کے بخار کو دُور کرتا ہے۔ اسے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے۔

۳	۲	۱
۶	۵	۴
۹	۸	۷

پیٹ کا درد دُور ہو

اس نقش کو لیموں کے ست کے ساتھ لکھ کر لیموں کے پانی سے دھو دے اور وہ پانی مریض کو پلادے تو انشاءاللہ پیٹ درد دُور ہوگا۔

۳۲۰	۱۰۳	۱۸
۱۵	۱۱	۱۸
۱۶	۲۱	۲۲

مویشی سے نظر بد دُور ہو

بعض بد طینت انسان کسی اچھے خوبصورت اور زیادہ دودھ دینے والے مویشی کو نظر لگادیتے ہیں۔ ایسی صورت میں یہ نقش لکھ کر نیلے دھاگے میں باندھ کر مویشی کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

۷۷	۷۷	۷۷	۷۷
۷۷	۷۷	۷۷	۷۷
۷۷	۷۷	۷۷	۷۷
۷۷	۷۷	۷۷	۷۷

ڈاڑھ درد دُور ہو

نقش ہذا کو لکھ کر منہ پر باندھ لے۔ خواہ کتنا ہی شدید درد ہو انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد آرام پائے گا۔

۷۰	۱۷	۲	۷
۸	۶	۷۴	۳
۷۶	۷۱	۲۷	۱
۴	۵	۷۹	۷۳

چیچک سے آرام ہو

اس نقش کو لکھ کر گھول لے اور وہ پانی مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالےٰ بہت جلد صحت پائے گا۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

سانپ کا زہر دور ہو

اس نقش کو کاغذ پر لکھے اور لکھ کر مار گزیدہ کو پلاوے۔ زہر فوراً اُتر جائے گا
اور مریض صحت یاب ہوگا۔

///	//	//	|||
//	||||	|	||||
≡	×	V	≡
≡	|	=	|||

نظرِ بد کا اثر دُور ہو

اس ہیں کے نقش کو سُرخ چندن سے لکھ کر دھوپ دے کر تانبے کے تعویذ
میں منڈھوا کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد کا اثر جاتا رہے گا۔

٨	٦	٢	٤
٦	٨	٤	٢
٢	٤	٨	٦
٤	٢	٦	٨

روزانہ بخار ہٹ جائے

جس شخص کو روزانہ بخار ہوتا ہو۔ یہ نقش ٹھیکری پر لکھ کر اس کے ہاتھ سے کنوئیں

میں گراوے۔ دو تین دن ایسا کرنے سے بخار سے چھٹکارا پاوے۔

—	٢	٨٩	٨٢
٨٥	٨٦	٣	٦
١	٨	٨٣	٨٨
٨٥	٨٤	٥	٤

بُرے خواب نہ ستائیں

جس شخص کو بُرے بُرے خواب آتے ہوں وہ اس نقش کو لکھ کر سوتے وقت
اپنے سرہانے رکھ لیا کرے تو بُرے سپنے اُسے نہ آیا کریں گے۔

پھم	پم	سنگ	ہنگ
جنگ	دھنگ	دنگ	ینگ
دنگ	منگ	ینگ	نگ
دنگ	جنگ	ینگ	چنگ

خوف دُور ہو

اس نقش کو مالکنگنی کے پانی سے کاغذ پر لکھ کر گلے میں باندھے تو انشاءاللہ
خوف و خطر دور ہوگا۔ بہت زود اثر ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

नं	[illegible]	म	उ
मं	का	न	दं
मा	ल	र	३
गो	र	गि	नं

تپ لرزہ جاتا رہے

جس شخص کو کاپنے کا بخار آتا ہو۔ اُس کے لیے یہ نقش لکھے اور اُس کے گلے میں ڈال دے۔ یا بازو پر باندھے یا گھول کر پلا دے۔ بخار دور ہو گا۔

یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ

دھرن (ناف) ٹل جائے

اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر نابالغہ اور کنواری لڑکی سے سوت کے سات تار کتوا وے اور ان تاروں میں باندھ کر ناف پر باندھے تو اصلی ٹھکانے آ جاوے

۳	۲	۶	۰
۰	۶	۳	۲
۲	۰	۳	۶
۶	۰	۲	۳

برائے دفعیۂ کثرت حیض

جس عورت کو حیض نہایت زور سے آتا ہو اُس کے لیے یہ نقش ہرن کی کھال پر لکھے اور عورت کی بائیں ران پر باندھ دیوے تو خون بفضل خدا بند ہو گا۔

۷۸۶

۲	۱۲	۱۳	۱
۱۴	۴	۷	۳
۳	۱۶	۶	۶
۱۰	۵	ع۵	۱۰

مرگی سے نجات

یہ نقش یا محیط لکھ کر صرع (مرگی) والے کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس عارضہ سے رہائی پاوے۔

۷۸۶

م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط
ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی

دوا اثر کرنے لگے

جس شخص کو دوا اثر نہ کرتی ہو یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اسکو دوا فائدہ کرنے لگے گی۔

۷۸۶

۱۱	۱۱	۱۸
۱۷	۱۵	۱۱
۱۲	۱۹	۱۵

یرقان دُور ہو

جس شخص کو عارضہ یرقان یعنی پیلیا دامن گیر ہو یہ نقش گھول کر اس کے پانی سے مریض کا منہ دُھلا دیں۔ بفضل خدا بہت جلد صحت پاوے گا۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

دافع امراضِ لقوہ

فالج یا عرق النساء جو شخص ان امراض میں سے کسی ایک میں مبتلا ہو یہ تعویذ لکھ کر اُس کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ صحت پاوے۔

۷۸۶

۱۰۲۲	۱۰۱۷	۱۰۲۴
۱۰۲۳	۱۰۲۱	۱۰۱۹
۱۰۱۰	۱۰۲۵	۱۰۲۰

بواسیر جاتی رہے

یہ نقش لکھ کر مریض کی کمر میں باندھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ تو وہ مریض بواسیر کے مرض سے آرام پائے گا۔

۱۲	۳۵	۳۸	۵
۳۷	۶	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۹	۸	۳۹

باؤلہ کُتا کاٹے کو شفا حاصل ہو

اس نقش کو لکھ کر مسموم کے گلے میں ڈالیں اور ایک نقش روزانہ گھول کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں شفا پاوے گا۔

۷۸۶

۳۴۱۱	۳۴۰۶	۳۴۱۳
۳۴۱۲	۳۴۱۰	۳۴۰۸
۳۴۰۷	۳۴۱۴	۳۴۰۹

اُونٹ، بندر وغیرہ جانوروں کے کاٹے کو آرام ہو

جس کو کوئی ایسا جانور کاٹ لے وہ یہ نقش کاغذ پر لکھ کر اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے تو مضرت سے محفوظ رہے گا۔ نقش اگلے صفحہ پر

۷۸۶

۲۸۰۹۷	۲۸۰۹۲	۲۸۰۹۹
۲۸۰۹۸	۲۸۰۹۶	۲۸۰۹۴
۲۸۰۹۳	۲۸۱۰۰	۲۸۰۹۵

سانپ بچھو وغیرہ

زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوئے کے لیے "یا حی" کا نقش نہایت مفید ہے اسے گھول کر پلا دینا چاہیے۔

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

وضع حمل کی تکلیف دُور ہو

بچہ پیدا ہونے سے کچھ دیر پہلے یہ نقش لکھ کر عورت کی کمر میں باندھ دے بچہ بآسانی پیدا ہو گا۔ لیکن بچہ پیدا ہوتے ہی یہ تعویذ کھول دینا چاہیے۔

۷۸۶

۷۲۱۱	۷۲۱۴	۷۲۱۷	۷۲۰۴
۷۲۱۹	۷۲۰۵	۷۲۱۰	۷۲۱۵
۷۲۰۹	۷۲۱۹	۷۲۱۲	۷۲۰۹
۷۲۱۳	۷۲۰۸	۷۲۰۷	۷۲۱۸

وبا کا اثر نہ ہو

اگر کوئی وبا پھیلی ہو تو جو شخص سامنے کے تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ وبا کے اثر سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۹۳۶۴	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

دردِ شکم دُور ہو

یہ نقش درد شکم کے لیے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

۷۸۶

۱۵۵۵	۱۵۵۰	۱۵۵۷
۱۵۵۶	۱۵۵۴	۱۵۵۲
۱۵۵۱	۱۵۵۸	۱۵۵۳

درد گردہ کے لیے

اس نقش کو لکھ کر کمر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد درد گردہ سے نجات مل جائے گی۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

۷۸۶

۸	۶	۳	۲
۲	۳	۶	۸
۶	۸	۲	۳
۳	۲	۸	۶

ہَولِ دل اور دردِ دل

اس کے لیے یہ نقش جمعہ کے روز سے سورج نکلنے سے پہلے لکھا کرے۔ روزانہ سات دن تک لگاتار لکھے۔ ہر روز ایک تعویذ گھول کر مریض کو پلائے۔ بفضلِ خدا صحت یاب ہوگا۔

۷۸۶

۲۲۳۱	۲۲۳۵	۲۲۳۸	۲۲۶۴
۲۲۳۷	۲۲۲۵	۲۲۳۰	۲۲۳۶
۲۲۲۱	۲۲۴۰	۲۲۲۳	۲۲۲۹
۲۲۳۴	۲۲۲۸	۲۲۳۸	۲۲۳۹

بانجھ پن دُور ہو

اگر بانجھ عورت یہ تعویذ گلے میں ڈالے تو بفضلِ خدا بانجھ پن دُور ہوگا۔

۷۸۶

۵	۱۲	۱
۲	۶	۱۰
۱۱	یا حی	۷

سفر میں تھکاوٹ اور کسی قسم کی تکلیف

اگر سفر جاتے وقت کوئی شخص یہ نقش لکھ کر حفاظت سے اپنے ساتھ لے جائے انشاءاللہ تعالیٰ اُسے راستے کی تکان یا کسی قسم کی تکلیف نہ ستائے گی۔

۷۸۶

مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی
قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم

وبائے ہیضہ

وبائے ہیضہ کے دنوں میں یہ تعویذ اپنے گلے میں پہنے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بیماری سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۱۴	۱۹	۱۸	۲۹

متفرق علاج

شراب کا نشہ اُتر جائے
ایک تولہ پھٹکری دودھ میں ملا کر پلاوے یا ذرا سی اصلی ہینگ پانی میں گھسا کر پلاوے تو نشہ جلد اُتر جاوے گا۔

بخار دُور ہو
مکڑی کا پُرانا جالا گڑ میں ملا کر کھاوے۔ تو تپ بخار دُور ہو جائے گا۔

بچھو کا زہر دُور ہو
نوشادر اور چونہ باہم ملا کر سنگھاؤ فوراً بچھو کا زہر اُتر جائے گا۔

تپ تاپ جاتا رہے
بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے مریض کے دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی پر لال مرچ پانی میں رگڑ کر سفید کپڑے پر لگا کر باندھ دو۔ جوں جوں مرچ خشک ہوگی انگلی کو جلن پہنچے گی بخار ہٹتا جائے گا۔

اُڑے ہوئے بال پیدا ہو جائیں
ہاتھی دانت کا برادہ بھیڑ کے دودھ میں پیس پیس بھر ۲ رتی رسونت ملا کر جہاں کے بال اُڑ گئے ہوں لیپ کرے تو بال پیدا ہو جائیں گے۔

دانت آسانی سے نکلیں
سرس کے بیجوں کی مالا بنا کر گلے میں پہناوے تو بچے کے دانت آسانی سے نکلیں گے۔

ناک میں ناسور نہ رہے
دن میں مریض کو سُلا کر سانپ کی کینچلی پانی میں گھس کر لگائے۔ خشک ہونے پر مریض کو جگا دے

پانچ مرتبہ یہی عمل کرنے سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

حمل قائم ہو
جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو اُسے بعد فراغت حیض چھ ماشہ ناگ کیسر چوتھے دن سے آٹھویں دن تک کھلا دے تو حمل قائم ہو جائے گا۔

پُرانا بخار جاتا رہے
مریض کے جسم میں بکری کا خون داخل کریں۔ بخار دور ہو جائے گا۔

قے کرانا
اگر قے کرانے کی ضرورت ہو مگر آتی نہ ہو تو تربوز کے پھل کی جڑ پیس کر پلاوے۔

سنکھیے کا اثر دُور ہو
چینی اور میگنیشیا ملا کر دینے سے سنکھیا کا زہر دور ہو۔ یا گولر کی جڑ کی چھال پانی میں ملا کر پلائے۔

مُنہ سے پیاز کی بدبُو نہ آئے
پیاز کھا کر اوپر سے سرکہ اور اجمود ملا کر پی لے۔ یا قہوہ سیاہ کا ایک پیالہ پی لے تو منہ سے پیاز کی بدبو نہ آئے گی۔

نافع بواسیر
چونے میں تمبا کو ملا کر اسکی دھونی دے تو مسے کٹ جائیں اور تکلیف دور ہو۔

دردِ شقیقہ
یعنی آدھے سر کے درد والے کو گائے کے گھی میں شورہ ملا کر سنگھائیں تو فوراً آرام ہو گا۔

آگ سے جلے ہوئے کا علاج
چونہ پانی اور مٹی کا تیل ملا کر مقام سوختہ پر لگائے ٹھنڈ پڑ جائے گی۔

ہچکی بند ہو
چار چھٹانک پانی میں چار ماشہ رائی ڈال کر جوش دے پھر اُسے مل چھان کر مریض کو پلائے۔ ہچکی بند ہو۔

رات کو مچھر نہ ستائیں
لونگ کا تیل چارپائی پر چھڑک دیں مچھر بالکل نہ آئیں گے۔

بچے بُری نظر لگ جائے
تین سرخ مرچ لے کر انہیں سات بار بچے کے سر سے اُتار دو۔ پھر انہیں آگ میں ڈالو۔ دھانس نہ اُٹھے گی اور نظر بد کا اثر دور ہو۔

تنتر چوتھیہ بخار
جب اتوار کو کچھ نکشتر آوے تو مریض کوئیں کی منڈیر پر بیٹھ جائے اور اپنی ٹانگیں کنوئیں میں لٹکا دے۔ دس منٹ تک اسی صُورت میں بیٹھا رہے۔ اللہ کا نام لیتا رہے۔ چند بار ایسا کرنے سے چوتھیہ بخار دور ہو جائے گا۔

پسّو مر جائیں
رات کو کسی پیتل کے برتن میں پانی بھر دے اور اس میں سرسوں اور مٹی کا تیل ایک ایک قطرہ ڈال کر چارپائی کے نیچے رکھ دیں پسو چارپائی سے نکل کر سب کے سب برتن میں آگریں گے اور مر جائیں گے۔

ڈبہ اطفال
سینیچر وار کو خرگوش کے خون کی گولی بنا کر بچے کو دیوے تو بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔

آواز صاف اور سُریلی ہو
مصری، سونٹھ اور شہد ملا کر چاٹے تو آواز نہایت صاف اور سُریلی ہو جائے گی۔

بہرہ پن دور ہو
دشمول کا جوشاندہ تیل میں پکا کر کان میں ڈالے یا اونگہ کی جڑ اور منسل شہد میں ملا کر چاٹے تو بہرہ پن دور ہو گا۔

قوتِ بصر کا ٹوٹکہ
موسمِ برسات میں مکو جڑ سمیت لا کر اسے تیل میں پکائے اور اسے ہر روز ایک ماہ تک کھاوے تو نظر نہایت تیز ہو جائے

آنکھ سے پانی بہنا بند ہو
سفید سونٹھ کی جڑ گھی میں پیس کر سلائی سے آنکھ میں ڈالے تو پانی بہنا بند ہو۔

ڈاڑھ کے کیڑے مر جائیں
ہرڑ کا سفوف شہد میں ملا کر تھوڑی دیر کسی تانبے کے برتن میں بھونے پھر اُسکی گولی بنا کر نیچے رکھے یا گنجر کی جڑ کان میں باندھے تو ڈاڑھ کے کیڑے مر جائیں۔

مسے اور کیل جھڑ جائیں
تج دھنیا اور لودھ ہم وزن لے کر پیس لے پھر ان کا لیپ مسّوں اور مہاسوں پر کرے تو سب جھڑ جائیں۔

آنکھ کی سب بیماریاں دُور
بندر کی بیٹ کا لیپ کرے آنکھ کی سب بیماریاں ہو جائیں گی۔

مکڑی کا زہر دُور
ناگ کیسر، مجیٹھ اور دونوں قسم کی ہلدی ان چاروں کا لیپ بنا کر جائے گزیدہ پر لگا دے تو مکڑی کا زہر دُور ہو گا۔

باؤلے کُتے کا زہر دُور
آک کا دودھ۔ گڑ اور تیل کا لیپ کرنے سے باؤلے کتے کا زہر اُتر جاتا ہے یا اونگا کی جڑ پیس کر شہد کے ساتھ چاٹے اور مرغ کی بیٹ کا لیپ کر دے تو جلد آرام آجائے گا۔

سانپ کا زہر اُترے
سفید سانٹھ کی جڑ کا لیپ کرنے سے سانپ کا زہر اُتر جائے گا۔

چُوہے کے کاٹے کا زہر دُور
سرسوں، کیسر، مٹھا (چھنا ہوا دہی)، اور گھی ہم وزن لے کر پلانے سے چوہے کا زہر دُور ہو۔

مینڈک کا زہر دُور ہو — نر کتا اور چولائی پیس کر پلانے سے مسموم جلد صحت پائے گا۔

بچھو کا کاٹا صحت پاوے — مُرغ، کبوتر اور مور کی بیٹ اور آک (مدار) کی جڑ چاروں کو برابر پیس لیں۔ جہاں کہیں بچھو نے کاٹا ہو، ان کی دھونی دے تو سب زہر جائے اور مسموم تندرست ہو۔

آدمی عورت نظر آئے — آدمی کی کھوپری میں لال چر مٹی بو دے جب پھل لگے تو اُن کو محفوظ رکھے جب کوئی آدمی اُسے اپنے منہ میں رکھے گا عورت دکھائی دے گا۔

سوزاک کافور ہو — روغن صندل ۴ بوند دس تولہ پانی میں ملا کر سات دن تک پیئے تو مرض سوزاک کافور ہو جائے گا۔

بوائی کی دوا — سلفیٹ آف کاپر ایک ڈرام تین اونس پانی میں حل کر کے لگا دے۔

بچہ آسانی سے پیدا ہو — سفید سانٹھ کی جڑ رحم میں رکھنے سے بچہ بآسانی پیدا ہو۔

بانجھ، اولاد والی ہو — گوکھرو کے بیج نر گندٹی کے پانی میں ڈال کر اوّل تو تین دن پینے سے ہی حاملہ ہو ورنہ سات دن میں تو ضرور ہی بار ور ہو۔

بوڑھا جوان ہو جائے — ثعلب مصری۔ موصلی اور مرود پھلی ہم وزن کا سفوف بنا کر رکھے اور ہر روز گائے کے دودھ کے ساتھ پیوے تو نئی جوانی حاصل ہو گی۔

مانع حمل — اندھیرے پاکھ کی چودس کو دھتورہ کی جڑ لا کر کمر سے باندھے تو وہ عورت حاملہ نہ ہو۔

ڈاڑھ درد دُور ہو — مُردہ آدمی کا دانت مہیا کر کے گلے میں باندھے ڈاڑھ درد دور ہو گی۔

افیون کا زہر دُور کرنا — تخم ارنڈ گھس کر پلا دیں۔ یا دو تین ماشہ ہینگ پلا دیں افیون کا زہر ختم ہو جائے گا۔

بند پیشاب جاری ہو جائے — چوہے کی مینگنیں سرکہ میں حل کر کے مریض کے پیڈو پر ملیں پیشاب جاری ہو

نکسیر بند ہو — نکسیر کے خون سے ہی مریض کا نام اُس کے کپڑے پر لکھے تو نکسیر بند ہو۔

کھانسی کے لیے مفید — نیم کے پتے آگ پر گرم کر کے نمک ملا کر کھانا کھانسی کے لیے مفید ہے۔

خارش کو نافع — روغن چنبیلی عرق گلاب عرق لیموں باہم ملا کر ملے تو خارش دُور ہو جائے گی۔

ناخنہ دُور ہو — بکری کے پتے میں شہد ملا کر پیسے اور آنکھوں میں لگائے سُرخی دُور ہو۔

دمہ کیلئے اکسیر نسخہ — مغز کر نجوا۔ پیپل پیس کر ادرک کے عرق میں سیاہ مرچ جتنی گولیاں بنا کر صبح و شام کھایا کریں۔ بادی ترشی سے پرہیز رکھیں۔ فائدہ ہو گا۔

مارگزیدہ کا علاج — ریٹھے کا پوست پانی میں اُبال کر گھنٹہ گھنٹہ بعد پلائے تو سب زہر قے کے ذریعے نکل جائے اور مسموم تندرست

ہو جائے گا۔

دانتوں کیلئے مفید منجن سر دچینی۔ پھٹکڑی۔ ماز و پھل۔ کافور۔ کتھ۔ سب ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور کپڑ چھان کر کے استعمال میں لائیں۔ دانتوں کی سب امراض انشاء اللہ تعالیٰ دور ہوں گی۔ بہت مفید ہے۔

سر کے درد کو نافع ساٹھی کے چاول آک کے دودھ میں بھگو کر سایہ میں سکھالیں۔ پھر بہت باریک رگڑ کر محفوظ کر لیں۔ سر درد کے مریض کو صرف ایک بار سنگھانے سے آرام ہو جائے گا۔

جادو کا مرہم پھٹکڑی ایک تولہ۔ طوطیا ۳ ماشہ۔ رال ایک تولہ۔ کتھ پاپڑیا ایک تولہ۔ میٹھا تیل ۴ تولہ۔ پانی ۴ تولہ۔ پہلے پانی اور تیل کو ایک کانسی کی تھالی میں ڈال کر خوب حل کریں۔ حتیٰ کہ یہ مکھن کی طرح ہو جائے پھر باقی چیزیں باریک کپڑے میں شہد ملا کر خوب چھینٹیں مرہم تیار ہونے پر ڈبہ میں محفوظ کر لیں۔ یہ مرہم ہر قسم کے زخموں، پھوڑا، پھنسی، ناسور، کھجلی، زخم بندوق اور چوٹ پر فائدہ کرتا ہے۔

بچہ رونے سے باز رہے بکری کی مینگنیاں بچے کے سرہانے رکھ دے تو آرام سے سوئے اور بالکل نہ روئے۔

کان میں درد ہو سکھدرشن کے پتوں کا عرق آگ کے ذریعے نکال کر کان میں ڈالیں۔

شب کوری (رتوندی) کو نافع شہد خالص ایک ماشہ عرق سونف میں ملا کر آنکھ میں لگا دے یا پیاز کا پانی یا سرس کے پتوں کا رس آنکھ میں لگائے تو آرام آ جائے گا۔

انگ پھڑنا پھل

بعض اوقات انسان کے اعضاء یکایک پھڑکنے لگتے ہیں۔ پرانے لوگوں نے اس پھڑکنے کو بھی کسی نہ کسی آنے والے واقعہ کا پیش خیمہ بتایا ہے اس لیے ذیل میں اعضاء پھڑکنا اور ان کا نتیجہ لکھا جاتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ آدمی کا دایاں اور عورت کا بایاں انگ پھڑکنا اچھا ہوتا ہے۔

نام عضو	نتیجہ	نام عضو	نتیجہ
سر پھڑکے	نقصان ہو	دایاں انگوٹھا	دولت ملے
دایاں کان	بلندی مرتبہ	دائیں پاؤں کی انگلی	دولت ملے
دائیں آنکھ کا نچلا حصہ	مقصد حاصل ہو	دایاں ہونٹ اوپر کا	نیک نامی و شہرت
بایاں کان	بیماری کی علامت	بایاں بازو	خوشی ہو
بائیں آنکھ	خوبصورت عورت ملے	کمر	فکر دور ہو
ابرو دائیں	بیٹا پیدا ہو، خوشی ہو	نچلا ہونٹ	لذیذ کھانا ملے
رخسار دائیں	نقصان	نچلے دانت	شرمندگی ہو
ابرو بائیں	دوست خاطر سے	دایاں کندھا	رنج
	پیش آئے۔	بایاں کندھا	دشمن پر غلبہ
رخسار بائیں	قصوروار ہو	دائیں ہتھیلی	دولت ملے
ناک	دوست ملے	بائیں ہتھیلی	نقصان ہو
دایاں بازو	تکرار	دایاں پنجہ پاؤں	عزت

نام عضو	نتیجہ	نام عضو	نتیجہ
بایاں پنجہ پاؤں	گم شدہ کی خبر ملے	گلا	آرام ملے
دایاں گھٹنا	چغلی ہو۔ رنج پہنچے	پیٹھ	شکست ہو
بایاں گھٹنا	دشمن پر فتح	چھاتی	نفیس پوشاک ملے
عضو خاص	عورت ملے	ہاتھ	آمدنی ہو
ٹھوڑی	خوف ہو	شانہ	عزت ملے
پیشانی	زمین ملے	آنت	دولت اکٹھی ہو
سرین	سواری ملے	منہ	دوست ملے
پلک	سرکار سے فائدہ	چھوٹی انگلی	بدنام ہو
منہ	دوست ملے	سب انگلیاں	بہت خوشی حاصل ہو
دل	اُمید بر آئے	ناک	دوست ملے

پہلا حصّہ

محبوب کو فی الفور تسخیر کرنے والا

موہنی عمل

کیڑا ذرا سا اور وہ پتھر میں گھر کرے
انسان وہ کیا جو نہ دل دلبر میں گھر کرے

جب محبوب تک رسائی نہ ہو تو اسکے بالوں کے ذریعے تسخیر کرنیکا عمل

تم جسے پیار کرتے ہو جس کا عشق تمہارے دل میں ترازو ہو گیا ہے جس کے تیر نظر کے تم گھائل ہو چکے ہو اس کا مجسمہ اسکی ہو بہو تصویر ذرا غور سے اپنے اندر جھانک کر دیکھو تمہارے دل میں موجود ہے اسکی جی جان سے حفاظت کرو اس کو دھندلا یا میلا نہ ہونے دو۔ اگر تمہارے دل میں اس کے لیے سچی محبت ہے تو یہ تصویر لوح دل سے محو ہونے کی بجائے روز بروز زیادہ روشن اور صاف ہوتی جائے گی تم اپنے آپ کو عاشق صادق کہتے ہو تمہارے سچے عاشق ہونے کی سب سے بڑی نشانی یہ ہو گی کہ معشوق کو جس طرح کھلی آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے اسی طرح ہو بہو آنکھوں سے دیکھ سکو۔

دیکھو کہ وہی بھرا پُرا چہرہ وہی رنگ اور وہی خدوخال ہیں کسی تنہا مقام پر بیٹھ کر اپنی آنکھیں بند کر کے تصور کرو کہ وہ تمہارے روبرو کھڑی ہے اسی شان دلربائی کے ساتھ جس میں کہ تم نے اسے پہلی بار دیکھا تھا تمہاری محویت اس درجہ ہونی چاہیے کہ

معشوقہ کی خیالی تصویر کو دیکھتے دیکھتے بے اختیار یہ شعر تمہاری زبان سے نکل جائے۔

یہی نقشہ ہے یہی رنگ ہے سامان ہے یہی
یہی صورت ہے تری صورت جاناں ہے یہی

ہر روز کم از کم نصف اور زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ گھنٹہ تک تصور کی اسی مشق کو رات کو سونے سے قبل کیا کرو۔ چند یوم کے بعد تمہیں وہ لطف حاصل ہوگا کہ اٹھنے کو جی نہ چاہے گا دل میں بڑے زور سے خواہش اٹھا کرے گی کہ اٹھوں پہر: ع

بیٹھے رہے تصور جاناں کیے ہوئے

جب مشق میں اتنی پختگی آجائے کہ معشوقہ کی خیالی تصویر کو جب جی چاہے اپنی بند آنکھوں کے سامنے لاسکو تو اس کو مخاطب کر کے حسب ذیل طریق سے ایسا کرو یعنی با آواز بلند ان فقروں کو دہراؤ۔

۱۔ تم میری ہو ہمیشہ کے لیے میری ہو کیونکہ میری روح کے ساتھ پیوست ہو چکی ہو۔

۲۔ جس طرح میں تمہارے لیے تڑپ رہا ہوں اسی طرح تم بھی مجھ سے ملنے کے لیے بے چین ہو۔

۳۔ میں تمہارے دل کو اپنی طرف کشش کر رہا ہوں بہت زور کے ساتھ۔

۴۔ تم میری طاقت کشش سے مغلوب ہو چکی ہو اور خود بخود کھنچی ہوئی میری جانب آرہی ہو۔

۵۔ فلاں دن (چودھویں والے دن کا نام لو) فلاں وقت جب میں اس راستہ سے گذروں گا (کوٹھے پر جاؤں گا)، تم خود بخود میری طرف نظر اٹھا کر دیکھو گی اور

زیر لب مسکرادو گی۔

جب یہ مشق اچھی طرح سے ہو جاوے تب یہ عمل کریں۔

یعنی مطلوب کے سر کے سات بال کسی طرح سے حاصل کریں اور ان میں سات بال اپنے سر کے شامل کریں۔ چھوٹے بڑوں کی قید نہیں یہ کل چودہ بال ہو گئے آسانی واسطے ان میں ایک ڈورا شامل کرلیں۔ اتوار کے دن آفتاب نکلتے وقت (عروج ماہ) باوضو قبلہ رخ ہو کر اکیس مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

اور ان بالوں پر ایک پھونک مار کر ایک گرہ لگادیں پھر ان گرہ دار بالوں کو کسی وزنی شے کے نیچے دبادیں (مطلوب کا تصور بے حد رہے) دوسرے دن وقت کی قید نہیں پھر ان بالوں کو نکال کر اکیس مرتبہ یہ آیت شریف پڑھ کر گرہ دیں اور پھر اسی وقت وزن کے نیچے دبادیں اور مطلوب کے حال کے نگران رہیں جس وقت دیکھیں کہ اثر شروع ہو گیا ہے عمل پڑھنا بند کردیں مگر بال اس وزن کے نیچے رہنے دیں جب مطلب حل ہو جاوے تب بالوں کو وزن سے نکال کر دریا یا نہر میں ڈال دیں اگر پندرہ دن تک کوئی اثر معلوم نہ ہو تو سولہویں دن سے بجائے تصور محبوب کے آیت بالا پڑھ کر یہ الفاظ بڑھادیں۔

اَللّٰهُمَّ اشدد قلب فلاں بن فلانته (نام طالب معہ والدہ) علی حب فلاں بن فلانته (نام طالب معہ والدہ) صرف ۶ دن پڑھو۔ کل اکیس دن ہوں گے۔ بحکم خدا مطلوب بے قرار ہوگا۔ یہ عمل نہایت آزمودہ ہے تبت کے ایک فقیر سے جن کے ساتھ میں مدتوں رہا۔ میں نے اسے حاصل کیا تھا میں نے خود اسکی کئی بار آزمائش کی اور لفظ بلفظ سچا پایا۔

ایک مرتبہ اجمیر کے ایک سیٹھ کا کام میں نے اسی عمل کی بدولت سدھ کرایا تھا
اس کے بعد وہ میرے اتنے معتقد ہوئے کہ جس کا کچھ کہنا نہیں۔

(۲)

آنکھوں سے آنکھیں لڑا کر

دامن چھو کر پھول سونگھا کر تسخیر کرنے کا بہترین عمل

اسی طرح تصور کے مشق سے ابتدا کرو اور پختگی ہو جاتے پر اسی طرح ان طلسمی نقروں کو دہرایا کرو قمری مہینے کی پہلی تاریخ سے طلسمی نقروں کا پڑھنا جاری کر کے روزانہ ایک گھنٹہ صرف کرتے ہوئے پورن ماشی کے دن چھوئی موئی (لاجونتی) کے پتوں کے رس کو بطور سرمہ آنکھ میں ڈال لے پھر کسی سے نہ بولے چالے سیدھا محبوب کے سامنے چلا جائے اور اس سے ایک بار آنکھیں لڑائے تیر نشانہ پر بیٹھے گا۔ اگر دامن چھو کر یا پلہ کھینچ کر اس کے صبر و قرار کو ملیامیٹ کرنا ہو تو اسی رس کا ہاتھوں پر لیپ کر لے اور پھول سونگھا کر حلقہ بگوش بنانے کی صورت میں کسی پھول پر اس چھوئی موئی کے عرق کو چھڑک دینا کافی ہوگا۔ اس عمل کے لیے حسب ذیل پابندیاں لازمی ہیں۔

۱۔ چھوئی موئی ایک عام پودا ہے اسکو پنجابی میں لاجونتی کہتے ہیں اس کے پتے ملیو ترے اور نوک دار ہوتے ہیں جو ہاتھ لگانے کے ساتھ سکڑ جاتے یا مرجھا جاتے ہیں پس یہی اس پودے کی پہچان کی خاص علامت ہے۔

۲۔ عمل کی تیاری سے قبل جہاں چھوئی موئی مل سکے وہ جگہ دیکھ آئے۔ پورنماشی کے دن منہ اندھیرے کسی شخص سے آنکھیں چار کیے بغیر جس ارخ کے متھنے سے

سانس کی آمد و رفت جاری ہو ادھر کا قدم پہلے اٹھا کر گھر سے چل کھڑا ہو جب اس مقام پر پہنچے جہاں چھوئی موئی کا پودا ہو تو اس کے دائیں بائیں سات مرتبہ اس کے گرد طواف کر کے جس طرف کی سانس جاری ہو ادھر کا گھٹنا اوپر اٹھا لے اور اپنے ہاتھ کو گھٹنے کے نیچے سے گزار کر چھوئی موئی کی ایک یا دو شاخوں کو یہ کہتا ہوا توڑے کر (مائی لاجونتی لے تو جاتا ہوں لیکن میری لاج تیرے ہاتھ ہے) شاخیں اتار کر اپنی جھولی میں ڈال لے اور درختوں کے سایہ سے بچتا ہوا سیدھا گھر پہنچے پھر کسی کنواری لڑکی یا معصوم بچہ سے کانسی کے برتن میں پتوں کو مسل مسل کر رس نکلوالے اور اپنے کام لائے۔ یہ عمل ایک کامل فقیر سے میں نے حاصل کیا تھا اور اسکی آزمائش بھی کئی لوگوں کو کرا چکا ہوں۔

(۳)

الائچی کو پان میں کھلا کر فوراً مسخر کرنے کا عمل

کیا یہ ممکن ہے کہ قدرت اپنے قوانین کو بدل دے۔ سورج گرمی کی بجائے ٹھنڈک دینے لگے۔ چاند اپنی خنکی چھوڑ کر تپش اختیار کرے پانی اپنی روانی چھوڑ دے پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ کر میدانوں میں بھاگنے لگیں۔ فرض کرو کہ سب کچھ ممکن ہو سکتا ہے لیکن یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ مندرجہ ذیل عمل کا اثر خالی جائے۔ یہ عمل صرف ایک ہی رات نہیں بلکہ چند گھنٹوں میں تیار ہو جاتا ہے اور تیار کی ہوئی چیز عمر بھر کے لیے کام آ سکتی ہے۔ چاند گرہن کب ہوگا؟ یہ بات کسی جنتری سے معلوم کر لو اور چاند گرہن سے قبل نمبر اول کے عمل کے مطابق یا تو تصور کے عمل سے محبوبہ کی خیالی تصویر کو حسب خواہش فوراً اپنی آنکھوں کے سامنے پیدا کرنے کے عمل میں مشاقی حاصل کر لو یا محبوبہ کی تصویر کو کسی ذریعہ سے حاصل کر دو جس تاریخ کو چاند گرہن ہو تم غذا نہ

نہ کھاؤ سوائے دودھ اور زود ہضم پھلوں کے اپنے خیالات کو یکسو اور پاکیزہ رکھو اور
دنیوی تفکرات کو لوح دل سے یک قلم محو کر دو۔ گرہن سے ایک گھنٹہ قبل غسل کرو
اور صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایک علیحدہ کمرے میں جو بالکل ایکانت ہو جس میں
خیالات کو منتشر کرنے والی کوئی چیز نہ ہو، بیٹھ جاؤ کمرے کی روشنی مدھم ہونی چاہیے
تم آسن لگا کر بیٹھو سامنے پانی سے بھرا ہوا ایک ٹب رکھ لو اتنا قریب کہ بوقت
ضرورت اس میں جھانک کر دیکھا جا سکے۔ ایک طرف لکڑی کی چوکی پر طشتری میں
۷ عدد الائچی سبز یا کوئی اور شے جسے تم آسانی سے اپنی معشوقہ کو کھلا سکو۔ رکھ
لو۔ جب چاند گرہن میں چلا جائے تو معشوق کی عکسی تصویر بذریعہ تصور ہو بہو اپنی
آنکھوں کے سامنے معاً پیدا کر لو پھر اسکی عکسی تصویر یا خیالی مجسمہ سے مخاطب ہو
کر حسب ذیل طریق سے ایما کرنا شروع کر دو۔

۱۔ تم میری ہو کیونکہ پاک دل اور پاک ارادہ کے ساتھ میں تمہیں اپنی جانب
کشش کر رہا ہوں۔

۲۔ محبت کے سامنے دوری کا سوال ایک مہمل لفظ ہے تم سات پردوں
کے پیچھے چھپی ہوئی بھی مجھ سے محبت کرنے کے لیے بے تاب ہو رہی ہو۔

۳۔ دنیا کی کوئی طاقت تمہیں اس کشش سے باز نہیں رکھ سکتی تو جاتے یا نہ جانے
خود بخود کھینچی چلی آؤ گی۔

۴۔ مجھ سے ملاقات کیے بغیر تمہیں کسی پہلو چین نہیں پڑے گا کیونکہ تمہارا دل میری
مٹھی میں ہے۔

اس کے بعد ایک مرتبہ پانی میں جھانک لو تمہارے تصور میں بھی اس کا عکس
تمہیں دکھائی دے۔ دو سیکنڈ کے بعد لکڑی کی چوکی پر رکھی ہوئی چیزوں کو ہلکی سی
پھونک مارو اور کہو۔

۵۔ الائچی کھانے کی دیر ہے پھر تمہاری دنیا بدل جائے گی تمہارا جذبۂ محبت میرے
لیے خود بخود پیدا ہو گا، اٹھے گا۔ تم مجھے آپ سے آپ چاہنے لگو گی اور میرے دیکھے
بغیر تمہیں کسی پہلو قرار نہ آئے گا۔

جب تک چاند گہن میں رہے تمہارا تصور نہ ٹوٹنے پائے اور ان طلسمی فقروں
کو دل ہی دل میں بار بار دہراتے رہو۔ چاند گہن ختم ہونے پر باطہارت سو رہو۔ ان سات
الائچیوں کو بحفاظت تمام رکھ لو۔ معشوقہ کو پہلی الائچی کھلانے پر تمہارا مطلب پورا ہوگا
بشرط ضرورت باقیوں کو گاہے بگاہے استعمال کرا سکتے ہیں۔

خاص ہدایتیں

۱۔ عمل کرتے وقت دیکھو کہ تمہارے کس نتھنے سے سانس کی آمد و رفت جاری
ہے۔ اگر دونوں نتھنوں سے یکساں سانس آتی ہو تو مبارک فال ہے ورنہ جس نتھنے
سے سانس آتی ہو اسکو انگلی سے بند کر کے دوسری جاری کر لو۔

۲۔ جب تک چاند گہن میں ہے تمہارے دل میں کوئی دوسرا خیال سوائے معشوقہ
کے پیدا نہ ہو۔

۳۔ اس عمل کو کامیاب بنانے کے لیے کسی شخص کو اپنا راز دان بنانے سے
حتی الامکان احتراز کرو۔

۴۔ اگر سسرال والوں سے ناچاقی ہو اور تمہاری بیوی کی طبیعت میں آزردگی ہو اور
تمہاری کوئی بات نہ مانتی ہو اور خدا نخواستہ تمہاری مردانگی میں کمی دیکھ کر یا کسی اور
وجہ سے اس کے خیالات تم سے برگشتہ ہو گئے ہوں تو اس عمل سے الائچی تیار
کر کے تم ایکا ایکی سسرال پہنچ جاؤ اور ایک مرتبہ الائچی اسے کھلا دو جادو کا تماشہ
نظر آئے گا۔ وہ تمہاری جانب سے لاکھ سختیاں ہونے پر بھی جیتے جی علیحدگی اختیار

نہ کر سکے گی۔ وہ آپ کے پیچھے پیچھے پھرے گی۔

(۴)

صرف چھونے سے محبوب تسخیر ہو گا

ایک عجیب و غریب طلسماتی عمل

جب وہ گہری نیند سوئی ہو تم اس کے قریب جا کر اپنے داہنے ہاتھ کے پوٹوں کو اسکی کن پٹی پر نہایت آہستگی سے رکھ دیں۔ اس کے بعد اپنی نظریں جما کر حسب ذیل طریق سے ایسا کرو۔ ایسا اس طرح سے ہونا چاہیے جیسے کوئی کانا پھوسی کرتا ہو۔

۱۔ صبح بیدار ہونے پر تم اپنے دل میں میرے لیے جذبۂ محبت محسوس کرو گی۔

۲۔ تم آئندہ میرے حکم سے سرتابی نہ کر سکو گی۔ اور تم وہی کرو گی جو میں چاہوں گا۔

۳۔ تمہارا گپت من میرے قابو میں ہے اس لیے خواہش کرنے پر بھی میری مرضی کے خلاف تم کوئی کام نہ کر سکو گی۔

۴۔ دن نکلنے تک تمہارے خیالات کی دنیا میں حیرت انگیز تبدیلی رونما ہو گی تمہارے دل میں میری محبت کا دریا اُمڈ آئے گا۔

۵۔ تم میں فلاں کام کرنے کی بُری عادت ہے اس سے تمہیں خود بخود نفرت پیدا ہو جائے گی۔

پورنماشی کی رات پاکیزہ من کے ساتھ اس عمل کو کرو اور دن نکلنے تک اس نتیجہ کو دیکھ لو۔

(۵)

عورت کے پاؤں کی مٹی کی تاثیر

وہ خود بخود بے تاب ہو کر چلی آئے گی

اماوس کے دن جہاں عورت بیٹھ کر پیشاب کرے وہاں کی مٹی اس کے سر کے بال اور اس کے جسم سے چھوا ہوا کپڑا یا رومال مہیا کرو۔ ان تینوں چیزوں کو خاکستر کر لو اور کورے کپڑے میں چار پوٹلی باندھ کر جس کمرے میں تم سوتے ہو اس کے چاروں کونوں میں بالکل برہنہ اور باطہارت ہو کر گاڑ دو خبردار دل میں کوئی ناپاک خیال نہ آنے پائے پھر سات عدد کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بصورت فلیتہ کاٹ لو اور ہر ایک فلیتہ پر اپنی معشوقہ کے نام حروف زعفران سے لکھو۔ فرض کرو کہ تمہاری معشوقہ کا نام رکمنی ہے تو اس طریق سے لکھو۔

ر، ک، م، ن، ی

۷۔ عدد فلیتے تیار ہو جانے کے بعد تازہ روئی کی ۷ عدد بتیاں بناؤ لیکن ہر ایک بتی کے ساتھ کاغذ کا فلیتہ بھی لپیٹ دو پھر کوری مٹی کا ایک چراغ کمہار سے لاؤ اور اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر تیار رکھو۔

اماوس کی رات کو جب ٹھیک ۹ بج جائیں معشوقہ کے مکان کے رخ چراغ کا منہ کر کے ایک بتی جلاؤ اور خود بھی اس طرف منہ کر کے چراغ کے پیچھے بیٹھ جاؤ۔ تصویر ملاحظہ ہو۔

چراغ

جلتا

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تم باطہارت ہوکر بیٹھو اور اپنے رومال کو گلے میں ڈال لو اور آنکھیں بند کرکے اپنے دل میں تصور کرو جوں چراغ جلتا ہے معشوقہ کا دل تمہاری محبت میں بے تاب ہوتا جاتا ہے اسے کسی پہلو قرار نہیں آتا وہ تمہاری محبت میں پاگل ہوتی جاتی ہے "نیند" اسکی آنکھوں سے کافور ہو چکی ہے وہ حیران ہے۔ اس پر بھی کسی نے جادو کر دیا۔

وہ ہیں لاکھ بھولنے کی کوشش کرتی ہے لیکن ہیر پھیر کر تمہاری شکل اسکی آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ ایک گھنٹہ تک انہیں خیالات کو دل میں کئی بار دہراتے رہو اگر دوران عمل خیالات کا سلسلہ ٹوٹنے لگے تو دو تین لمبے سانس کھینچ کر یکسوئی حاصل کر لو۔

ایک گھنٹہ گزرنے کے بعد عمل اول کے مطابق معشوقہ کا خیالی مجسمہ اپنے سامنے پیدا کرو۔ گویا وہ سچ مچ تمہارے سامنے کھڑی ہے اور زیر لب مسکرا رہی ہے۔ کم از کم ۱۵ منٹ تک اسی تصور میں محو رہو۔ اس کے بعد چراغ کو جلتا ہوا چھوڑ کر اسی حالت میں بستر پر دراز ہو جاؤ مگر دل میں معشوقہ کا تصور بے حد رکھو۔ اسی طریق سے ساتوں رات میں سات فلیتے جلاؤ۔

خاص ہدایتیں

۱۔ چارپائی پر اس طریق سے سوؤ کہ تمہارا سر معشوقہ کے مکان کی طرف رہے۔

۲۔ جس روز اس عمل کو شروع کرنا ہو معشوقہ کے سامنے سے ایک بار ضرور گزرو مطلب یہ کہ وہ تمہیں ایک نظر دیکھ لے بلکہ اگر تا اختتام عمل روزانہ اسے اپنی جھلک دکھاتے رہو تو بہت بہتر ہوگا۔

۳۔ یہ عمل دیوالی کی رات کو بھی کیا جاتا ہے اور تب بجائے سات راتوں کے ایک ہی رات میں مطلب پورا ہو جاتا ہے۔ دیوالی کی رات کو ساتوں فلیتے جدا جدا چراغوں

میں ایک ساتھ جلائے جاتے ہیں۔

۴۔ یہ عمل میں نے حاجی شمس الدین صاحب سے حاصل کیا تھا حاجی صاحب کون تھے اور اب کہاں ہیں اس موقعہ پر ان کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اس شاستر کے پڑھنے والے کسی صاحب سے ملیں اور تب ان کو پہچان لینا کچھ مشکل نہ ہوگا۔

عارف کامل مرتاض باخبر حاجی شمس الدین صاحب ساکن ہمنگ کے نام نامی اور اسم گرامی سے کون ناواقف ہے جن کے قبضہ میں جنات تھے جو آپ کے ہر ارشاد کی تعمیل فوراً کر دیا کرتے تھے۔ حاجی صاحب خانہ بدوشوں کی طرح ہمیشہ سفر میں رہتے تھے۔ آج یہاں کل وہاں۔ آپ کا قیام ہمیشہ آبادی سے دو تین میل دور فاصلہ پر ہوا کرتا تھا اور تین دن سے زائد کسی مقام پر نہ ٹھہرتے تھے۔

اگرچہ آپ کا حلقہ ارادت بہت وسیع تھا مگر سفر میں اپنے ساتھ صرف دو مرید رکھتے تھے کسی کے ہاتھ کا کھانا یا کسی سے کچھ نقدی لینا آپ کے لیے حرام تھا۔ اگر کوئی عقیدت مند کیش زبردستی مریدوں کو کچھ دے بھی جاتا تو آپ غرباء و مساکین میں بانٹ دیتے تھے۔ سب سے عجیب بات یہ ہے کہ حاجی صاحب پشاور کی سرحد میں ہوتے یا ملتان کے لق دق صحرا میں کراچی کی بندرگاہ پر ہوتے یا کلکتہ کی فضا میں دونوں وقت روزانہ کوئی شخص غیب سے نمودار ہو کر انواع اقسام کے گرما گرم کھانوں سے بھرا ہوا تھال دے جاتا تھا۔ خوش قسمتی سے مجھے بھی کچھ عرصہ تک حاجی صاحب کے ساتھ رہنے اور تبادلۂ خیالات کرنے کا موقع ملا۔ اور میں نے اپنی آنکھوں سے اس نظارہ کو دیکھا۔ حاجی صاحب تعصبات سے بالاتر اور صوفی بزرگ تھے پتہ نہیں وہ آج کل کہاں ہیں مگر ان کے یادگار یہ عمل میرے پاس موجود ہیں جن میں سے ایک تو اوپر لکھا جا چکا ہے اور دوسرا اب حوالہ قلم کرتا ہوں۔

❖

(۶)

چاول کا ایک دانہ کھلا کر موہ لینے کا عمل

یہ عمل چاند گرہن کے وقت آبادی سے دور کسی تناور پیپل کے درخت کے نیچے تنہا کرنا ہوگا۔ اس لیے حسب ذیل اشیاء ضروری قبل ازیں تیار رکھو۔

۱۔ کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ سے نئے چاولوں کے چھلکے اتروا کر پاؤ بھر چاول لیں۔

۲۔ کسی قبرستان کی تھوڑی سی قبر کی مٹی۔

۳۔ کسی بڑے تربوز کا نصف حصہ جس کو کنواری لڑکی نے اپنے ہاتھ سے چیرا ہو اور جس کا گودا محلہ کے کم سن بچوں میں تقسیم کیا جائے۔ جا کر گول چھلکا سایہ میں خشک کیا گیا ہو۔

۴۔ تربوز کے نصف بیرونی حصہ پر کالی گائے کے گوبر اور قبر کی مٹی سے خوب گاڑھا لیپ کر رکھو اور اس کے نیچے گری پڑی لکڑیوں کو ایک جگہ چن کر رکھ آؤ۔

۵۔ لکڑی یا پیتل کی ڈبیہ دو عدد لیں۔ ایک پر لفظ "محبت" اور دوسری پر "جدائی" لکھ کر پاس رکھو۔

۶۔ چاند گرہن سے چند گھنٹے پہلے کالی گائے کا دودھ قریب تین پاؤ یا آدھ سیر کا انتظام کر لو۔

۷۔ کچھ مٹی کا تیل

۸۔ ایک دیا سلائی کا بکس

۹۔ کچھ کوئلے

۱۰۔ رہری کین لیمپ

۱۱۔ ایک لوٹا پانی سے بھرا ہوا۔

عمل

۱۔ چاند گرہن سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے اوپر کی سب اشیاء ہمراہ لے کر اس پیپل کے درخت کے نیچے چلے جاؤ جو آبادی سے دور بالکل سنسان جگہ میں واقع ہو۔

۲۔ جب چاند گرہن شروع ہو تم اگر مسلمان ہو تو آیۃ الکرسی شریف ۷ بار پڑھ کر اور اگر ہندو ہو تو ادم کا اچارن کر کے اپنے گرد ایک حصار (دائرہ) کھینچ لو اور پیپل کی مٹی یا گرے پڑے پتھروں کی مدد سے عارضی چولہا فوراً تیار کر لو۔ اس کے بعد کوئلوں کو اس چولہے پر رکھ کر اور مٹی کے تیل کے چند قطرے اُن پر چھڑک کر دیا سلائی دکھا دو۔ جب دیکھو کہ کوئلے سلگ گئے ہیں اور ان میں سے شعلہ پیدا نہیں ہوتا تو نصف تربوز کو جو ہانڈی کی مانند ہوگا چولہے کے اوپر رکھ دو اور گائے کا دودھ اور چاول اس میں ڈال دو۔ پھر پیپل کے درخت کی لکڑی سے بطور چمچ دودھ کو ہلانا شروع کرو۔

۳۔ نیچے دھیمی دھیمی آگ جلتی رہے اور کھیر پکتی رہے۔

۴۔ جب تک چاند گرہن رہے تب تک تم اسی شغل میں مشغول رہو۔ اسی اثناء میں کئی خوفناک شکلیں تمہیں دکھائی دیں گی۔ مگر تم کسی سے خائف نہ ہونا۔ کوئی تمہارا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔

۵۔ جب دیکھو کہ کھیر پک کر تیار ہوگئی اور چاند گرہن بھی ختم ہوا چاہتا ہے تو تربوز کی ہنڈیا کو نہایت زور کے ساتھ پیپل کے درخت کی جڑ میں مارو کچھ چاول درخت کی جڑ کے ساتھ چمٹ جاویں گے اور بقایا اس سے ٹکرا کر فرش زمین پر گر پڑیں گے۔

۶۔ جو چاول درخت کی جڑ کے ساتھ چمٹ جائیں ان کو اٹھا کر محبت نام کی ڈبیہ میں بند کر لو اور بعد ازاں پانی سے اپنے ہاتھ اچھی طرح صاف کر کے تولیہ سے پونچھ لو۔

۷۔ اور پھر نیچے گرے ہوئے چاولوں کو یکجا کر کے جدائی نام کی ڈبیہ میں رکھ دو ہر دو ڈبیہ کو بند کر کے اپنے پاس محفوظ کر لو اور اس بات کے منتظر رہو کہ چاند گرہن سے نکل آئے پھر گھر چلے آؤ پیچھے مڑ کر نہ دیکھو اور نہ کسی قسم کے خوف کو دل میں جگہ دو بلکہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے اپنے گھر چلے آؤ۔

طریقہ استعمال چاول برائے تسخیر قلوب

محبت کی ڈبیہ سے دو دانے چاول نکال کر باریک پیس لو اور ان کے ساتھ اپنے عضو مخصوص کے بالوں اور ناخنوں کی راکھ نیز بدن کا میل ان چاروں چیزوں کو کسی مٹھائی میں رکھ کر اسکو کھلا دو جسے تم اپنی محبت میں دیوانہ بنانا چاہتے ہو صرف اتنی احتیاط لازم ہے کہ جس روز کھلایا جائے وہ نوچندی اتوار کا دن ہو پھر دیکھو کہ سنگ دل سے سنگ دل محبوب بھی کس طرح مطیع ہوتا ہے۔ سچ مچ اسے سوائے تمہارے اور سب طرف تاریکی دکھائی دینے لگے گی۔

طریقہ استعمال برائے جدائی

جدائی نام کی ڈبیہ سے دو چاول لے کر ان کو باریک پیس کر جسے اپنے سے علیحدہ کرنا چاہتے ہو اسکو کسی چیز میں چاہے کسی دن کھلا دو پھر جیتے جی اس سے تمہارا میل ناممکن ہو جائے گا۔

نوٹ :۔ ان تیار شدہ چاولوں کو ہر شخص استعمال کر سکتا ہے خواہ عامل خود

کسی کو دے یا عامل سے لے کر کوئی دوسرا شخص کسی کو کھلائے مطلب یہ کہ جس کو کھلائے گا اس کو اپنے پر مائل یا اپنے سے متنفر کر سکے گا۔ سخت ضرورت کے وقت ان چاولوں کا استعمال کرنا واجب ہے ناجائز طور پر ان سے ناجائز فائدہ اٹھانے والے کبھی عذاب کی صعوبتوں سے بچ نہ سکیں گے۔

(۷)

عورت کے جسم سے چھوئے ہوئے کپڑے کا عمل

جو کبھی خطا نہیں ہوتا

معشوقہ کے جسم کا کپڑا یا کرتا بڑے معتبر ذریعے سے مہیا کرو کیونکہ کرتا اگر کسی دوسرے کا ہوگا تو وہی شخص تم سے وابستہ ہو جائے گا اور پھر جیتے جی جدا نہ ہو سکے گا کسی جنتری سے یہ دیکھ کر کہ چاند گرہن کب ہوگا۔ اس سے سات دن قبل ٹھیک رات کے بارہ بجے وہی کپڑا اور ایک مٹی کا برتن معہ ڈھکنا کے اپنے ساتھ لے کر تن تنہا باہر نکل جاؤ اور کسی پیپل کے درخت کے نیچے کھڑے ہو کر (جوتے اتار کر) با آواز بلند اسے مخاطب کرو۔

میاں پیپل میں اپنے محبوب کو (یہاں اس کا نام لو) تمہارے پاس چھوڑے جاتا ہوں تم اس کے امین ہو بہ حفاظت تمام اپنے پاس رکھنا سات دن کے بعد تم سے لے جاؤں گا اور تمہاری نظر دے جاؤں گا۔ یہ کہہ کر محبوب کے کپڑے کو مٹی کے برتن بند کر کے اوپر ڈھکنا رکھ دو اور بطور احتیاط اس ڈھکنے کو کسی اور کپڑے کے ساتھ اوپر سے باندھ دیا جائے۔ بعد ازاں پیپل کے درخت کی جڑ میں مٹی کھود کر اس گڑھے میں برتن کو دفن کر دو اور واپس گھر چلے آؤ راستہ میں کسی شخص سے

بات چیت نہ کرو گھر آکر چپکے سے سو رہو۔

ساتویں دن جب چاند گہن میں چلا جائے تم چپکے سے کپڑے پہن کر سات پاؤ دودھ کا برتن اپنے ہمراہ لے لو اور پیپل کے درخت کے نیچے چلے جاؤ اور اسے مخاطب ہو کر کہو میاں پیپل حسب وعدہ اپنی امانت واپس لینے کے لیے آیا ہوں۔ میرے محبوب کو میرے حوالے کر دو اور یہ لو اپنی نذر۔ اتنا کہہ کر اپنا دفنایا برتن نکال لو اور دودھ کا برتن پیپل کی جڑ میں انڈیل دو۔ جب اپنی امانت لے کر گھر واپس لوٹو تو پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھو تمہارے دل میں پیچھے مڑ کر دیکھنے کی بڑی زبردست خواہش پیدا ہو گی لیکن تم اسکی پرواہ نہ کرنا ورنہ سب کیا کرایا مٹی میں مل جائے گا اور سب اثر زائل ہو جائے گا۔ گھر پہنچ کر جب چاند گہن میں رہے تم محبوب کا کرتا گلے میں ڈال کر ذہن میں خیال کرو کہ وہ تمہارے پاس آنے اور تم سے ملنے کے لیے بے تاب ہے۔ اس تصور میں محو ہو جاؤ کہ دنیا و مافیہا کا خیال نہ رہے جب چاند گہن سے چھوٹ جائے تو اسی حالت میں سو جاؤ۔ سویرے اُٹھ کر اس کرتہ کو کھونٹی کے ساتھ ایسی جگہ پر ٹانک دو جہاں پر اٹھتے ہی سب سے پہلے تمہاری نگاہ اس پر پڑے پھر دیکھو کہ کس نتھنے سے سانس کی آمد و رفت جاری ہے جدھر سانس آتا جاتا ہو اسی طرف کی ہتھیلی کو چوم کر مندرجہ ذیل عمل کو دہراتے ہوئے اوپر سے نیچے تک بار بار کرتہ کو مس کر "تم میری ہو۔ تم میری ہو"

اس کے پانچ منٹ بعد دنیاوی مشاغل میں مصروف ہو جاؤ۔ رات کو سوتے وقت بھی اسی طرح کرو بس سات دن کے اندر اندر ہی تمہیں وہ موتیوں اور جواہرات سے زیادہ بیش قیمت کوہ نور ہیرا مل جائے گا اور سچ مچ تم مالا مال ہو جاؤ گے۔

دوسرا حصّہ

(۱)

معشوقہ کے سر کے بالوں کا عمل

جو بجلی کی مانند اثر کرتا ہے

عورت کے سر کے بال (جو کنگھی کرنے میں گر گئے ہوں) جلا کر خاکستر کر لو۔ اس راکھ کو پورنماشی کے دن سفوف دار چینی کے ساتھ ملا کر لعاب دہن سے لیپ کر دو جب خشک ہو جائے آپ بائیں پہلو لیٹو اور عورت کو دائیں پہلو لٹاؤ۔ مصروف ہونے سے قبل عورت کے جذبات کو چھیڑ چھاڑ اور مساس کے ذریعے بیدار کر لو (جب دیکھو کہ وہ قابو سے بالکل باہر ہوئی جاتی ہے تو دونوں کو بے حد لذت ہو گی اور عورت بلکہ دنیا کی مغرور ترین حسینہ بھی تمہاری بن کر رہنا اپنی خوش قسمتی خیال کرے گی۔ خبردار اس عمل کا راز کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ اکیلا یہ عمل تین لاکھ روپے سے کم قیمت کا نہیں ہے۔

(۲)

محبت کا ایک عجیب عمل

جو کہ کافی روپیہ خرچ کرنے کے بعد مجھے حاصل ہوا ہے

عرض ہے کہ جب کا عمل کیا ہے قسمت سے ہی ہاتھ آجاتا ہے میں کوئی دعویٰ لے

تو نہیں کرتا مگر اس قدر عرض کردوں گا کہ یہ عمل مجرب ہے اور اس سے خلق خدا نے کامیابی حاصل کی ہے۔ چند روز کی پابندی ضرور ہے ورنہ اس میں نہ کوئی خرچ ہے نہ ایسی تکلیف ہے کہ آپ برداشت نہ کرسکیں۔ خدا کا پاک کلام اور مقدس نام اثر سے خالی نہیں ہوتا۔ پیر کے دن، سوموار کو سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک اس عمل کو شروع کردیں۔ ختم چاہے کسی وقت ہو اسکی قید نہیں۔ ہاں شروع کرنے کا وقت مقرر ہے یعنی سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک۔ دنوں میں کوئی وقت کی قید نہیں ہے۔ دن رات میں جب فرصت ہوا کرے کرلیا کریں۔ کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں ہے۔ عمل پڑھنے کی جگہ میں تنہائی ہو عمل پڑھنے کے وقت میں کوئی دوسرا شخص اس جگہ نہ آئے جس میں آپ عمل کریں۔ اگر اس جگہ پر نئی سفیدی کرالیں تو اچھا ہے۔ عمل کی جگہ پاک صاف ہو صاف زمین پر ایک سفید اور پاکیزہ چادر بچھا کر اس پر باوضو اس عمل کو کیا کریں۔ عمل پڑھنے میں کسی خوشبو یا عطر کا استعمال کرو۔ مطلوب کے مکان کی طرف منہ کرکے یہ عمل چار سو مرتبہ پڑھو۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ۔

اس جگہ اپنا اور مطلوب کا نام لیں اور تصور کریں کہ مطلوب سامنے کھڑا ہے دونوں نام لینے کے بعد پڑھیں۔

فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا۔

مثلاً طالب کا نام زید اور مطلوب کا نام مشتری ہے تو اس طرح پڑھیں۔

بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ زید و مشتری فَاَصْبَحْتُمْ۔

اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پہلی دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر شروع کرے ہر مرتبہ بسم اللہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس عمل نے بعض مرتبہ پہلے ہی دن اثر دکھایا ہے مگر حقیقی تعداد سات یوم ہے۔ بحکم خدا مطلوب کے دل میں جذبات محبت پیدا ہوں گے۔ حرام کام کے واسطے نہ کریں۔

(۳)

ہر مراد پوری کرنے کا حیرت انگیز عمل

چین وسیام کے ایک بزرگ کا حیرت انگیز طلسم

جسے ہم نے بڑی مشکل سے حاصل کیا ہے۔ اس سے ہر مراد پوری کر سکتے ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ عمل جمعرات کی رات کو شروع کریں۔ پہلے غسل کریں اور لباس سرخ وسپید پہنیں یعنی کوئی سرخ کپڑا بھی پاس ہونا ضروری ہے۔ کم از کم رومال یا پگڑی ہی سرخ ہو۔ بعد غسل و تبدیل لباس ۱۲½ بجے باوضو بے شمار مرتبہ آدھ گھنٹہ تک یا عزیز پڑھتے رہیں۔ منہ قبلہ کی طرف ہو اور اس درمیان میں صندل سرخ اور کافور سفید کا بخور کرتے جائیں۔ جب رات کے ایک بجے تو نماز تہجد پڑھ لیں پھر باادب اس نقش کو کاغذ پر لکھیں اور ایک ورق سونے کا اور ایک ورق چاندی کا اس پر بچھا کر اور بخور کی دھونی دے کر بعد ازاں موم جامعہ کر کے چاندی کے تعویذ میں منڈھوا کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ ۳۰ یوم میں اگر آپ کو نوکری کرنا ہے تو نوکر ہوں گے۔ اگر ترقی کی خواہش ہے تو ترقی ہوگی۔ غرضیکہ تبدیلی فتح مقدمہ اور ہر جائز مقصد کے واسطے اس عمل کو کریں۔ بحکم خدا فیض یاب ہوں گے صرف تیس دن کی میعاد ہے ۳۱ ویں دن اس

نقش کو دریا یا کنوئیں میں ڈال دیں۔ خواہ کامیابی ہوگئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔

(۴)

دشمن سے بدلہ لینے کا حیرت انگیز عمل

سینچر کے دن بعد دوپہر کو تقریباً ایک بجے دن کے بلی کی مونچھ کا ایک بال کاٹ لو اور کبوتر یا مرغ یا کسی چھوٹے سے پرند کا ایک پر بازو کا لے لو۔ اگر ایک دشمن کے واسطے عمل کر رہے ہو تو اس کا نام معہ والدہ کے کاغذ پر لکھو (سیاہ روشنائی سے) اور بال و پر دونوں اس کاغذ میں رکھ کر اس پر تین سو تیرہ مرتبہ پڑھو

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ۔

بسم اللہ شریف نہ پڑھیں۔ بعد ختم اس پر پھونک کر کسی ویرانے یا قبرستان

میں دفن کر دو۔ اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی مقصود ہے تو دونوں کے نام کاغذ پر معہ والدہ کے لکھو۔ اگر والدہ کا نام معلوم نہ ہو سکے تو صرف اس یا ان کے نام کافی ہیں بحکم خدا دوسرے سنیچر تک حال معلوم ہوگا۔ صرف ایک دن کا عمل ہے۔

(۵)

رُوحانی عمل

اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو تو نام مریض معہ والدہ اور اسمائے اعظم یا شافی یا نافع یا سلام کے اعداد جمع کر کے نقش مثلث آتشی چال سے پر کر کے چینی کی طشتری پر زعفران سے اس مثلث کو لکھ کر روزانہ مریض کو دھو کر پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے دن سے آثار صحت شروع ہوں گے نقش پر بسم اللہ شریف بھی لکھیے۔ ہر نام کے ساتھ لفظ یا کے اعداد بھی شامل کرے صبح نہار منہ پلایا کرے۔

اگر کوئی شخص گم ہو گیا ہو یا بھاگ گیا ہو تو اس نقش معظم کو باطہارت کاغذ پر لکھ کر اور اسی طرح کشادہ ایک دھاگے میں باندھ کر اونچے درخت پر باندھ دے بحکم خدا وہ شخص واپس آئے گا نقش معظم یہ ہے نقش کے نیچے نام مفرور کا معہ والدہ کے لکھیے (فلاں بن فلاں باز گردد)

۱۶۳	۱۷	۱۶۱
۱۵۸	۱۶۰	۱۶۲
۱۵۹	۱۶۴	۱۵۷

نقش فتح نامہ

جو شخص کسی مقدمہ میں گرفتار ہو تو اس کو چاہیے کہ روزانہ پندرہ نقش لکھا کرے اور روزانہ پانی میں ڈال دیا کریں جس میں مچھلیاں ہوں گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر اگر کسی جگہ پانی نہ ہو تو پاک زمین میں دفن کر دیا کرے۔ نقش یہ ہے۔

۶

نقش برائے اولاد

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا گائے بھینس، بکری کو حمل نہ رہتا ہو قمر برج جواز (متھن) میں ہو تو اس نقش معظم کو با طہارت لکھ کر اسکی قمر سے باندھ دے بحکم خدا حمل قرار پاتا ہے۔

یا محمد
کن
سکینۃ

۷

دشمن کو نقصان پہنچانے کا عمل

اگر کوئی دشمن ستاتا ہو اور تکلیف بے وجہ پہنچاتا ہو تو بکری یا بکرے کا دل لائے اور یہ نقش ایک کاغذ پر لکھ کر نقش کے نیچے نام دشمن معہ والدہ کے لکھ کر اس دل میں رکھ کر دل چاقو سے چھید لیں۔ سات سوئیاں اس طریق پر گاڑیں (چبھوئیں)، کہ وہ شگاف بند ہو جائے لیکن ہر سوئی پر سات سات مرتبہ سورہ الم ترکیف پڑھ کر چبھوئیں اور اسکو پرانی قبر میں ڈال دیں۔ تین دن میں دشمن بیمار ہو جائے گا اور ظلم سے توبہ کرلے گا۔ مجرب ہے۔ مگر حق کی جگہ اس نقش سے کام لیں خواہ مخواہ اپنے نفس یا نفع کی خاطر کسی کو ستانا گناہ عظیم ہے۔ نقش یہ ہے۔

یا عزرائیل

۳۲۴	۳۱۷	۳۲۲
۳۱۹	۳۲۱	۳۲۳
۳۲۰	۳۲۵	۳۱۸

یا عزرائیل (right) — یا عزرائیل (left)

فلاں بن فلاں دبخور گردد

۸

محبت کا حیرت انگیز مجرب عمل

نیک ساعت میں غسل کرکے اور پاک کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر رو بقبلہ

پہلے تین مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ یہ عمل پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اور شیرینی پر پھونک کر کہے فلاں بن فلاں فلاں بن فلاں کی محبت میں بے قرار ہو جائے پھر یہ شیرینی مطلوب کو کھلا دے خاص اثر ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یاسید، یاسید، یاسید یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔ الٰهی اِنّ المودۃ والمحبۃ بین آدم وحواء وکما بین یوسف وزلیخا وکما بین محمد وعائشہ وبین علی فاطمۃ بحق یحبونہم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ وبحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق طٰہ ویٰسین وجمیع قرآن مجید۔

(۹)

محبت کا بے خطا عمل

زمانہ عمل میں زبان کو فحش باتوں اور جھوٹ سے بچائیے عمل پڑھتے وقت باوضو ہو، مکان یا مسجد خالی ہو ایک زانو پر رو با قبلہ بیٹھے۔ بخور آگ پر روشن کرتا رہے گھبرا کر اور تیزی کے ساتھ نہ پڑھے۔ اپنا اعتقاد درست اور دل کو پاک صاف رکھے روزانہ اپنے کپڑوں کو خوشبو سے معطر کرے اگر ہو سکے تو پانچ خوشبودار پھول اپنے سامنے رکھ لیا کرے، حرام کے واسطے ہرگز عمل نہ کرو۔

عمل:۔ چاند دیکھنے کے بعد جو پہلی جمعرات آئے مغرب کے بعد سوا سیر شیرینی پر نذر مولکاں قل ہو اللہ کی دے کر بچوں کو تقسیم کرے بعدہٗ سوتے وقت کھانے پینے سے فارغ ہونے کے غسل یا وضو کرکے اپنے منہ کے داہنے کلے میں تقریباً ۳ ماشہ خوشبودار چاول یعنی قسم اول کے رکھ کر قبلہ کی طرف منہ کرکے آرام کریں لیکن منہ میں چاول رکھنے کے بعد کسی سے بات نہ کریں۔ صبح نماز فجر کے وقت اٹھ کر وہ چاول منہ سے نکال کر دھوپ میں خشک کرلیں مگر کسی کا سایہ نہ پڑنے دیں ان چاولوں کو ایک ڈبیہ میں حفاظت سے رکھ لیں۔ جمعہ کی رات کو دنیاوی کاموں سے فراغت کے بعد پاک صاف ہو کر ساعت زہرہ میں صندل سفید اور عطر ملا کر بخور آگ پر روشن کرتے رہیں اور سورہ قل ہو اللہ ۸ سو مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

فلاں بنت فلاں کو میری محبت میں بے قرار کر۔ فلاں بنت فلاں اکیس یوم تک ساعت زہرہ میں (۸۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں اور ہر مرتبہ نام مطلوب معہ والدہ پہلے اس شخص کا نام لیں (نام طالب معہ والدہ) اور ہر مرتبہ چاولوں پر پڑھ کر پھونکتے جائیں۔ چاول کھول کر سامنے رکھ لیں تاکہ آسانی ہو تاکہ بعد پڑھ چکنے کے چاولوں کو احتیاط سے رکھ لیں اسی طرح اکیس یوم تک برابر عمل کریں اور چاولوں پر عمل پڑھ کر پھونکیں۔ اب آپ کا عمل تیار ہوگیا۔ منہ میں چاولوں کو بے گنتی رکھیں مگر کام صرف سات چاولوں کا ہے۔ باقی بے کار ہیں۔ بس جس شخص کے لئے عمل کیا ہے ایک

ایک کرکے یہ سات چاول سات دن میں پانی میں ڈال کر یا شربت اور چائے میں پیس کر ملائیں اور کھلائیں پھر آیات قرآنی اور کلام ربانی کی تاثیر ملاحظہ کریں انشاء اللہ مطلوب مطیع اور فرمانبردار آپ کا ہو جائے گا۔

(۱۰)

ہر کام میں فتح حاصل کرنے کا عمل

یہ چاند گرہن کے وقت کیا جاتا ہے۔ انشاء اللہ جو اصحاب کریں گے کافی نفع پائیں گے پہلے یہ سامان دن میں حاصل کریں۔ ورق طلا (سونے کے ورق) دو عدد جو تقریباً ۴ کے ہوں گے لاکے رکھ لیں گے تھوڑا سا زعفران پیس کر لکھنے کے لیے روشنائی بنالیں لکڑی کا نیا قلم بنا کر رکھیں اور خوشبو کے لیے برادہ صندل سرخ رکھیں جس وقت تمام چاند سیاہ ہو جائے تو باوضو سات مرتبہ درود شریف پھر بسم اللہ شریف پڑھ کر کاغذ کے ایک طرف یہ نقش تحریر کریں اور اسکی پشت پر یعنی دوسری طرف اپنا نام معہ والد کے لکھ کر آخر میں یہ جملہ زیادہ کریں۔

یا عزیز اعززنی بعزتك یا ذوالجلٰلِ والاکرام

پھر اس نقش کو سونے کے دونوں ورقوں کے درمیان رکھ کر تعویذ بنالیں ورقوں کی حفاظت کے لیے اور باریک کاغذ نیچے اوپر لگائیں اور سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھیں یا گلے میں پہن لیں۔ کوئی جگہ معین نہیں آپ کے پاس رہے۔ یہ نقش فتح نامہ ہے۔ خدا چاہے تو تسخیر عام ہوگی۔ ہر شخص عزت کرے گا۔ ترقی ہوگی اور بے شمار اس سے نفع پہنچے گا۔

سلام قولا من رب رحیم	سلام علی المرسلین	سلام علی الیاسین
سلام علی نوح فی العالمین	سلام علی موسیٰ ہارون	سلام علی ابراہیم
سلام حتیٰ احتیٰ مطلع الفجر	سلام علیکم فادخلوھا خالدین	مبین مبین مبین مبین مبین مبین آمین

(۱۱)

طلسمی فالنامہ

دنیا کے کسی کام میں آپ کو تشویش ہے اور آپ فیصلہ نہیں کر سکتے کہ کام کیا جائے یا نہیں تو ذیل کے نقشے سے حالات معلوم کر دیہ ایک روحانی استخارہ ہے اگر آپ اس پر عمل کریں گے تو نفع پائیں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ ذیل کے نقشے پر آنکھیں بند کر کے انگلی رکھو جس حروف پر انگلی پڑے اس حرف کو چھوڑ کر آگے کے حروف سے چار چار حرف چھوڑتے ہوئے پانچواں حرف لکھتے جاؤ۔ جب یہ نقش ختم ہو تو جو ایک یا دو حروف باقی رہیں ان کو جدول اول حروف میں شامل کر کے اسی طرح پانچواں حرف لکھتے جاؤ یہاں تک کہ اس حرف پر آجاؤ جس پر انگلی پڑی تھی مگر یہ حرف پہلے حرفوں پر مقدم ہے۔ اب حروف کو جوڑ کر عبارت بنالو جواب صاف برآمد ہوگا۔ نقش اگلے صفحہ پر۔

ت	ک	ا	ی	ا	م	س	س	ھ	س
ی	ی	م	ف	م	ھ	ک	ی	ک	ی
ک	و	ن	ر	ن	ا	ش	ف	غ	ن
م	ر	ا	ل	ف	ج	ی	ء	ط	ع
ل	ک	د	ھ	ض	د	ن	ھ	ے	ر
ش	ک	ت	ا	د	ر	ر	د	س	ر
د	د	ض	م	ھ	ع	خ	ر	ی	ے
ک	د	و	ن	م	ر	د	ر	س	گ
د	ک	ھ	ر	ر	د	ر	ے	ا	ک
ب	د	ل	س	د	ح	پ	ی	ر	ش
ک	و	ک	ن	ش	م	ز	ن	ق	ا
خ	ا	چ	ص	د	و	ف	ن	ا	ر
ا	ا	و	ن	ا	ن	ء	د	ھ	ج
ف	و	ن	ے	ت	ع	ھ	ک	چ	ی
ھ	ھ	ی	ھ	ا	و	د	ب	د	ط
گ	گ	ع	ڑ	ھ	ا	ا	د	د	د

(۱۲)

عمل کیمیا

مولائے کائنات علی علیہ السلام کا یہ ارشاد زرجان بنائے کہ من طلب العلا

سہر اللیالی یعنی جس کو علو مرتبت (دنیا و آخرت) کی طلب ہو وہ راتوں کو جاگا کرے۔

کیمیا کے طالب متلاشی بکثرت پائے جاتے ہیں مگر لفظ کیمیا آج تک شرمندہ معنی نہ ہوا۔ ایک آنچ کی کسر ہمیشہ سے باقی رہی اور شاید قیامت تک باقی رہے۔ کیمیا کے متعلق دو گروہ پائے جاتے ہیں۔ ایک وہ جو کیمیا کو ممکن مانتے ہیں دوسرے وہ جو ناممکن بتاتے ہیں۔

اتفاق سے میرا شمار اس گروہ میں ہے جو کیمیا کو ناممکن بتاتے ہیں۔ تبدیلی فطرت اور تغیر حقیقت کا قائل نہیں ہوں ہاں اس سے انکار نہیں کہ خدائے ذوالجلال کسی کی فطرت تبدیل کر دے اس میں قدرت ہے کہ تانبے کو سونا اور سونے کو تانبہ بنا دے اس لیے میں مشورہ دوں گا کہ بجائے جڑی بوٹیوں میں عمر ضائع کرنے کے خدا کی طرف رجوع کیجیے اور بذریعہ عملیات اس کو حاصل کیجیے آپ نے جڑی بوٹیاں اور دھاتیں تو مدت تک آگ میں پھونکیں، مگر نتیجہ معلوم و معدوم چند روز دل کو بھی جلا کر دیکھیں شاید مقصد حاصل ہو جائے جو عمل ذیل میں لکھتا ہوں وہ واقعی خون کو پانی کرنے والا ہے مگر کامیابی کی جھلک نمایاں ہے پہلے ایک کمرہ صاف ستھرا انتخاب کریں جس میں عمل کے وقت دوسرا نہ جا سکے اور عمل کے وقت اس بخور کر دو روشنی ایسے تیل کی کرو جس میں بدبو نہ ہو۔ مثلاً السی، سرسوں یا تلی کا تیل یا موم بتی چاند دیکھنے پر جو پہلا بدھ آئے اس دن روزہ رکھو۔ بعد ازاں رات کے بارہ بجے غسل کرو کپڑے پاکیزہ پہنو جو عطر میں معطر ہوں۔ اب مصلے پر بیٹھ کر پہلے ۷ مرتبہ درود شریف پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

بعد ازاں تین ہزار انچاس (۳۰۴۹)

مرتبہ آیت شریف پڑھو۔

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً سے یَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ۔

یہ آیت شریف پارہ ۱۳ رکوع سورہ رعد میں سجدہ سے بعد اور نصف سے قبل ہے۔ اس آیت کو یاد کریں اور کسی حافظ صاحب کو سنا دیں کہ کہیں زیر زبر کی غلطی نہ ہو۔ اگر غلطی ہوگی تو عمل ضائع۔ ۳۲ دن تک روزانہ ۳۰۴۹ مرتبہ پڑھیں اور بعد ازاں نو دن تک تین ہزار اڑتالیس مرتبہ پڑھیں۔ اس حساب سے اکتالیس دن میں سوا لاکھ تعداد پوری ہوگی۔ روزانہ عمل کرنے کے بعد اسی جگہ سو جائیں۔ اگر وقت ہو اسکی احتیاط رہے نماز صبح قضا نہ ہو اس کے واسطے اگر رات کے ۱۲ بجے کے بعد عمل کریں تو کوئی احتیاط نہیں۔ احتیاط یہ ہے کہ ختم ایسے وقت کریں کہ نماز صبح کا وقت ہو جائے اگر آپ سو گئے اور نماز قضا ہو گئی تو عمل میں فرق ہو جائے گا۔ دوران عمل کوئی وقت کی نماز قضا نہ ہو نہ جھوٹ بولیں نہ گالی دیں غرضیکہ ۴۱ یوم تک فرشتہ خصلت بن جائیں۔ کھانے پینے کا کوئی پرہیز نہیں جو شے شریعت نے حلال کی ہے وہ کھائیں ہاں حرام لقمہ سے پرہیز کریں۔ ایک بات اور کریں کہ قلم دوات اور کاغذ پاس رکھا کریں۔ اکتالیس دن کے درمیان میں کسی دن عالم بیداری یا خواب میں ایک بزرگ کیمیا کا نسخہ بتائیں گے اسے فوراً لکھ لیں اگر خواب میں بھی بتائیں کہ اس طرح کہ جاگنے پر یاد رہے۔ اگر بالفرض آپ بھول جائیں گے تو دوبارہ بتائیں گے جب وہ بزرگ نسخہ بتائیں تو آپ دریافت کریں کہ چاندی بنانے کا ہے یا سونے کا اور روزانہ کس قدر بناؤں اور کیا اپنی اولاد کو دے سکتا ہوں یہ بھی دریافت کریں کہ اگر کسی وجہ سے میں کسی دن یا چند دن نہ بنا سکا تو تعطیل کے دنوں کو ملا کر ایک دن اکٹھی بنا لوں جب نسخہ مل جائے تو روزانہ فجر کی سنتوں اور

فرضوں کے درمیان گیارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں۔ یہ عمل جلالی ہے بہت احتیاط سے کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

تیسرا حصہ

①

طلسماتی شعبدے

اب ہم وہ شعبدے بتاتے ہیں جن کو عمل میں لا کر تم ایک دنیا کو حیرت میں ڈال سکتے ہو حکمت اور سائنس کے بڑے بڑے دعویداروں کو اپنے کمال کا قائل بنا سکتے ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ جن چیزوں کو منظر عام پر لا رہا ہوں وہ اب سے پہلے کبھی سادھوؤں اور سنیاسیوں کے سینوں سے باہر نہیں آئیں، ہندوستان کے پہاڑوں اور غاروں میں رہنے والے صرف باکمال جوگی اور سنیاسی ان تنتروں کو جانتے تھے اور ان سے کام لے کر دنیا پر اپنی بزرگی کا سکہ چلاتے تھے۔ تم خود بھی سوچ سکتے ہو کہ رات کو گھر میں سانپ ہی سانپ دکھائی دینا، بچھو ہی بچھو نظر آنا۔ گھر سوئیوں سے بھر جانا۔ انسان کا غائب ہو جانا، رات کی تاریکی میں چراغ کے حروف دکھائی دینا اور اسی طرح کی اور بہت سی باتیں کیا عقل کو حیرت میں ڈال دینے والی نہیں ہیں۔

اچھا لو اب تمہارے سامنے صدیوں کے سینہ بسینہ محفوظ چلے آنے والے رازہائے سربستہ کو بے نقاب کرتا ہوں ان کی قدر کرنا اور یاد رہے کہ ان کا لے جا

اور ناجائز فائدہ اُٹھانے کی کوشش نہ کرنا ورنہ ان کے اثرات زائل ہو جائیں گے اور
تمہیں ناکامی و نامرادی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

(۱)

رات کو سانپ ہی سانپ دکھائی دینے کا عمل

منگل کے روز بنولے یعنی کپاس کا بیج نکال کر سانپ کے منہ میں ڈال دو اور
دوسرے روز اُسے بو دو جب اس سے درخت تیار ہو اور اس میں روئی پیدا ہو تو اس
روئی سے بتی بناؤ اور رات کے وقت ارنڈی کے تیل کے چراغ میں اس بتی کو جلاؤ۔
جس گھر میں اس بتی کو جلاؤ گے اس میں سانپ ہی سانپ نظر آئیں گے اور دیکھنے والے
حیران و ششدر رہ جائیں گے۔

(۲)

بچھو ہی بچھو نظر آنے کا عمل

اسی طرح اتوار کے روز بنولے کا بیج مرے ہوئے بچھو کے منہ میں ڈال دو اور
دوسرے روز اس بیج کو نکال کر زمین میں گاڑ دو۔ اس سے جو پودا نکلے اس کی
حفاظت کرو۔ جب اس میں روئی پیدا ہو تو اس سے بتی بناؤ رات کو ارنڈی
کے تیل کے چراغ میں اس بتی کو جلاؤ پھر اس عمل کا کرشمہ دیکھو سارا گھر بچھوؤں
سے بھرا نظر آئے گا۔

(۳)

نیولا ہی نیولا دکھائی دینے کا عمل

منگل کے روز دکھائی کسی نیولے کو مارو اس کے منہ میں کپاس کا بیج ڈال
دو اور دوسرے روز بیج کو ڈال کر زمین میں گاڑ دو اس سے پودا اُگے گا اور درخت
تیار ہوگا جب اس میں روئی پیدا ہو تو اس سے بتی بناؤ اور اس بتی کو ارنڈی کے تیل
میں رات کو جلاؤ گے اس میں تمہیں نیولے ہی نیولے دکھائی دیں گے۔

(۴)

رات کے اندھیرے میں حروف دکھائی دینے کا عمل

منگل کے روز اُلو پرند کو مارو اور اس کے سر میں گھی ڈال کر چراغ جلاؤ اور اس
چراغ سے کاجل بناؤ۔ اس کاجل کے آنکھوں میں لگانے سے تمہیں رات کی تاریکی میں
بھی حروف لکھے ہوئے نظر آئیں گے۔

(۵)

طلسمی تیل بنانے کا عمل

سرسوں کے تیل میں اکولے کا بیج ڈالو اور اس تیل کو ۷ دن دھوپ دکھا کر
حفاظت سے رکھو، یہ تیل تمہیں عجیب و غریب طلسم دکھائے گا۔ اگر تم کمل کے تیل کو
اس تیل سے تر کر کے تالاب میں ڈال دو گے تو اس سے اسی وقت کنول کا پودا تیار
ہو جائے گا اسی طرح تم لوگوں کے دیکھتے ہی دیکھتے آم کی گٹھلی زمین پر گاڑ کر اس سے
آم کا پودا اور اس میں آم پھلتا ہوا دکھا سکتے ہو۔ اس طلسمی تیل میں آم کی گٹھلی تر کر کے

رکھ چھوڑو۔ اس گٹھلی کو زمین میں گاڑ کر پانی دے دو گے تو اسی میں اس کا پودا نکل آئے گا اور پھول بھی دے گا۔

(۶)

آدمی غائب ہو جانے کا عمل

یہ بات بہت عجیب و غریب معلوم ہوتی ہے کہ آدمی موجود ہے اور دکھائی نہ دے لیکن حکمت اور عمل کے ذریعہ نہ کوئی چیز مشکل ہے اور نہ کوئی بات عجیب۔ تم میرے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کر کے دنیا کو یہ طلسم دکھا سکتے ہو کہ انسان موجود رہے اور کوئی اسے دیکھ نہ سکے۔

ارنڈ کے تیل میں الو پرند کی بیٹ حل کر کے اس تیل کا ایک قطرہ جس انسان پر ڈال دو گے وہ لوگوں کو نظر نہ آئے گا۔

(۷)

مکان کے سرخ ہونے کا عمل

یہ بھی کچھ عجیب بات نہیں ہے کہ تم ایک چراغ روشن کر دو اور سارا کمرہ سرخ نظر آنے لگے ہیں تمہیں اس کا بھی عمل بتاتا ہوں۔

گائے کے گھی چراغ میں روشن کرو۔ اس عمل کے مطابق روشنی ہوتے ہی سارا کمرہ سرخ نظر آنے لگے گا۔ اسی طرح تم شنگرف کی بجائے بتی میں بیر بہوٹی کا سفوف لپیٹ کر بھی روشن کر سکتے ہو اور مکان سرخ نظر آ سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بتی تیار کرتے وقت اور چراغ جلاتے وقت تمہارا جسم اور لباس پاک صاف ہونا چاہیے۔

(۸)

کمرے کے سیاہ نظر آنے کا عمل

کمرے کے سرخ دکھائی دینے کا عمل تو آپ نے معلوم کر لیا اب سیاہ نظر آنے کا عمل بھی سیکھ لیں تاکہ اپنے رنگا رنگ کمال کے مظاہرے سے دنیا کو متعجب اور حیرت زدہ بنا سکو۔

صاف ستھری روئی کی بتی بناؤ اور نیل کا باریک سفوف تیار کر کے بتی کے اوپر لپیٹ دو اور چراغ میں بیدانجیر کا تیل ڈال کر بتی کو روشن کرو۔ کمرہ سیاہ نظر آئے گا۔

(۹)

کمرہ سبز نظر آنے کا عمل

اگر آپ یہ چاہیں کہ کمرہ سبز نظر آئے تو اس کے لیے بھی عمل موجود ہے۔

ہڑتال زنگار کو ایک کپڑے میں لپیٹ دو اور چراغ میں تیل ڈال کر اس میں کپڑے کو تر کر کے روشن کر دو تمام مکان ہرا ہرا دکھائی دینے لگے گا۔

(۱۰)

آگ سے ہاتھ نہ جلنے کا عمل

آگ کی ایک چنگاری بھی ہاتھ پر پڑ جائے تو آدمی تڑپ اٹھتا ہے لیکن میں ایک ایسا عمل بتاتا ہوں کہ آگ کا انگارہ بھی لیا جائے تو ہاتھ نہ جلنے پائے۔ عمل اگلے صفحہ پر

پھٹکڑی، سانبھر نمک، مرغی کے انڈے کا چھلکا، پارہ، افیم تیرا، یہ تمام چیزیں برابر وزن لو اور سب کو پیس کر ہتھیلی پر لیپ کرو جب ہاتھ سوکھ جائے تو ہاتھ پر انگارہ اٹھا کر رکھ لو ہاتھ نہ جلے گا۔

(۱۱)

آگ پر چلنے کا عمل

ہاتھ سے آگ اُٹھا لینا یا ہاتھ پر آگ رکھنے سے بڑا کمال آگ پر چلنا ہے عمل کے ذریعے تم دنیا کو یہ کمال دکھا کر حیرت زدہ کر سکتے ہو اور اس سے دولت بھی کمانا چاہو تو کما سکتے ہو جہاں میلہ تماشا ہو رہا ہو تم تھوڑی سی زمین کو کسی چیز سے گھیر کر پردہ کر دو اور دروازے پر بورڈ لگا کر اس کے اندر ننگے پاؤں آگ پر چلنے کا کمال دکھایا جا رہا ہے اور ایک آدمی کو مقرر کر دو جو لوگوں کو یہ تماشہ دیکھنے کی ترغیب دلائے اس طرح سینکڑوں آدمی تمہارا تماشہ دیکھیں گے اور تمہیں خاصی آمدنی ہو جائے گی۔ آگ پر چلنے کا عمل یہ ہے۔

کیلے کی جڑ، بھنگرہ اور مینڈک کی چربی کو ایک برتن میں پیس کر لیپ بنائیے اور اسے پاؤں کے تلوے میں لگا کر آگ پر چلیے۔ آگ سے تلوہ نہ جلے گا۔

(۱۲)

آگ سے منہ نہ جلنے کا عمل

پیپل، مرچ اور سونٹھ خوب اچھی طرح دیر تک چبائیے اس کے بعد منہ میں آگ رکھیں منہ نہ جلے گا۔

(۱۳)

منہ میں جلتے ہوئے لوہے کے رکھنے کا عمل

پہلے شکر کا شربت پیو اس کے بعد خوب اچھی طرح ناگر چبا کر منہ میں جلتا ہوا لوہا رکھیے منہ کو کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

ان عملیات کی بدولت بہت سے لوگ دونوں ہاتھوں سے پیسے سمیٹتے ہیں تم بھی چاہو تو منہ میں آگ رکھنے کا تماشا دکھا کر ذریعہ معاش حاصل کر سکتے ہو۔

◎

چوتھا حصّہ

رتن جوت عمل

قدیم یوگیوں کے گپت تنتر

جن کی بدولت بڑی بڑی جسیم بے جان چیزوں اور جاندار چیزوں کو متحرک کرنا دوسروں کے دلوں کی پوشیدہ بات جاننا، گم شدہ اشیاء و اشخاص کا پتہ لگا لینا نیز سخت اور مہلک امراض کو آناً فاناً دور کر دینا آپ کے لیے کچھ مشکل نہ ہوگا۔ جو باتیں تحریر میں نہیں آ سکتیں جن کو اپنے سینہ میں لے کر کئی باکمال نفوس موت کے

پڑے ہیں ہمیشہ کے لیے روپوش ہو گئے۔ ان باتوں کو آج پہلی مرتبہ عوام میں پیش کر رہا ہوں۔

پہلا سبق

اپنی مرضی کے مطابق غیر ذی روح چیزوں کو حرکت دینا

مشق ایک ناریل لے کر اس کو سیمنٹ کے فرش یا سنگ مرمر کی سطح پر رکھیے اپنے کسی معمول سے کہیے کہ اس پر چڑھ کر بیٹھو مگر اس طرح کے پاؤں ناریل پر رہیں نشست میں ریڑھ کی ہڈی سیدھی رہے، دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو بڑھا کر زمین کا سہارا دیتے ہوئے جسم کو برابر رکھو کسی طرف زیادہ جھکنے نہ پائے۔ اب اس کی آتما ذات کے مرکز پر اپنی مقناطیسی نظر ڈالیے اور حسب ذیل تجویز پر یکسوئی خیالات کیجیے پوری توجہ کے ساتھ یہ الفاظ زبان سے نکالیے۔

جب تک میں ۱۵ اعداد تک گنوں گا۔ ناریل خود بخود دائیں جانب چلنے لگے گا۔

اسی طرح پندرہ پندرہ سیکنڈ کے بعد ایسی آواز سے یہی تجویز دہراؤ کہ آواز سنائی دی جا سکے۔

جب تک میں پندرہ عدد تک پہنچوں گا تم دائیں جانب گھومنے کے لیے مجبور ہو جاؤ گے۔

اور جب وہ ناریل حرکت کرنے لگے تو اپنے معمول کو ہدایت کرو کہ وہ اس حرکت کو روکے نہیں۔ بجائے اس کے اسی حرکت کا مطیع ہو جائے اور بار بار گردش

کرے اور آپ کمال یکسوئی اور مستحکم ارادہ کے ساتھ دوسری جانب اپنی قوتِ ارادی کو حرکت دیں تو وہ ناریل جس پر معمول بیٹھا ہوا ہے دائیں جانب چلنا چھوڑ کر بائیں جانب حرکت کرنے لگے گا۔

اس تماشہ دیکھنے والے کو بڑی حیرت ہو گی اور وہ اسکو جادو سمجھے گا یا ایک غیر قدرتی معجزہ قرار دے گا۔ حالانکہ بہت ہی عام اصول سائنس کے ماتحت واقع ہوتا ہے اس عمل کے ذریعے جسم میں ایک ایسی حرکت پیدا کر دی جاتی ہے جس کی دوسروں کو خبر نہیں ہوتی اور نہ معمول کو اس سے آگاہی ہوتی ہے اس عمل کو کئی آدمیوں پر کیجیے اور آپ دیکھیں گے کہ یہ ہر حالت میں کامیاب ہوتا ہے اس سے معمول کے ہوش و حواس برقرار رکھتے ہوئے اس کے جسم کے طبقہ زیر آگہی میں تحریک پیدا کر دی جاتی ہے۔ ایک مرتبہ طریقہ معلوم ہو جائے پھر آپ تمام ذی حس معمولوں پر اپنا اثر ڈال سکتے ہیں خواہ وہ لوگ کسی قدر بھی شکی مزاج کیوں نہ ہو۔

یہ مشق تنتر ودیا کی ہے اور میں نے اس کے رازوں اور اسکی کارگزاریوں کو دریافت کر کے زمانہ حال کی روحانی زبان میں پیش کیا ہے تاکہ آج کل کے منکروں اور سائنس دانوں کی توجہ اس علم کی طرف مبذول ہو۔

ناریل کی بجائے آپ کوئی دھات کا برتن یا رکابی لے لیں جسکی پیندی محدب ہو۔ ایک چوڑا برتن لو جس کا قطر پندرہ انچ ہو اس کو ہموار فرش پر رکھ دیجیے اپنے معمول کو اس برتن کے اندر کھڑا ہونے کی ہدایت کیجیے۔ پاؤں برتن کے بیچ و بیچ ہوں پورا جسم اس کے وسطی حصے میں متوازن ہو یعنی کسی طرف جھکنے نہ پائے۔ اب دو چھڑیاں اس کے ہاتھ میں پکڑا دیجیے کہ اس کے جسم کا توازن قائم رہے اسی طرح اس کا مرکز کشش برتن کے اندر رہے۔ باہر نہ رہنے پائے اس کو چاہیے کہ ہموار نشست میں کھڑا رہے اب اگر آپ مستحکم ارادہ سے قوت سے مدد لے کر اس کو

دائیں یا بائیں گھومنے یا چکر کرنے کا حکم دیں گے تو معمول کو معلوم ہو گا کہ جس چیز پر اس
کے پاؤں تھمے ہوئے وہ آپ کی مرضی کے مطابق اس کو یعنی معمول کو گھما رہی
ہے۔
اس مشق کا عمل کئی آدمیوں پر کرنے سے معلوم ہو گا کہ اس کا اثر بہت زبردست
ہوتا ہے اور آپ کو ہر حالت میں ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔

دوسرا سبق

جادو کے پہیہ کو متحرک کرنے کا عمل

مشق اپنے معمول سے کہیے کہ دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے اس پنکھا نما پہیہ
(FAN WHEELS) کا دستہ پکڑے۔ یہ پہیہ ہموار سیمنٹ کے فرش یا لکڑی
کی تیار کی ہوئی میز پر رکھنا چاہیے۔ معمول سے کہیے کہ اپنے تمام اعصاب جسمانی
کو بالکل ڈھیلا اور معطل کر دے اور بالکل بے حس و حرکت بیٹھا رہے۔
اب اپنی نظر پہیے پر یکسو کیجیے اور مضبوطی کے ساتھ یہ ارادہ ظاہر کیجیے کہ
پہیہ ضرور بالضرور آگے یا پیچھے کی طرف حرکت کرے گا۔ معمول کو ہدایت ہونی چاہیے
کہ وہ پہیہ کی حرکت کے خلاف زور نہ لگائے۔ اس کو کسی طرح نہ روکے جدھر پہیہ
جائے جانے دے۔ اگر معمول خاموش اور بے حس و حرکت ہے اور آپ کے خیال
میں یکسوئی موجود ہے تو آپ کو یہ دیکھ کر تعجب ہو گا کہ ذرا سی دیر میں پہیے میں حرکت
شروع ہو جاتی ہے اور اس کے بعد ہی رفتہ رفتہ اس قدر زور سے چلنے لگتا ہے
کہ معمول کو اس پر بیٹھنے میں دقت معلوم ہوتی ہے۔ آپ اس پہیے کو جس جانب

چاہیں حرکت دے سکتے ہیں۔ اس مشق کا عمل متعدد آدمیوں پر کیا جا سکتا ہے اور
عمل میں یقیناً کامیابی حاصل ہو گی۔ یہ عمل بجائے خود ایک معجزہ ہے۔
اس مشق میں آپ زبان سے حسب ذیل تجویز اس طرح بیان ہو کہ سب کو
سنائی دے۔
جب میں پچیس تک گنتی گن جاؤں تو تمہارا ہاتھ بالکل سو جائے گا اور تمہارے
دائیں ہاتھ کی رگوں میں ایک برقی مقناطیس کی زبردست لہر دوڑ جائے گی جس سے
وہ پہیہ میرے حسب الحکم آگے خواہ پیچھے ہر طرف حرکت کرنے لگے گا۔ یا یہ اپنے محور
پر ہی گھومنے لگے گا۔ خبردار نہ جسم سے اس حرکت کو روکنے کی کوشش کرنا۔ دماغ سے
مجہول بن جاؤ اور پھر جہاں جدھر پہیہ جائے وہاں تم بھی جاؤ۔
جب آپ کو معلوم ہو کہ معمول نادانستہ طور پر آپ کی خیالی تجویز کے خلاف
کچھ روک تھام کر رہا ہے تو ایسے موقعہ پر مناسب ہے کہ آپ دور سے اسی طرف
ہاتھ پھیرنے کا عمل کریں جدھر پہیے کو حرکت دینا منظور رہے۔
خواہ کتنے ہی معمولوں پر عمل کیا جاوے آپ کو ذرا بھی دقت نہیں ہو گی۔ یہ بھی
ایک قسم کی بے ہوشی ہے جو عالم بیداری میں معمول پر آپ کی قوت ارادی کے ذریعہ
سے طاری ہو جاتی ہے معمونا دانستگی ہی میں آپ کی تجویز قبول کرتا رہتا ہے۔
جب اس طرح لوگوں پر اثر ڈالنے کا راز معلوم ہو جائے تو آپ پہیے کو اور
مختلف صورتوں سے حرکت دے سکتے ہیں۔ مثلاً اس کو حسب مرضی جب چاہے
چلانا اس کے بعد حرکت دینا وغیرہ۔
بہرحال اس کا راز آپ کی قوتِ ارادی میں مضمر ہے جس کو نتیجہ مقصود پر کامل
اور عمیق یکسوئی سے سہارا ملتا ہے۔ اگر آپ کی قوت ارادی مضبوط ہو گی تو آپ بے شمار
معجزے دکھا سکتے ہیں۔ تماشہ بینوں کی تعداد خواہ کتنی ہی زیادہ ہو آپ کو ذرا بھی

پس و پیش نہ ہوگا۔

جادو کے پہیے میں جب کامیابی حاصل ہو جائے تو بچوں کی گاڑی یا پہیہ سائیکل لے کر معمول سے کہو کہ اس کے دوستوں کو پکڑ لے مگر زیادہ کس کر نہ پکڑے اب آپ اپنی قوتِ ارادی سے کام لے کر جس طرف چاہیں گے اس گاڑی کو حرکت دے سکیں گے۔ چند منٹ کے بعد وہ معمول جس پر بیداری کی حالت میں مصنوعی بے ہوشی طاری کی گئی ہے خود بخود آپ کے اثر سے مرعوب ہو جائے گا اس کو اپنی ہستی بالکل ناکارہ معلوم ہوگی اور وہ سمجھے گا کہ بغیر آپ کے کہے سُنے وہ ذرا بھی حرکت نہیں کر سکتا۔ آپ کا جس طرف اور جس طرح جی چاہے گا اس کو نچا سکیں گے۔ یہ تماشا بڑا پُر لطف ہے اور تماشائی اصحاب اس جادو کو دیکھ کر ہنستے ہنستے لوٹ جائیں گے۔ ان گاڑیوں یا تین پہیوں کی سائیکل میں اگر دو دستہ ہوں تو ایک ہی وقت پر دو معمولوں کو تگنی کا ناچ نچا سکتے ہیں۔

ایک معمول دایاں اور دوسرا بایاں دستہ پکڑے گا اس میں نتیجہ نسبتاً جلدی رونما ہوگا اور وہ دونوں معمول ساتھ ہی ساتھ آپ کی قوتِ ارادی پر کے اشاروں پر چلیں گے۔

تیسرا سبق

آئینہ پر بے جان پتھر کو متحرک کرنے کا عمل

مشق ایک بڑا سا آئینہ لیجیے جو تقریباً دو فٹ چوڑا اور تین فٹ لمبا ہو اور اس کے چاروں طرف چوکھٹا لگا ہو۔ آئینہ کے سطح کے بیچوں بیچ ایک پتھر یا شیشہ کی

گولی رکھے کسی معمول کو کہو کہ دونوں ہاتھوں سے آئینہ کو پکڑے اس طرح پکڑے کہ اسکی پشت زمین کی طرف ہو اور رُخ آسمان کی جانب اور پوری توجہ کو گولی پر یکسو کیے آئینہ ہلنے جلنے نہ پائے ایک ہی جگہ قائم رہے کسی طرف کو جھکے اب آپ اس شخص کے سامنے جائیں اور اس گولی یا پتھر پر اپنی مقناطیسی نظر مضبوطی سے جما کر نہایت زور کے ساتھ یہ تجویز کیجئے کہ میں جدھر چاہوں گولی کو چلا سکتا ہوں۔ آپ اپنی ایک انگلی یا گولی یا پتھر کے ایک انچ قریب لے جائیں جس کا سرا گولی کی طرف ہے مگر ایسا کرنے سے قبل آپ کو چاہیے کہ اس پر کچھ ہاتھ پھیرنے کا عمل کر لیں اب معمول کو یہ کہئے کہ آئینہ کو اپنی کمر میں لگائے ہوئے پکڑے رہے اور اس پتھر کی حرکت پر غور کرتا رہے کسی قسم کی حرکت نہ کرے صرف اسکی حرکات پر ہی نظر رکھے آپ دیکھیں گے کہ جدہر جدہر آپ کی انگلی جائے گی اس طرف وہ پتھر یا گولی بھی حرکت کرے گی اس کے بعد اس سے کہئے کہ میں تک گنتی گنوں گا جس سے یہ گولی خود بخود میری مرضی کے مطابق حرکت کرے گی جس طرح ایک لوہے کا ٹکڑا مقناطیس کے ساتھ کھینچتا ہوا چلا جاتا ہے آپ دیکھیں گے کہ جدھر جدھر آپ کی انگلی جائے گی اسی طرف وہ پتھر یا گولی بھی حرکت کرے گی جس سے آپ کا معمول اور سارے ناظرین انگشت بدنداں ہو کر رہ جائیں گے آپ لوگوں کو یہ بتا سکتے ہیں اس تماشہ میں آپ نے قوتِ ارادی سے کام لے کر آپ کی انگلی اور پتھر کے درمیان قوتِ کشش کا اظہار کیا ہے اور اس میں کوئی خاص بات نہیں۔

اس کے بعد آپ ہاتھوں کو چند مرتبہ مقناطیس زائل کرنے کے لیے پھیریں اور پھر پتھر کی طرف انگلی لے جائیں آپ اور آپ کے تماشبین حضرات کو دیکھ کر بڑی حیرت ہوگی جس سے معلوم ہوگا کہ وہ آپ کی انگلی دیکھنے سے ڈرتا ہے۔

ان مشقوں میں علم روحانی کا ایک اصول کام کرتا ہے اور وہ یہ کہ معمول کی توجہ کیسے

ہوجانے سے اس پر عالمِ بیداری ہی میں مصنوعی بے ہوشی طاری ہوجاتی ہے اور ماتحت بے خبری کی طاقتوں سے عامل کو اپنے عملوں میں مدد ملتی ہے۔ اس ماتحت باخبری کے عالمِ بیداری کی حالت میں معمول آپ کی تجویز یعنی آپ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرسکتا وہ آپ کے اشاروں پر چلنے کے لیے مجبور ہو جاتا ہے۔ حالانکہ بظاہر وہ بیدار معلوم ہوتا ہے اس حالت میں وہ معمول ہمیشہ وہی کریگا جو آپ اس سے کرانا چاہیں گے ایک انچ ادھر سے اُدھر نہیں ہٹ سکتا۔

ان مشقوں میں آپ کو چند روز تک متواتر مزاولت کرنے سے کمال حاصل ہوسکتا ہے آپ چاہے جتنے آدمیوں پر اسکی آزمائش کریں کامیابی یقینی ہوگی۔ بعضوں کو تو آپ فوراً زیرِ اثر لے آئیں گے اور بعضوں کو اپنی قوتِ ارادی سے مرغوب کرنے میں کچھ منٹ صرف ہوں گے لیکن یقین رکھیے کہ جلد یا بدیر آپ کو ہر حالت میں ضرور بالضرور کامیابی حاصل ہوگی شکست ہو ہی نہیں سکتی مگر شرط یہ ہے کہ معمول خود ان اسرار سے ناواقف ہو اور وہ آپ کی تجویزوں کے برخلاف مخالف تجویزوں سے کام نہ لیتا ہو۔ بفرضِ محال کسی مخالف سے سابقہ پڑ بھی جائے تو آپ کو ہارنے یا شکست کے اندیشہ سے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ برابر اور لگاتار مضبوطی کے ساتھ اپنی تجویزوں کو جاری رکھنے سے آپ معمول کی مخالفانہ تجویزوں پر بھاری پڑ سکتے ہیں۔ اگر ہمت اور استقلال نہ چھوڑیے گا۔ تو مخالف کی مجال نہیں کہ آپ پر غالب آسکے وہ آپ کا مطیع ہوکر رہے گا۔ بہرحال بددلی کی چنداں کی ضرورت نہیں ہے۔ ایک ماہرِ علم روحانی کی حیثیت سے آپ کو ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ بشرطیکہ آپ مذکورہ بالا اصولوں پر کمال توجہ یکسوئی اور مراقبہ کے ساتھ عمل کریں۔

مختصراً یہی تین چیزیں ہیں جن پر یوگ سادھن مشتمل ہے۔ جو یوگی کامیاب

ہے جس کو اپنے فن میں مہارت ہوچکی ہے وہ انہیں تین دماغی حرکتوں کو عمل میں لاتا ہے جس کو سہارا اسکی زبردست قوتِ ارادی کی تحریک سے ملتا ہے وہ اپنی قوت ارادی یا دماغی طاقت کو نادانستہ طور پر ایک مخصوص شخص کی جانب مائل کرتا ہے اور اسی سے اس کو کامیابی حاصل ہوتی ہے اسی لیے جادوگری کے فن نے آج ایک عالم کو تصویر حیرت بنا رکھا ہے۔ مختصراً وہ ہپناٹزم خواندگی اعصاب (MUSCLE READING) اور ٹیلی پیتھی کے ابتدائی اصولوں کو عمل میں لاتا ہے جو ان لوگوں کی نگاہوں میں سحر اور جادو معلوم ہوتے ہیں جن کے جادو کے ہر ایک عمل کی پشت پر کام کرنے والی قدرتی اور روحانی طاقتوں کے اسرارِ نہانی سے واقفیت نہیں ہے۔

چوتھا سبق

انسان کی ہستی بھی ایک چھوٹی سی دنیا ہے دراصل یہ اس عالم کائنات کی تصغیری صورت ہے اس کے باطن میں بھی وہی تمام طاقتیں کام کررہی ہیں جن پر اس دنیا کا دارومدار ہے۔ یہ طاقتیں بہت لطیف ہوتی ہیں۔ بہ الفاظ دیگر انسان طاقتوں کا خزانہ ہے۔ تمام عالمگیر قدرتی طاقت کسی نہ کسی پہلو سے انسان کے اندر موجود ہے یہ قدرتی ارادہ طاقت کا ایک چھوٹا سا مرکز ہے اسی لیے انسانی ارادہ اور قدرتی ارادہ کے مابین نہایت قریبی تعلق واقع ہے۔ اگر آپ اس قدرتی مرکز کی جانب رجوع ہونے لگیں تو آپ میں قدرتی طاقت اور مقناطیس پیدا ہوسکتی ہے اور اسکی مدد سے روحانی جادوگری میں کمال دکھا کر دنیا کو ششدر بنا سکتے ہیں۔

ہمارے قدیم ماہرانِ فن جادو اور صاحبانِ علم روحانیت کو روحانی مظہروں کو پشت پر کام کرنے والی اس بنیادی طاقت کا پورا علم تھا جس کو وہ ہر وقت یعنی اپنی قوتِ ارادی سے کام لے کر استعمال میں لاتے تھے۔

پانچواں سبق

دو ڈنڈوں کے درمیان مقناطیسی ہزیمت

دس فٹ لمبا ایک بانس لیجیے جس کا قطر ایک انچ ہو۔ اس کے اتنے لمبان کے چار ٹکڑے کیجیے۔ جس سے دس دس فٹ کے لمبے چار بانس کے ٹکڑے نکل آئیں گے ان میں سے دو بانس لے کر روحانی عمل کیجیے۔ ایک بانس (الف ب) ہے اور دوسرا بانس (ج ۔ د) ہے معمول یا اپنے تماشبینوں میں سے کوئی دو آدمی لے کر ان سے کہیے کہ ایک دوسرے کی طرف منہ کر کے دس فٹ کے فاصلے پر کھڑے ہوں ایک معمول کے بائیں ہاتھ کی انگلیوں میں ایک بانس کا سرا (الف) اور دائیں ہاتھ میں دوسرا بانس کا سرا (ج) کو دے دیجیے۔ سرا (الف) کمر کی بائیں جانب لگا کر رکھے اس کے سروں کو مضبوطی سے پکڑنے کی ہدایت کر دیجیے اسی طرح دوسرے آدمی کے دائیں میں ایک بانس کا سرا (ب) اور بائیں ہاتھ میں دوسرے بانس کا سرا (د) دے دیجیے جس کو وہ مضبوطی سے پکڑے رہیں اور یہ سرے کمر کی دونوں جانب چھوتے رہیں اسی طرح آپ نے دو انسانی مقناطیسی بیڑیوں کے حلقہ کو دو متوازی ڈنڈوں سے بند کر دیا ہے۔ اب آپ ان ڈنڈوں سے دائیں یا بائیں جانب دو فٹ کے فاصلے پر کھڑے ہوں اور اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی سے ان متوازی ڈنڈوں کے بیچوں بیچ اشارہ کریں۔ دونوں کے مرکز کی طرف نگاہ جمائیے اور باخبری کے ساتھ اپنی قوت ارادی کو متحرک کر کے یہ حکم دیجیے کہ دونوں ڈنڈے ایک دوسرے کو لپٹ جائیں۔ یعنی بیچ میں جھکیں اور

باہر محراب کی طرف کھینچیں نگاہ جما کر اب بلند آواز سے جس کو سب سُن سکیں حسب ذیل حکم دیں۔

ابھی ابھی آپ دیکھیں گے کہ یہ دونوں ڈنڈے ایک دوسرے سے کھینچ کر رفتہ رفتہ بہت دور ہو جائیں گے اور یہ عمل سیکنڈوں میں آجائے گا۔

آپ کے اتنا کہنے پر یہ ڈنڈے فوراً آپ کے حکم کے مطابق کھچنا شروع ہو جائیں گے۔ معمول کو ہدایت کر دو کہ مرکز پر ڈنڈوں کی جو حرکت شروع ہو اس کو روکے نہیں بلکہ وہ بالکل خاموش اور بے حرکت استادہ رہیں اور ڈنڈوں کو حرکت دیکھا کریں۔ دور سے نظر جمانے اور پاس یعنی ہاتھ پھیرنے کا عمل کریں ڈنڈے فوراً آپ کے حکم کے مطابق حرکت کریں گے اگر آپ کے معمول کافی ذی الحس ہیں تو ان کو فوراً اپنے ہاتھوں اور انگلیوں سے ڈنڈوں کے مرکزی جانب مقناطیسی لہر دوڑتی ہوئی معلوم ہوگی۔ جب ڈنڈے کھینچ کر دور ہو جائیں گے تو معلوم ہوگا کہ مرکز کی جانب خود بخود کھنچتے آرہے ہیں اس کا خیال رکھیے کہ معمول کو حکم تحکمانہ لہجے میں دینا چاہیے۔ مثلاً

حضرات! اب دیکھیے میں پندرہ تک گنتی گنتا ہوں آپ دیکھیں گے کہ گنتی گنتے ہی یہ دونوں غیر ذی روح ڈنڈے میرے حکم حسب الحکم حرکت کرنے لگیں گے گویا کہ ان میں جان موجود ہے۔ اب ان کے مرکز پر غور سے دیکھیے۔

اتنا کہہ کر آپ ہمیشہ اپنی نظر ڈنڈوں کے مرکز پر رکھیے اس میں یہی عمل کامیابی کی کنجی ہے۔ اس مشق اور آئندہ دوسری مشقوں میں اگر بانس دستیاب نہ ہو تو آپ ایسی بید کی چھڑیوں سے بھی کام لے سکتے ہیں جن کا قطر ۳/۸ انچ ہو اور لمبائی ۱۰ فٹ ہو یا دو لوہے کی چھڑیوں سے کام نکل سکتا ہے جن کا قطر ۱/۴ انچ یا اس سے کچھ کم ہو لمبائی ان کی بھی ۱۰ فٹ ہو۔ ان مشقوں کا عمل کئی کئی آدمیوں پر کیجیے اور ان نتائج پر دھیان دیتے رہیں متواتر مشق سے آپ کو کاملیت کے ساتھ کامیاب ہونے

راز معلوم ہو جائے گا اور اس طرح آپ اپنے کام سے حاضرین کو متحیر و ششدر بنا سکیں گے۔

چھٹا سبق

ڈنڈوں کے درمیان مقناطیسی کشش

تجربہ:۔
معمولوں کو اسی طرح کھڑا کیجیے جیسا کہ پچھلی مشق میں بتایا گیا ہے۔ اب حسب ذیل تجویز کیجیے۔

آپ نے دیکھا کہ ابھی میرے کہنے سے دونوں ڈنڈے محراب کی طرح ایک دوسرے سے بڑی دور تک کھینچے ہوئے چلے گئے تھے۔ اب جس وقت میں پندرہ تک گنتی گنوں گا دونوں ڈنڈے ایک دوسرے کی طرف کھنچیں گے اور رفتہ رفتہ پھر اسی صورت میں باہم دیگر متوازی ہو جائیں گے جیسے کہ وہ پہلے تھے۔ اس مرتبہ یہ اندر کی طرف کھنچیں گے اور آخر کار ایک دوسرے سے مل جائیں گے اسی حالت میں ڈنڈے دس سیکنڈ تک رہیں گے اور ایک ڈنڈا دوسرے ڈنڈے کو پار کر جائے گا مگر اس کے بعد پھر دونوں میں پسپائی کا عمل شروع ہو جائے گا جس کا رخ بیرونی ہوگا۔ اب حضرات مرکز کی طرف دیکھیں۔

مذکورہ تجویز صادر کرنے کے بعد آپ اس تماشہ کو دکھانے کے لیے اپنی قوت ارادی کو متحرک کریں یعنی ڈنڈوں کے مرکز کی جانب انگلی سے اشارہ کرکے مطلوبہ نتیجہ پیدا کریں۔ اگر آپ اپنی مقناطیسی قوت کو ڈنڈوں کی طرف مرکوز کر دیں گے تو وہ یقیناً آپ کی تجویز ارادی کے مطابق حرکت کرنے لگیں گے۔ اگر تماشہ دکھانے

میں آپ کو کامیابی حاصل تو بطور ایک ساحر اور جادوگر کے آپ کی شہرت کے آسمان میں اور بھی چاند لگ جائیں گے۔

آپ کو اپنے معمولوں کو ہدایت کر دینا چاہیے کہ وہ ڈنڈوں کی مطلوبہ حرکت کو رد کرنے کے لیے کسی قسم کی کوشش نہ کریں بلکہ کامل خاموشی سے کام لے کر معمول بنے رہیں صرف ان مقناطیسی نتائج کو جو ان کے جسم اور دماغ پر کارگر ہوتے ہیں غور سے دیکھا کریں۔

بعض حالتوں میں ہم نے خود دیکھا ہے کہ معمولوں پر مصنوعی بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور تجربے کے بعد ان پر غنودگی کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں بعض اشخاص تو فوراً ہی سو جاتے ہیں۔

ساتواں سبق

خودنویسی

آپ کو مناسب ہے کہ اس عمل میں حقیقت آگہی کی سچی اور سرگرم خواہش سے کام لیں۔ جب حقیقت یا سچائی کے اس الہامی مرکز سے جو آپ کی ذات میں موجود ہے اطلاعیں موصول ہونے لگیں تو آپ ان کی تردید یا تنسیخ اس لیے نہ کریں کہ ان میں سے اطلاعیں آپ کی معمولی خیالات کے خلاف ہیں بجائے ان کے خاموشی سے انتظار کریں اور پھر انکی تصدیق و آزمائش کریں۔

ذاتی نشوونما کے قواعد

ایک کمرے میں جہاں بالکل سناٹا ہو، روزانہ تیس ۳۰ یا چالیس منٹ تک بیٹھا

کیجیے۔ نشست میں اعضا بالکل ڈھیلے ہوں۔ کسی قسم کا دباؤ کسی حصہ جسم پر نہ پڑے۔ مجہول بن کر بیٹھے لیکن ہاتھ کی انگلیوں میں ایک پنسل پکڑیں اور اس کی نوک ایک کاغذ پر اس طرح رکھیں کہ ذرا بھی دباؤ نہ پڑے۔

شروع شروع میں اس بات کا خیال رہے کہ آپ کی کلائی یا ہاتھ کاغذ سے چھونے نہ پائے۔ جب لکھنے کی حکمت معلوم ہو جائے جو چند روز یا ہفتوں میں آ جاتی ہے تو اپنا ہاتھ کاغذ پر رکھیے۔ آپ دیکھیں گے کہ ہاتھ خود بخود حرکت کرنے اور پیغام لکھنے لگتا ہے۔

جب آپ اس عمل کے لیے بیٹھیں تو اپنے کسی دوست یا بڑے آدمی کا تصور کریں جن سے آپ پیغام حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ جب ہاتھ میں حرکت پیدا ہو اور وہ خود بخود جنبش کرتا ہوا معلوم ہو تو اس کو روکنے کا خیال ترک بھی نہ کریں جس طرح ہاتھ حرکت کرتا ہے کرنے دیں۔

جب کوئی خارجی شخصیت یا روح پیغام دینے والی ہوتی ہے تو وہ پہلے آپ کے دماغ پر اپنے پیغام کے الفاظ کا نقش ڈالتی ہے اس کے بعد آپ کا ہاتھ اس خیال یا لفظ کو تحریر میں لانے کے لیے حرکت کرنے لگتا ہے جو آپ کے دماغ میں موجود ہے۔ اس وقت آپ کو کامل خود اعتمادی سے کام لینا چاہیے کبھی اپنے اختیارات میں شک نہ کیجیے گا۔ شک پیدا ہوا نہیں کہ سلسلہ پیغام رسانی میں ہرج واقع ہو جائے گا اور اس طرح آپ کی ماتحت باخبری کی طاقت ظاہر ہونے سے رک جائے گی۔ تھوڑے عرصہ میں آپ کو اپنے اندرونی اثرات

قلبی کو معرض تحریر میں لانے کی حکمت معلوم ہو جائے گی۔ کثرت مشق سے تحریر کی رفتار بھی تیز ہو جائے گی اور اس قدر تیز ہو جائے گی کہ جس کو دیکھ کر آپ انگشت بدنداں رہ جائیں گے آپ اپنے دل میں یہ خیال مضبوطی سے قائم کرلیں کہ آپ میں جو روح ہے وہ ہمیشہ آپ کو نیک اور شریفانہ پیغام دے گی اور جو کچھ بھی اطلاع بہم پہنچائے گی وہ قطعًا درست ہوگی۔

اگر آپ برابر روزانہ پابندی کے ساتھ اس عمل کی مشق کریں گے تو الہام نویسی کا مرتبہ حاصل ہو جائے گا اور آپ ایسے ایسے پیغامات تحریر کریں گے جن کا کبھی خواب میں شائبہ نظر نہیں آیا ہوگا۔

یہی قواعد آلہ کمیونی کیٹر میں عائد ہوتے ہیں کمیونی کیٹر ول کی شکل ایک تختہ ہے جس میں دو پہیے ہوتے ہیں اور ایک پنسل لگی ہوئی ہوتی ہے اور یہ ان دوستوں یا رشتہ داروں سے پیغام حاصل کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو اس عالم ہستی سے گزر چکے ہیں۔

آٹھواں سبق

تحریر کام

تجربہ :۔ ایک میز پر باریک باریک ریت بچھا دیجیے جسکی تہ ڈیڑھ انچ ہو اور ایک چیرے ہوئے بانس کا ڈنڈا جو تین فٹ لمبا ہو لیجیے ایک پنسل یا ایک چھڑی کا ٹکڑا ڈنڈے کے بیچوں بیچ باندھ دیجیے دو معمولوں کو لیجیے ایک معمول کے ہاتھ میں ڈنڈے کا ایک سرا ایک دوسرے معمول دائیں ہاتھ میں اس کا بایاں سرا دے دیجیے اور اپنے دل میں کوئی شکل یا کوئی خاکہ خود قائم کیجیے اس اثنا میں معمولوں سے کہہ دیجیے کہ وہ بالکل خاموش اور مجہول کھڑے رہیں۔ اعصاب جسمانی میں ذرا بھی تناؤ یا کھچاؤ نہ ہو ان کو بتا دیجیے کہ آپ بحیثیت عامل کسی خاص حروف تہجی یا لفظ یا خاکہ کا تصور دل میں کر رہے ہیں جس کا نقش ان کے اوپر بہت جلد نازل ہوگا اور جسکی وجہ سے معمول کا دایاں ہاتھ اس طرح حرکت کرنے لگے گا کہ پنسل ریت کی سطح سے چھو جائے گی اور اس سے ریت میں وہ حروف یا خاکہ بن جائے گا۔ معمول سے کہہ دیجیے کہ وہ پنسل کی حرکت کے خلاف کوئی مزاحمتی عمل نہ کریں اس کو اپنا کام کرنے دیں اگر آپ کا دھیان پورے طور پر اس پیغام یا خاکہ پر جما ہو گا تو آپ خود اور آپ کے معمول سب یہ دیکھ کر حیرت میں رہ جائیں گے کہ ان کے ہاتھ ادھر ادھر، اوپر نیچے حرکت کر رہے جس سے وہ پنسل آہستہ آہستہ وہی معلومہ لفظ یا خاکہ ریت میں بنا رہی ہے جس کا آپ نے دھیان کیا تھا واقعی یہ عمل ایک معجزہ ہے۔ اگر آپ نے معمولوں کو اس قسم کے پیغام موصول کرنے کی تربیت دیتے ہیں تو پھر حاضرین سے ہر شخص کے ذریعے سے

یہ پیغام حاصل کر سکتے ہیں اور پنسل خود بخود فوراً وہ پیغام لکھ دے گی۔

نواں سبق

پوشیدہ باتیں جاننے کا طریقہ

اس علم میں زیادہ اونچا درجہ محض یہی نہیں ہے کہ تصور کیے ہوئے پیغام کو حاصل کریں بلکہ اگر وہ پیغام سوالیہ پہلو رکھتا ہے تو اس کا اپنی الہامی طاقت کی مدد سے جواب بھی دے دیں جس کے عمل کا طریقہ یہ ہے۔

اپنے حاضرین میں سے ایک شخص کو دے دیجیے اور اس سے کہیے کہ اپنے دل میں سوچے۔ زاں بعد پہلی مشق کی طرح بجائے معمولوں سے کام لینے کے لیے ایسے شخص کو لیجیے جس کو اس تجربہ کا بڑا شوق ہو اور جو پیغام حاصل کرنا چاہتا ہو اس سے کہہ دیجیے کہ ڈنڈے کا ایک سرا اپنے ہاتھ سے پکڑے اور پھر ایک دوسرے معمول کو لے کر اس کے ہاتھ میں دوسرا سرا دے دیجیے دونوں بالکل مجہول اور خاموش بن کر کھڑے رہیں اب اس شخص کو کہیے کہ اپنا سوال یکسو ہو کر دھیان کرے فوراً ہی پنسل ریت پر وہ سوال لکھ دے گی جس کا تصور کیا گیا ہے۔ اب اس شخص سے کہیے کہ کسی اپنے دوست یا اور کوئی روح کا دھیان کرے جس سے وہ سوال کا جواب حاصل کرنا چاہے اس کو خاموشی کے ساتھ دل ہی دل میں اس اسپرٹ یا روح سے التجا کرنی چاہیے کہ وہ سوال کا جواب دینے میں ممد و معاون ہو اور فوراً ہی ہاتھ ہلنے اور اس کے سوال کا جواب لکھنے لگیں گے۔

ہم نے اس مشق کی بارہا آزمائش کی ہے اور ہمیں اس سوال کرنے والے کو

تسلی بخش جواب دینے میں کبھی ناکامیابی نہیں ہوئی جس کو روحانی مشورے یا پیغام یا مدد کی سخت ضرورت تھی۔

الہامی دنیا میں اس قسم کی مشق علم یعنی روحانی طریقہ سے دور کی چیزیں دیکھ لینے کی، یا دور کی آوازیں سن لینے کے علم سے ملتی جلتی ہے اور یہ روحانی دنیا کے رہنے والوں سے سلسلہ پیغام رسانی کا قائم کرنے کا یقینی ذریعہ ہے۔ آخرالذکر عمل میں روحانی طاقت معمولوں کے دماغوں سے صرف ایک ٹیلی فون کے رسیور کا کام لیتی ہے۔

دو حروں کا خیال یعنی یا بندہ پیغام کے دماغ پر اپنا نقش ڈال دیتا ہے اور اس سے برقی اعصاب حرکت پر مائل ہو جاتے ہیں اور پھر اس پیغام یا خیال کو اسی زبان سے لکھ دیتے ہیں جس سے روحانی عامل ان کو حاصل کرنا چاہتا ہے۔ سوالات کا صحیح جواب حاصل کرنے کے لیے دونوں معمولوں کے دماغ اور دل کی باہمی ہمدردی اور شرکت عمل کی سخت ضرورت ہے۔ اس ضروری شرط کو ذہن پر نقش کر لیجیے گا۔

اسی قسم کے اصولوں کا اطلاق کیمونی کیٹر کی مشین اور ہجا بورڈ کے استعمال میں بھی ہوتا ہے جس سے زمانہ حال کے متوسطین اور خود نویس کام لیتے ہیں۔

اسی قسم کی خود نویسی کی مشق ہے ان لوگوں کو ذرا بھی نقصان نہیں ہوتا۔

جن کو تربیت دی جاتی ہے اس سے نہ کسی کی جسمانی صحت کو نقصان پہنچتا ہے قلبی طاقتیں زائل ہوتی ہیں بجائے اس کے اس سے روح یا آتما کی مخفی اور اندرونی طاقتوں کی نشوونما ہوتی ہے اس لیے یاد رکھنا چاہیے کہ اس مشق کا روح اور جسم دونوں سے تعلق ہے پس ہر شخص کو اپنی لطیف مخفی طاقتوں کی ارتقا اور دنیا و عقبیٰ میں اپنی زندگی کی بہتری کے لیے عمل کرنا چاہیے۔ بہشت کی حکومت آپ کی راہ میں موجود ہے۔ دروازہ کھٹکھٹائیں یہ ضرور کھل جائے گا اور آپ اس دولت کے

یے سوال کیجیے اور ضرور بالضرور روح سے آپ کو بہترین حرکات حاصل ہوں گی۔

دسواں سبق

گمشدہ اشیاء کی برآمدگی کا طریقہ

اپنے کسی دوست سے کہیے کہ کمرہ میں کوئی چیز چھپا کر رکھ دے۔ جب چیز چھپائی جا رہی ہو تو آپ اور آپ کے معمول کو مناسب ہے کمرہ کے باہر چلے جائیں۔ جب تجربہ کرنا منظور ہو تو اپنے معمول کو کہیے کہ ہاتھ میں جادو کی چرخی (معمولی پنکھے کی چرخی کافی ہوگی) اپنے ہاتھ میں پکڑے اس کے بعد آپ اپنی مقناطیسی نگاہ اس چرخی کی طرف لگائے رہیے اور دل میں تجویز کیجیے کہ چرخی چلنے لگے چرخی پہلے تو آہستہ آہستہ حرکت کرے گی اور اس کے بعد فرش پر دوڑ جائے گی اور اپنے ساتھ معمول کو بھی کھینچ لے جائے گی اور آخر کار اس جگہ پر یا اسی جانب کو جائے گی جہاں وہ چیز چھپا کر رکھی گئی ہے۔ اس مشق کے درمیان میں نہایت ضروری ہے کہ آپ کے وہ دوست جنہوں نے چیز چھپا کر رکھی تھی اپنی پوری توجہ اسی چیز اور اس جگہ پر مرکوز و یکسو کر دیں گے جہاں وہ رکھی ہوئی ہے۔

اسی اصول کے مطابق ہمارے تنتر کے ماہر مشتبہ آدمیوں کی جماعت میں اصلی مجرم کی تلاش کر لیتے تھے۔ یہ آدمی ایک قطار میں کھڑے کیے جاتے ہیں اور جادو کی چرخی کی بجائے وہ دھات کی ایک چوڑی اور گول رکابی کام میں لاتے ہیں جس کے کنارے معمولی اور بہت ہلکے ہاتھوں سے پکڑتے ہیں اور وہ رکابی معمول کے ساتھ فرش پر چلنے لگے گی اور آخر کار اصلی مجرم کے پاؤں میں کھڑی ہو جاتی ہے تفتیش

مجرم کے اس طریقہ میں اعصاب کی مقناطیسی حرکت کے سائنٹفک اصول سے کام لیا جاتا ہے اور یہ حرکت معمولی کی ایمانی روح کے اشارے سے ہوتی ہے اس حرکت کا نشانہ بالکل ٹھیک پڑتا ہے یہ کوئی فرضی کام نہیں ہے یہ بالکل سائنٹفک طریقہ ہے اور جس طرح دل چاہے اس کی آزمائش کریئے۔ اسی اصول کے تحت ماہر مغربی ماہران علم البرق نے آلہ موسومہ کرائم ڈیٹیکٹر (CRIME DETECTOR) ایجاد کیا ہے جس سے فوراً مجرم پکڑ لیا جاتا ہے۔

گیارہواں سبق

قوت اعصابی سے علاج کرنے کا طریقہ

تجربہ:۔ (مقناطیسی علاج) پہلے صفحات میں کشش پرپانی کے جو مقناطیسی طریقے بیان کیے گئے ہیں ہمارے ملک کے ماہران منتر و دیا کے ذریعے سے عوارض جسمانی کا علاج بھی کرتے ہیں اور ہر قسم کی تکلیف اعصابی مثلاً رگوں کی بے ترتیبی انجماد خون ہاتھ پاؤں میں اماس معدہ کی خرابیاں، بخار، گنٹھیا، باؤ، مارگزید کی خون میں زہر کی پیدائش وغیرہ وغیرہ دفعیہ انہیں روحانی مشقوں سے ہوتا ہے۔

مریض سے کہیے کہ سیدھا کھڑا ہو کر ہاتھ سے دو ڈنڈوں کے دو سرے پکڑے اسی طرح ایک دوسرے تندرست آدمی سے خواہ معمول ہو خواہ غیر معمول ہو کہیے کہ وہ دونوں ڈنڈوں کی دوسری جانب کے سروں کی گرفت کرے۔ اسی طرح ایک مقناطیسی حلقہ بن جاتا ہے آپ بحیثیت عامل ایک یا دو منٹ علیحدہ ہو کر

دور کھڑے ہو جائیں اور اپنے دونوں ہاتھوں سے جن کی انگلیاں پھیلی ہوئی ہوں مسمیرزم کے مقناطیسی پھیرنے کا عمل کیجیے ہاتھ پہلے مریض کے سر کی طرف لے جا کر اور پھر سینہ اور بازو پر اتار لائیں اور وہاں سے ڈنڈوں کے متوازی ہاتھ لے جا کر دوسری طرف دوسرے معمول کے سینے پر سے لے جاتے ہوئے اس کے سر پر لے جائیے پھر ہر عمل کے بعد جھٹک کر یا کیجیے۔ یہ عمل کرتے ہوئے حسب ذیل ضروری تجویز بھی کہتے ہیں۔

دیکھو، تمہاری گندہ اور ناپاک مقناطیس تمہارے جسم سے خارج ہو جائے گی اور اس کی جگہ دوسرے معمول کی صحت بخش اور پاک مقناطیس آ کر لے لے گی اور معمول میں میری تازہ مقناطیس طاقت کی لہر سما رہی ہے تم دونوں معمولوں کو اس لہر کی رفتار اس قدر زیادہ محسوس ہو گی کہ جب تمہاری یعنی مریض کی ناپاک مقناطیس باہر خارج ہو گی تو دونوں ڈنڈے ایک دوسرے سے کشیدہ ہونے لگیں گے اور جب دوسرے معمول کی صحت اور پاک مقناطیس تمہاری ناپاک مقناطیس کو انگلیوں کے راستہ خارج ہونے پر مائل کر دے گی۔ تو ڈنڈوں کی مقناطیسی حرکت منفی ہو جائے گی اور اس کا ثبوت اس بات سے ملے گا کہ کشیدہ ڈنڈے پھر کھینچ کر اپنی اصلی حالت پر آ جائیں گے اور پھر باہم دگر مل جائیں گے دونوں کا آپس میں اتصال ہو جائے گا یہ اتصال تھوڑی دیر تک قائم رہے گا اور اس وقت تمہارے جسم میں ایک نئی طاقت کی لہر دوڑتی دوڑتی ہوئی محسوس ہو گی اور جو کچھ تکلیف تم کو ہے وہ آہستہ آہستہ دور ہو جائے گی۔

اگر آپ یکسوئی سے کام لے کر اسی طرح ہاتھ پھیرنے کا عمل کریں تو پھر مریض اور معمول دونوں کو معلوم ہو گا کہ ایک دوسرے کے جسم میں ایک عجیب مقناطیسی لہر دوڑ رہی ہے اور دو چند تجربوں کے بعد خود کو نہایت تندرست اور توانا محسوس کریں گے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس اصول معالجہ کو جنوبی ہند کے تنتر ودیا کے ماہروں نے پسند کیا تھا اور اس کے ذریعے سے انہوں نے نہایت حیرت انگیز علاج کامیابی کے ساتھ کیا خود ہم نے ایسے متعدد مریضوں کو اس کے ذریعے سے شفایاب کیا ہے جہاں طبی امداد سے کچھ فائدہ حاصل نہ ہوا تھا تنتر ودیا والے السنوں کی بجائے بید کی ٹہنی استعمال کرتے ہیں جو پانچ فٹ لمبی اور بیچ میں سے لمبان کے لحاظ سے دو ٹکڑوں میں کٹی ہوئی ہوتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو یہ بھی پتہ چل گیا ہے کہ سبز بید کی ٹہنی میں کس قدر صحت اور مقناطیس موجود ہے۔ اسی تجربہ کے اصول پر عمل درآمد کر کے ہم نے نامعلوم کتنے مریض اچھے کیے ہیں جن کو مختلف عوارض نے پریشان کر رکھا تھا مثلاً درد سر، نسوں کا درد، گنٹھیا اور مختلف قسم کے درد، نیز معدے کی تکالیف، دل کی دھڑکن وغیرہ وغیرہ

تحفہ پنجتن پاک

مشکل، مصیبت اور پریشانی کے خاتمے کے لیے یہ مفید کتاب علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے، اس جامع اور پُرتاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اورادِ علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب و آزمودہ وظائف، عملیات و تعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے جن میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بھی ہیں ان کے آزمودہ عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی بیماریوں کے فوری اور شافی علاج کے لیے طب کا باب بھی شامل ہے۔ آسیب اور جادو سے بچاؤ کی تدابیر بھی موجود ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی و حاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

طلسماتِ سلیمانی

جملہ پریشانیوں اور مشکلات کے یقینی حل کی ضامن اس کتاب میں اپنی نوعیت کا منفرد اور سریع الاثر عملیات و طلسمات کا خزینہ موجود ہے یہ نادر و نایاب عملیات و طلسمات نہایت تیر بہدف، آزمودہ اور پُرتاثیر ہے

مفتاح العملیات

یہ کتاب معالجات رُوحانی و نقوش قرآنی پر مشتمل اپنی نوعیت کا منفرد تعویذات و عملیات کا خزینہ ہے۔ یہ کتاب مشکلات و پریشانیوں کے خاتمے کے لیے بہترین معاون ہے، اس کتاب کو وظائف و عملیات اور تعویذات کے علاوہ دیگر مفید علوم مثلاً علمِ کیمیا، علمِ طب، علمِ قیافہ، علمِ رمل، علمِ الاعداد، علمِ نجوم، پتھروں اور نگینوں کے خواص فالنامہ اور خواب نامہ سے بھی مزین کیا گیا ہے۔ آسیب سے نجات اور مختلف امراض کا نہایت شافی علاج وظائف و عملیات و تعویذات کے ذریعے سے اس کتاب میں درج کر دیا گیا ہے۔

تحفہ درویشی

اس کتاب میں رُوحانی عملیات کا ایک ایک عمل تسکین روح کے لیے نورِ ہدایت ہے اِس نسخہ جلیل میں وظائف وعملیات وتعویذات کا گراں مایہ ذخیرہ موجود ہے۔ یہ مخزنِ عظیم نسخہ، معالجاتِ روحانی ونقوش قرآنی پہ محیط ہے درحقیقت یہ اولیائے کرام کے پُر تاثیر عملیات کا تیر بہدف خزینہ اسرار ہے۔ رُوحانی پاکیزگی کا یہ نادر اور بے مثال مجموعہ صدقِ دِل سے عمل کرنے والوں کے لیے ایک نعمتِ عظمہ ہے۔

تحفہ پنجتن پاک

مشکل، مصیبت اور پریشانی کے خاتمے کے لیے یہ مفید کتاب علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے، اس جامع اور پُر تاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اورادِ علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب وآزمودہ وظائف، عملیات وتعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے جن میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بھی ہیں ان کے آزمودہ عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی بیماریوں کے فوری اور شافی علاج کے لیے طب کا باب بھی شامل ہے۔ آسیب اور جادو سے بچاؤ کی تدابیر بھی موجود ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی وحاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

تحفہ فقیری

اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود وہ مخفی خزینہ جو عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں ہے موجود ہے عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اولیاء کرام بزرگانِ دین مشائخ عظام وعلماء کرام سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے مشکلات وپریشانیوں کے خاتمے کے لیے فوری اثر دکھاتا ہے اور ہر حاجت روائی کے لیے بہت ہی خوب ہے

اسرار رحمانی

خواص وفوائد قرآن مجید، فضائل ومحامد فرقان حمید، بسم اللہ سے لے کر سورۃ والناس تک اعمال واوراد، مسائلِ نقوش وتعویذات، خواص حروفِ مقطعات، ہر ہر حرف کے اسرار۔ حروفِ نورانی کے کرشمے، اسماء الحسنیٰ کے خاص اعمال، اسمِ اعظم کی برکات اور بزرگوں کے خاص وظیفے، ہفتہ کے ہر دن کا الگ الگ حرف اور اسمِ اعظم وموکل وخادم، اسماءِ اعظم سے دُعائیں، مانگنے کے طریقے، اسماء الحسنیٰ کے نمط اور نو لطائف، آیت کریمہ شریفہ کے اعمال، ہر سُورت کے متعلقہ دُعائیں اور دیگر اسرار۔

تحفہ پنجتن پاک

مشکل، مصیبت اور پریشانی کے خاتمے کے لیے یہ مفید کتاب علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے، اس جامع اور پُر تاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اورادِ علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب وآزمودہ وظائف، عملیات وتعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے جن میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بھی ہیں ان کے آزمودہ عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی بیماریوں کے فوری اور شافی علاج کے لیے طب کا باب بھی شامل ہے۔ آسیب اور جادو سے بچاؤ کی تدابیر بھی موجود ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی وحاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

تحفہ دستگیری معہ قصیدہ بُردہ شریف

اس کتاب میں قرآنی دُعاؤں کے فضائل، نقوشِ قرآنی اور اُن کے اثرات وثمرات رُوحانی علاج، عملیاتِ قرآنی منزل وقصیدہ بردہ شریف اور اوقات الصلوٰۃ دیے گئے ہیں۔ جو ہر ایک کی حاجت روائی کے لیے مفید ہیں

تحفہ مشکل کُشا

یہ مجرب اسرارِ مخفی وظائف، عملیات وتعویذات کا مخزنِ عظیم نسخہ اولیاء اللہ کی مشہور نایاب و نادر کتابوں اور قدیم قلمی نسخوں سے ماخوذ ہے جو کہ حل المشکلات اور حاجت روائی کے لیے تیر بہدف آزمودہ اور پُر تاثیر ہے۔

تحفہ پنجتن پاک

مشکل، مصیبت اور پریشانی کے خاتمے کے لیے یہ مفید کتاب علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے، اس جامع اور پُر تاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اورادِ علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب و آزمودہ وظائف، عملیات وتعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے جن میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بھی ہیں ان کے آزمودہ عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی بیماریوں کے فوری اور شافی علاج کے لیے طب کا باب بھی شامل ہے۔ آسیب اور جادو سے بچاؤ کی تدابیر بھی موجود ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی و حاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

تحفہ فقیری

اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود مخفی خزینہ جو عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں ہے موجود ہے عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اولیاء کرام بزرگان دین مشائخ عظام وعلماء کرام سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے مشکلات و پریشانیوں کے خاتمے کے لیے فوری اثر دکھاتا ہے اور ہر حاجت روائی کے لیے بہت ہی خوب ہے

تحفہ پنجتن پاک

مشکل، مصیبت اور پریشانی کے خاتمے کے لیے یہ مفید کتاب علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے، اس جامع اور پُر تاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اورادِ علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب و آزمودہ وظائف، عملیات وتعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے جن میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بھی ہیں ان کے آزمودہ عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی بیماریوں کے فوری اور شافی علاج کے لیے طب کا باب بھی شامل ہے۔ آسیب اور جادو سے بچاؤ کی تدابیر بھی موجود ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی و حاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

تحفہ فقیری

اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود مخفی خزینہ جو عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں ہے موجود ہے عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اولیاء کرام بزرگان دین مشائخ عظام وعلماء کرام سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے مشکلات و پریشانیوں کے خاتمے کے لیے فوری اثر دکھاتا ہے اور ہر حاجت روائی کے لیے بہت ہی خوب ہے

جنّات جادو اور آسیب کا مکمل علاج

قرآن وحدیث اور شریعت مطہرہ کے مستند اور صحیح ترین حوالوں کے علاوہ جدید سائنسی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس جامع معلوماتی معالجاتی کتاب میں جنات، پری، خبیث روحوں پچھل پیری، شیاطین اور ہر قسم کے جادو (سحر) آسیب سے مکمل بچاؤ کے لیے تیر بہدف مؤثر، مجرب وظائف، عملیات و تعویذات شامل ہیں۔ علاوہ ازیں عجیب وغریب مخلوق کے حملوں و فتنوں سے بچنے کی مؤثر تدابیر بھی شامل ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ پریشان حال لوگوں کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بوسیلہ محمد ﷺ مشکل کشا

قرآن وحدیث اور دیگر آسمانی کتب وصحائف اور جید علماء کرام کی علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس جامع ترین کتاب میں اسم محمد ﷺ کے وسیلہ جمیلہ سے دنیا وآخرت کی تمام مشکلات کا حل موجود ہے۔

تحفہ فقیری

اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود وہ مخفی خزینہ جو عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں ہے موجود ہے عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اولیاء کرام بزرگان دین مشائخ عظام وعلماء کرام سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے مشکلات و پریشانیوں کے خاتمے کے لیے فوری اثر دکھاتا ہے اور ہر حاجت روائی کے لیے بہت ہی خوب ہے

طلسماتِ سلیمانی

جملہ پریشانیوں اور مشکلات کے یقینی حل کی ضامن اس کتاب میں اپنی نوعیت کا منفرد اور سریع الاثر عملیات و طلسمات کا خزینہ موجود ہے یہ نادر ونایاب عملیات وطلسمات نہایت تیر بہدف، آزمودہ اور پُر تاثیر ہے

کمالاتِ سُلیمانی (کامل)

ستاروں اور برجوں کی تاثیرات، ساعت سعد ونحس، سنکرانت معلوم کرنے کا قاعدہ لگن دریافت کرنے کا قاعدہ۔ بُروج کے منسوب جاننے کا قاعدہ۔ جدول منسوبات سیارگان، سبع سیاروں کی گردش سے ساعت نیک و بد معلوم کرنا۔ بُروج کی خاصیتیں جاننا۔ دائرہ تاریخہائے سعد ونحس، فتوح تسخیر امراد سلاطین کے عملیات کی شرطیں۔